فیضانِ سنّت جلد 3 کے دو حصے

# 1 گفتگو
## کے آداب

# 2 فضول
## باتوں سے بچنے کی فضیلت

صفحات: 160


- 80 فی صد گناہ زبان سے ہوتے ہیں 18
- حضرت لقمان حکیم کے بارے میں معلومات 111
- بولنے سے پہلے تولنے کا طریقہ 117
- فضول باتوں سے بچنے کے 25 واقعات 131



شیخ طریقت، امیر اہل سنّت، بانی دعوت اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال

محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

# یاد داشت

دورانِ مُطالعہ ضَرورتاً انڈر لائن کیجئے ، اِشارات لکھ کر صَفْحَہ نمبر نوٹ فرمالیجئے ۔ اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم عِلْم میں ترقّی ہوگی ۔

| عُنْوان | صَفْحَہ | عُنْوان | صَفْحَہ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |



www.dawateislami.net

| عُنوان | صَفحہ | عُنوان | صَفحہ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

فیضانِ سُنّت جلد 3 کے دو حصّے

# 1 گُفتگُو کے آداب

# 2 فُضُول باتوں سے بچنے کی فضیلت

مُؤَلِّف

شیخِ طریقت، امیرِ اَہلِ سُنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابوبلال
مُحَمَّد اِلیاس عَطّارؔ قادِری رَضَوی دامت برکاتہم العالیہ

ناشِر: مکتبۃُ المدینہ کراچی



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖن، اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.


نامِ کتاب : گُفْتگُو کے آداب

مؤلّف : شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا
ابو بلال محمد الیاس عطّار قادِری رضوی دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه

پہلی بار : ذوالحجہ ۱۴۴۳ھ، جولائی 2022ء تعداد: 25000 (پچیس ہزار)

ناشر : مکتبۃُ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی۔


## مکتبۃ المدینہ کی بعض شاخیں

| | | |
|---|---|---|
| 01 | کراچی: فیضانِ مدینہ پرانی سبزی منڈی | فون: UAN: +92 21 111 25 26 92 |
| 02 | لاہور: داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ | فون: 92 312 4968726 |
| 03 | فیصل آباد: امین پور بازار | فون: 041-2632625 |
| 04 | میرپور کشمیر: فیضانِ مدینہ چوک شہیداں میرپور | فون: 05827-437212 |
| 05 | حیدر آباد: فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن | فون: 022-2620123 |
| 06 | ملتان: نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ | فون: 061-4511192 |
| 07 | راولپنڈی: فضل داد پلازہ کمیٹی چوک اقبال روڈ | فون: 051-5553765 |
| 08 | نواب شاہ: چکرا بازار نزد MCB بینک | فون: 0244-4362145 |
| 09 | سکھر: فیضانِ مدینہ، مدینہ مارکیٹ بیراج روڈ | فون: 0310-3471026 |
| 10 | گوجرانوالہ: فیضانِ مدینہ شیخوپورہ موڑ | فون: 055-4441616 |
| 11 | گجرات: مکتبۃ المدینہ فوارہ چوک | فون: 0333-6261212 053-3512226 |

التجا: کسی اور کو یہ کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔



www.dawateislami.net

| عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **گُفتگو کے آداب** | 13 |
| دُرُود شریف کی فضیلت | 13 |
| بات چیت میں آواز بُلند کرنے کی مَذَمَّت | 13 |
| نرم آواز سے بات کرنا سُنَّت ہے | 13 |
| مُشرِکینِ عرب اُونچا بولنے کو فخر سمجھتے تھے | 14 |
| گدھا کیوں بولتا ہے؟ | 14 |
| زور سے چھینکنا بھی مکروہ ہے | 14 |
| ملنے والے کی طرف چِہرہ رکھئے | 15 |
| گُفتگو سمجھ میں آئے ایسا انداز ہونا چاہئے | 15 |
| سرکار صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی مُبارک گفتگو آسان ہوتی | 15 |
| سرکار صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم بات تین بار دہراتے | 16 |
| گُفتگوئے مصطَفٰے | 16 |
| مُشکل زَبان بولنے والا وزیر (چٹکلا) | 16 |
| سب سے زیادہ جہنَّم میں لے جانے والی دو چیزیں | 17 |
| وہ جنَّتی ہے، کون؟ | 17 |
| جنَّت کی ضَمانت | 18 |
| 80٪ گناہ زَبان سے ہوتے ہیں | 18 |
| زَبان سے تمام اعضا کی اِلتجا | 18 |
| اجتماعی اِعتِکاف اِصلاح کا ذریعہ بن گیا | 19 |
| آر پار نظر آنے والے اُونچے اُونچے جنّتی مکانات | 20 |
| اچھی بات صَدَقہ ہے | 20 |

| عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| صَدَقہ یعنی؟ | 20 |
| نیکی کی دعوت فوراً دیجئے | 21 |
| سرکار صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے قریب اچھے اَخلاق والے ہوں گے | 21 |
| ''اچّھے اخلاق'' کسے کہتے ہیں؟ | 21 |
| سب سے زیادہ نقصان دہ چیز | 22 |
| کان شیشے کی طرح اور فُضُول کلام پتّھروں کی مانند ہے | 22 |
| زَبان میں ہڈّی نہیں مگر ہڈّیاں تُڑوا دیتی ہے | 22 |
| کسی کو گدھا یا خنزیر کہنا | 22 |
| مسلمان کو بُرے لقب سے پکارنا گناہ ہے | 23 |
| فرشتے لعنت بھیجتے ہیں | 23 |
| بچّوں سے بھی سچ بولئے | 24 |
| حضرت عبدُاللہ بن عامِر کا ذِکرِ خیر | 24 |
| مال و مکان دونوں رکھ لو (واقِعہ) | 25 |
| ماں باپ کے نافرمان کی اِصلاح کیسے ہوئی؟ | 25 |
| بچّوں کو جھوٹا بہلاوا دینا | 26 |
| بچّوں کو پُھسلانے کیلئے محتاط طریقہ اختیار کیجئے | 27 |
| زَبان سنبھالنے والے کے عمل بھی سنبھل جاتے ہیں | 27 |
| مَذاق میں جھوٹ بولنے والے سے سرکار صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ناراضی | 27 |
| جہنَّم کی گہرائی میں گرتا ہے | 27 |
| کامیڈین مُتَوَجِّہ ہوں! | 28 |
| کامیڈی شو کا مسئلہ | 28 |

| عُنوان | صفحہ نمبر | عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| آخرت کے کام میں جلدی کرنی چاہیے | 29 | فُحش بات کی تعریف | 38 |
| اچھا بولنا توفیقِ الٰہی اور۔۔۔ | 29 | 8مَدَنی پھول | 39 |
| الفاظ کی حفاظت کرو! | 29 | دنیا و آخرت میں کام آنے والی 15 باتیں | 40 |
| دوسروں کے پاس بھی زَبانیں ہیں | 30 | نصیحتوں بھری 50 دلچسپ باتیں | 42 |
| اُس بات میں کوئی بھلائی نہیں | 30 | زَبان کے مُتَعلِّق 19 عَرَبی مُحاوَرے (مَع اردو ترجَمہ) | 46 |
| اچھے انداز پر پکار کر ثواب کمایئے | 30 | 11 اردو مُحاوَرے (مَع معانی) | 47 |
| کسی کے پُکارنے پر جواباً لَبَّیْک کہنا | 30 | گُناہوں کی عادتوں سے توبہ نصیب ہوگئی | 48 |
| مَذاق کرنے والا نظروں سے گر جاتا ہے | 31 | **فضول باتوں سے بچنے کی فضیلت** | **51** |
| آپس میں نفرت کا ایک سبب | 31 | کثرت سے دُرود شریف پڑھنا کام آگیا | 51 |
| ہنسی مذاق سے دُشمنی پیدا ہوتی ہے | 31 | اللہ پاک کو فُضول باتیں ناپسند ہیں | 52 |
| گُناہِ کبیرہ کی تعریف | 32 | آیتِ مبارکہ کی تفسیر | 53 |
| خود پسندی کی تعریف | 32 | بے کار باتوں سے بچنے کی ترغیب | 53 |
| 70 سال کے اعمال برباد | 33 | نَجات کیا ہے؟ | 53 |
| گُناہ سے بھی بڑا جُرم | 33 | زَبان کی حفاظت کرنے کی ضَرورت اور اس کے فوائد و نُقصانات | 54 |
| خود پسندی کی اہم وضاحت | 33 | کھجوروں کا تھال (واقِعہ) | 54 |
| خود پسندی کا ایک مُجَرَّب علاج | 34 | لوگ کہیں تمہارے دانت نہ توڑ دیں | 54 |
| خود پسندی کے آٹھ اسباب وعلاج | 35 | ایک فُضول سُوال کی انوکھی سَزا (واقِعہ) | 55 |
| بگڑا ہوا نوجوان سُدھرنا شُروع ہو گیا | 36 | دوزخ کا عذاب کوئی برداشت نہیں کرسکتا | 55 |
| فُحش گوئی کے بارے میں 4 فرامینِ مصطفٰے صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم | 37 | بھاری اَعمال | 55 |
| گندی زَبان خطرناک بیماری ہے | 38 | آدمی کی خوبصورتی کیا ہے؟ | 56 |
| کُتّے کی شَکل والا | 38 | آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نصیحت | 56 |




www.dawateislami.net

| عُنوان | صفحہ نمبر | عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| دُعائے مصطفےٰ | 56 | اللہ پاک سے زَبان کی تیزی کی شکایت | 67 |
| اللّٰہُ ربُّ الْعزت کی نظرِ عنایت پھر جانے کی عَلامت | 57 | ہمیں زَبان سے باہَر مت نکال | 67 |
| فُضول بولنے والے کے گُناہ سب سے زیادہ | 57 | زَبان کو قید ہی میں رہنا چاہئے | 68 |
| حضرت عبدُاللّٰہ ابن ابی اوفٰی کا ذِکرِ خیر | 57 | زَبان کی حفاظت سے عِبادت پر اِستِقامت ملتی ہے | 68 |
| زکوٰۃ دینے والے کے لیے دُعا | 57 | فُضول بات پر خود کو سَزا (واقِعہ) | 68 |
| صَحابیِ نبی سے امام ابوحنیفہ کی مُلاقات | 58 | سخت گرمی کا روزہ برداشت مگر۔۔۔ | 69 |
| فُضول بات کسے کہتے ہیں؟ | 58 | زَبان حفاظت کی زیادہ حق دار ہے | 69 |
| خاموشی فِکرِ آخرت سے خالی ہو تو غفلت ہے | 59 | روزی میں تنگی کا ایک سبب | 70 |
| غفلت کسے کہتے ہیں؟ | 59 | اللہ پاک تمام باتیں سُنتا ہے | 70 |
| مجھے تم پر غفلت کا خوف ہے | 60 | اگر فُضول باتیں کرنے پر رقم دینی پڑتی تو؟ | 70 |
| بلکہ نَمازیں قضا ہونے پر رو رہا ہوں | 60 | ہر بات فِرشتے لکھتے ہیں | 70 |
| روتا ہوا داخِلِ جہنَّم ہوگا | 61 | فُضول گفتگو کے مُتعلِّق ایک واقِعہ | 71 |
| بُزُرگ نے خواب میں بِشارت دی | 61 | سات مَدَنی پھولوں کا ”فاروقی گلدستہ“ | 72 |
| بولنے اور چُپ رہنے کی دو قسمیں | 63 | فُضول باتوں کا حِساب بہت لمبا ہوگا | 72 |
| زَبان کی حفاظت نہ کرنے والے پر شیطان غلبہ پالیتا ہے | 64 | نہ بول، نہ مصیبت میں پڑ | 72 |
| شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار | 64 | بولنے والے کی عقل کا اندازہ ہو جاتا ہے | 73 |
| صدِّیقِ اکبر منہ میں پتّھر رکھ لیتے | 65 | بازاری گفتگو کرنے والے کو نصیحت | 73 |
| 40 برس تک خاموشی کی مَشق (واقِعہ) | 65 | دعوتِ اسلامی نے نمازی بنا دیا | 73 |
| گفتگو لکھ کر اُس کا جائزہ لینے والے تابِعی بُزُرگ | 65 | زَبان گویا حملے کیلئے تیار شیر | 74 |
| بات چیت کے جائزے کا طریقہ | 66 | پھاڑ کھانے والا درندہ | 74 |
| اعمال کا جائزہ | 67 | مال کی حفاظت آسان ہے مگر زَبان.... | 74 |




www.dawateislami.net

| عُنْوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| عاشِقوں کی 6 نِشانیاں | 75 |
| جَہالت کی 6 نشانیاں | 75 |
| فالتو باتوں کے چار لرزہ خیز نُقصانات | 76 |
| خاموشی سیکھو | 77 |
| عِبادت کی شُروعات خاموشی سے | 78 |
| خاموشی عِبادت کی چابی ہے | 78 |
| پانچ بہترین نصیحتیں | 78 |
| خاموشی کی فضیلت پر چار فرامینِ مصطَفٰے | 79 |
| ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر | 79 |
| بھلائی کی بات کرو یا چُپ رہو | 80 |
| آقا طویل خاموشی والے تھے | 80 |
| افسوس! تلاوت سُن کر بہت سے لوگ اٹھ گئے | 81 |
| تِلاوت سننے کا شوق | 81 |
| ایک آیت سننے کی فضیلت | 81 |
| تِلاوت میں 20 برس مَشقّت اُٹھائی | 82 |
| جنّت درکار ہو تو خیر کے سِوا کچھ زَبان سے مت نکالو | 82 |
| گُناہوں سے سچّی توبہ کرلی | 83 |
| خاموشی ایمان کی سلامَتی کا ذَرِیعہ ہے | 84 |
| جنَّتی ہونے کا راز (واقِعہ) | 84 |
| ہر صَحابی نبی جنّتی جنّتی | 85 |
| تمام صَحابہ جنّتی ہیں | 86 |

| عُنْوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| زیادہ کھانا بھی زیادہ بولنے کا ایک سبب ہے | 87 |
| بِغیر بُھوک کے کھانے والا باتُونی ہوتا ہے | 87 |
| تلوار کا زَخم بھر جاتا ہے مگر زَبان کا زَخم نہیں بھرتا | 87 |
| زَبان کو قَید کرکے رکھو | 87 |
| جو بات دو ہونٹوں میں نہ سَمائی اب وہ کہیں نہ سَمائے گی | 88 |
| گھر کی بات باہر کرنے والا کم ذات ہوتا ہے | 88 |
| بعض اوقات تو ایسی بات مُنہ سے نِکل جاتی ہے کہ...... | 89 |
| وہ بے فائدہ کم بولے گا | 89 |
| زبان کا پِھسلنا پاؤں کے پھسلنے سے زیادہ خطرناک ہے | 89 |
| نہ جانے کون سی گھڑی قبولیت کی ہو | 90 |
| فُضُول بولنے والے کی قِیامت میں پانچ جگہ پریشانی | 90 |
| خاموشی میں سات ہزار فائدے ہیں | 91 |
| جوانی دیوانی ہے اِس کے شَر سے بچو! | 91 |
| نہ بولنے میں نو گُن | 91 |
| زَبان کی حفاظت سونے چاندی کی طرح کرو | 92 |
| خاموشی ”سونا“ ہے | 92 |
| صاحبِ حکمت کون؟ | 92 |
| کم کلام زیادہ کام | 92 |
| چالیس سال کی راتیں فُضُول باتوں سے پرہیز کیا | 92 |
| نافرمانی کا ایک لَفظ بھی دوزخ میں پہنچا سکتا ہے | 93 |
| بُری صحبت نے برباد کرکے رکھ دیا تھا | 94 |




www.dawateislami.net

| عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بات کو فُضولیات سے پاک کرنے کا بہترین نُسخہ | 95 |
| دُنیوی بات منہ سے نکل جائے تو کچھ ذِکرُ اللہ کر لینا چاہیے | 96 |
| جب رحمت کی توجّہ ہٹا دی جاتی ہے | 97 |
| حُسنِ اَخلاق اور دین کی سمجھ سے محروم | 97 |
| بولنے والا بارہا پچھتاتا ہے | 97 |
| ''بول کر'' پچھتانے سے ''نہ بول کر'' پچھتانا اچّھا | 98 |
| زیادہ بولنے والے کو ندامت اُٹھانی پڑتی ہے | 98 |
| جو تَول کر بولتا ہے فُضول باتوں سے بچ جاتا ہے | 98 |
| کینسر کی مریضہ صِحّت یاب ہوگئیں | 99 |
| کوئی بیماری لاعِلاج نہیں | 99 |
| کینسر کا روحانی عِلاج | 100 |
| بے وُقوف جب تک خاموش رہتا ہے پہچانا نہیں جاتا | 100 |
| آدھی رات تک اگر سورج نہ ڈوبے تو؟ (واقِعہ) | 100 |
| کاش! میں گُونگا ہوتا | 101 |
| کاش! یہ گُونگی ہوتی | 101 |
| گھر اَمن کا گہوارہ کیسے بنے! | 101 |
| سوشل میڈیا کی ایک قابلِ غور پوسٹ | 102 |
| ساس بہو کا جھگڑا نمٹانے کا نُسخہ | 102 |
| خاموشی کی بَرَکت سے دیدارِ مصطفٰے | 103 |
| زَبان کی آفتیں بہت زِیادہ ہیں | 104 |
| عُمر بن عبدالعزیز پھوٹ پھوٹ کر روئے | 104 |

| عُنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حِکایت کی وَضاحت | 104 |
| مُتأثّر کرنے کے لئے بات چیت کے مختلف انداز اختیار کرنا | 105 |
| باتیں بھی زیادہ خطائیں بھی زیادہ | 106 |
| جیسا سَفَر، ویسا زادِ سَفَر ہونا چاہیے | 106 |
| گھر میں سُنّتوں بھرا ماحول بنانے میں خاموشی کا کردار | 107 |
| غیر ضَروری سوالات کی آفات | 108 |
| سیِّدُنا لُقمان حکیم رحمۃُ اللہِ علیہ کی حکمت | 109 |
| خاموشی دانائی ہے (واقِعہ) | 110 |
| بے فائدہ گفتگو کسے کہتے ہیں؟ | 110 |
| حضرت لُقمان حکیم کے بارے میں معلومات | 111 |
| لُقمان حکیم کون تھے؟ | 111 |
| حضرت لُقمان جنّت کے سرداروں میں سے ہیں | 111 |
| حِکمت کی 4 تعریفات | 112 |
| حضرت لُقمان طِبّ (یعنی علاج) کے بھی حکیم تھے | 112 |
| واش روم میں دیر تک بیٹھنے کے نُقصانات | 112 |
| زَبان و دل بگڑ جائیں تو۔۔۔ | 112 |
| فُضول سوالات کی مثالیں | 113 |
| فُضول گو کا جھوٹے مُبالَغے سے بچنا دشوار ہوتا ہے | 114 |
| عَلاقے میں دینی ماحول بنانے میں خاموشی کا کردار | 114 |
| دینی کاموں کیلئے مَدَنی ہتھیار | 115 |
| بے وُقوف بے سوچے بولتا ہے | 116 |




www.dawateislami.net

| عُنْوان | صفحہ نمبر | عُنْوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| زَبان سنبھالو سَب کام سنبھل جائیں گے | 116 | ندامت کا بہت بڑا سبب | 128 |
| پہلے تولو، بعد میں بولو | 116 | وقت تلوار کی طرح ہے | 128 |
| بولنے سے پہلے تولنے کا طریقہ | 117 | سکرات میں تلاوت | 128 |
| چُپ رہنے کا طریقہ | 118 | جب فیضانِ سنّت گھر میں داخل ہوئی | 129 |
| فُضول اشارے کا بھی حساب ہے | 118 | **فضول باتوں سے بچنے کے بارے میں 25 واقِعات** | **131** |
| پہلے ''تولو'' بعد میں ''بولو'' کا فائدہ | 119 | ﴿1﴾ ایسی بات نہ کرو کہ بعد میں معذِرت کرنی پڑے | 131 |
| دَہشت گردیوں کے فُضول تذکرے | 120 | حدیثِ پاک کے دو حصّوں کی شرح | 131 |
| باتُونی شخص کا دِل سَخت ہو جاتا ہے | 120 | ﴿2﴾ ابّو جان! آپ بولتے کیوں نہیں؟ | 132 |
| حضرت امام مالک باتُونی شخص کو سمجھایا کرتے | 121 | ﴿3﴾ خوفِ خدا پانے کا طریقہ | 132 |
| غُنڈا شریف بن گیا | 121 | ﴿4﴾ کوہِ صفا پر کھڑے ہو کر زَبان کو نصیحت کی | 133 |
| گُناہوں کے 7 علاج | 122 | ﴿5﴾ تجھ پر افسوس ہے | 133 |
| جس نیکی کا کرنا مشکل ہو اُس کا ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے | 123 | ﴿6﴾ مجھے خاموش رہنا بولنے سے زیادہ پیارا ہے | 134 |
| فُضول گوئی سے رُک جائیے | 124 | ﴿7﴾ پانی اور ہوا پر چلنے والے 3 بزرگ | 135 |
| جنّت میں افسوس نہ ہوگا | 124 | جنّت میں درخت۔ وباؤں سے حفاظت | 135 |
| قلم کا قط | 125 | ﴿8﴾ منہ میں جیسے کوئی چیز ڈال دی گئی ہو | 136 |
| جنّت میں دَرَخت لگوایئے! | 125 | کاش! لوہے کا دروازہ حائل ہو | 136 |
| دُرُود شریف کی فضیلت | 125 | ﴿9﴾ زَبان پر حکومت | 137 |
| بات کرنے کا دینی یا دُنیوی فائدہ | 126 | اللہ پاک کامیابی دینے والا ہے | 137 |
| سُبحٰنَ اللہ کہنے کہلوانے کی نیّت | 126 | ﴿10﴾ چار علما۔ چار ارشادات | 137 |
| ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر | 127 | ﴿11﴾ چار بادشاہ۔ چار باتیں | 138 |
| اَنمول لمحات کی قدر | 128 | ﴿12﴾ چالیس برس تک نہیں ہنسے | 139 |




www.dawateislami.net

| عُنْوان | صفحہ نمبر | عُنْوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| خوفِ خدا کی فضیلت | 139 | یہ ہے بولنے سے پہلے تولنا | 147 |
| حدیثِ مبارکہ،خوفِ خدا رزق اور عمر میں اضافے کا سبب | 139 | ﴿21﴾ عقل مند گونگا، ناسمجھ باتونی سے بہتر ہے | 148 |
| خوفِ خدا سے کیا مراد ہے؟ | 140 | لوگوں کو اپنے شَر سے بچاؤ | 148 |
| ﴿13﴾ چپ رہنے اور بولنے والے! | 140 | شَر سے بچانے کی فضیلت | 149 |
| ﴿14﴾ نقصان چھپانے کے لئے خاموش رہنے کی تاکید | 141 | جنّت میں لے جانے والے تین اعمال | 149 |
| دوسرے مسلمان کے نقصان پر خوشی ظاہر کرنا | 141 | ﴿22﴾ ہر بے کار بات پر ایک درہم خیرات | 150 |
| ﴿15﴾ خاموشی عقل مندوں کا شیوہ ہے! | 142 | 20 سال تک مسلسل کوشش | 150 |
| غلط مسئلہ بتانا | 142 | کوشش کے متعلق آیتِ قرآنی | 150 |
| جواب دینے سے ڈرنے والوں کی تین مثالیں | 142 | راہِ خدا میں کوشش کرنے والوں کو خوش خبری | 151 |
| ﴿16﴾ عقلمندی دوسرے کی بات نہ کاٹنے میں ہے | 143 | کم ذہین طالبِ علم بہت بڑے امام بن گئے (واقِعہ) | 151 |
| خواہ مخواہ بیچ میں بولنے والا ناسمجھ ہوتا ہے | 143 | بادشاہ اور چیونٹی (واقِعہ) | 152 |
| ﴿17﴾ رازداری کے لئے خاموشی ضروری ہے | 144 | بلّی نے کمال کر دیا! | 152 |
| واٹس ایپ کے پیغامات دوسروں کو بھیجنا | 144 | ﴿23﴾ تُم اپنی خاموشی پر فخر کرنا | 153 |
| کسی کی بات دوسروں کو نہ بتانے کے متعلق دو فرامینِ مصطفٰے | 145 | خاموشی میں کمال ہے | 153 |
| ﴿18﴾ سلامتی چاہئے تو چُپ رہنا ضَروری ہے | 145 | ﴿24﴾ پرندہ بول کر پھنس گیا! | 154 |
| بہت بڑا دھوکا | 146 | ﴿25﴾ ''بہت اَفسوس ہوا'' کہنا | 154 |
| ﴿19﴾ حکمت کیسے آتی ہے؟ | 146 | ''بے حد بخار ہے'' کہنا کیسا؟ | 155 |
| ﴿20﴾ جواب کیوں نہیں دیتے؟ | 147 | | |



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ، اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

# ”پیارے احمد رضا“ کے بارہ حُروف کی نسبت سے اِس کتاب کو پڑھنے کی 12 نیّتیں

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ. مُسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔

(مُعجَم کبیر ج ٦ ص ١٨٥ حدیث ٥٩٤٢)

**دو مَدَنی پھول:**

﴿۱﴾ اَعمال کا دارومدار نیّتوں پر ہے۔

﴿۲﴾ جتنی اچّھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

﴿1﴾ ہر بار حَمد و ﴿2﴾ صلوٰۃ اور ﴿3﴾ تَعَوُّذ و ﴿4﴾ تَسمِیہ سے آغاز کروں گا (اِسی صَفْحَہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عَمَل ہوجائے گا) ﴿5﴾ قراٰنی آیات و ﴿6﴾ اَحادیثِ مُبارَکہ کی زِیارت کروں گا اوران میں بیان کردہ اَحکامات پر عَمَل کی کوشش کروں گا ﴿7﴾ جہاں جہاں ”اللہ پاک“ کا ذاتی یا صِفاتی نام پاک آئے گا وہاں ”پاک“ یا ”کریم“ وغیرہ کلماتِ ثَنا پڑھوں گا اور ﴿8﴾ جہاں جہاں ”سرکار صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم“ کا کوئی بھی ذاتی یا صِفاتی نامِ مُبارَک آئے گا وہاں صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم پڑھوں گا ﴿9﴾ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئی تو عُلَمائے کرام سے پوچھ لوں گا ﴿10﴾ دوسروں کو یہ کتاب پڑھنے کی تَرغیب دلاؤں گا ﴿11﴾ اچّھی نیّتوں کے ساتھ کتاب پڑھنے پر جو ثواب حاصِل ہوگا وہ ساری اُمّت کو اِیصال کروں گا ﴿12﴾ اِس کتاب میں دیئے ہوئے طریقے کے مُطابِق اِس کتاب سے دَرْس دُوں گا۔



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن،
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

# گُفتگو کے آداب

یاربَّ الْمصطفٰی! جو کوئی ''گُفتگو کے آداب'' کے 37 صَفْحات پڑھ یا سُن لے اُسے سُنَّت کے مُطابِق بات چیت کرنا آجائے اور اُس کی بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''بے شک بروزِ قِیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ دُرُود بھیجے۔'' (ترمذی ج۲ ص۲۷ حدیث۴۸٤)

اے عاشقانِ رسول! بے شک آدمی کو بات چیت کرنے کی ضَرورت پڑتی رہتی ہے مگر یہ یاد رہے کہ غیر ضَروری جائز گُفتگو سے بھی خاموشی بہتر ہے۔

## بات چیت میں آواز بُلند کرنے کی مَذمَّت

اللہ پاک پارہ 21 سُوْرَۃُ لُقْمٰن آیت 19 میں ارشاد فرماتا ہے:

وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ﴿۱۹﴾

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ الْعِرفان: اور اپنی آواز کچھ پست رکھ، بے شک سب سے بُری آواز گدھے کی آواز ہے۔

## نرم آواز سے بات کرنا سُنَّت ہے

حضرتِ علّامہ مفتی سیِّد محمد نعیمُ الدّین مُرادآبادی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ اس مُبارک آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: شور مچانا اور آواز بُلند کرنا مکروہ و ناپسندیدہ ہے اور اس میں کچھ فضیلت نہیں ہے، گدھے کی آواز باوُجود بُلند ہونے کے مکروہ (یعنی ناپسندیدہ) اور


www.dawateislami.net

وَحشت انگیز (یعنی نفرت دلانے والی) ہے۔ نبیِ کریم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کو نَرم آواز سے کلام (یعنی بات چیت) کرنا پسند تھا اور سَخت آواز سے بولنے کو ناپسند رکھتے تھے۔ (خزائن العرفان ص ۷۶۲)

## مُشرکینِ عَرَب اُونچا بولنے کو فخر سمجھتے تھے

حضرتِ علّامہ اسماعیل حَقّی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: جب لوگ آپس میں گُفتگو کریں تو ان میں سب سے زِیادہ بُری اور وَحشت ناک (یعنی نفرت دلانے والی) آواز اُس کی ہے جو گدھے کی طرح اُونچی آواز سے بولتا ہے۔ مُشرِکینِ عَرَب اُونچا بولنے کو فَخر سمجھتے تھے، اس آیت میں ان کے اس فَخرِیّہ طریقے کا رد فرمایا گیا۔ (روح البیان ج ۷ ص ۸۷ سے خلاصہ)

## گدھا کیوں بولتا ہے؟

گدھے کی آواز کا تذکرہ ہو رہا ہے تو اس بارے میں ایک معلوماتی روایت پیش کی جاتی ہے۔ چُنانچِہ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: "جب تم مُرغ کی اَذان سُنو تو اللہ پاک سے فَضل کی دُعا کرو کیونکہ وہ فِرِشتے کو دیکھتا ہے۔ اور جب تم گدھے کا رینکنا (یعنی بولنا) سنو تو شَیطان سے اللہ پاک کی پناہ مانگو کیوں کہ وہ شیطان کو دیکھتا ہے۔" (بخاری ج ۲ ص ۴۰۵ حدیث ۳۳۰۳) مَثَلاً یوں کہیۓ: اَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ (تیسیر شرح جامع صغیر ج ۱ ص ۱۰۷)

## زور سے چھینکنا بھی مکروہ ہے

حضرتِ علّامہ اسماعیل حَقّی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ اوپر بیان کی ہوئی آیتِ مُبارَکہ کے تعلُّق سے مزید لکھتے ہیں: اس سے چھینک کا مسئلہ (مَس۔اَ۔لہ) بھی واضِح (یعنی ظاہِر) ہو گیا کہ زور سے چھینکنا مکروہ (یعنی ناپسندیدہ) ہے، اسی لئے حُکم ہے کہ جتنا ممکن ہو آہستہ آواز سے چھینکنے کی کوشش کرے۔ (روح البیان ج ۷ ص ۸۸ ملخصًا) فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: "زور سے چھینکنا شیطان کی طرف سے ہے۔" (عمل الیوم واللّیلۃ ص ۱۱۹ حدیث ۲۶۵) سرکارِ دو عالَم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم مسجِد میں زور کی چھینک کو ناپسند فرماتے۔ (شعب الایمان ج ۷ ص ۳۲ حدیث ۹۳۵۶) حضرتِ علّامہ عبدُالرَّءُوف مُناوی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ اِس حدیثِ پاک کے بارے میں فرماتے ہیں: مَطلب یہ ہے کہ



www.dawateislami.net

مسجِد میں زور سے چھینکنا زِیادہ مکروہ (یعنی سخت ناپسندیدہ) ہے اور مسجِد کے علاوہ کم ۔ (فیض القدیر ج٥ ص٣١١ تحت الحدیث ٧١٥٦)

## مدینہ ۱: ملنے والے کی طرف چہرہ رکھئے

پارہ 21 سُوْرَۃُ لُقْمٰن آیت 18 میں اِرشادِ الٰہی ہے: وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ الْعِرفان: ''اور لوگوں سے بات کرتے وَقْت اپنا رُخسار ٹیڑھا نہ کر۔''

حضرتِ علّامہ سیِّد نعیمُ الدّین مُراد آبادی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ اس مُبارک آیت کی تَفْسیر میں لکھتے ہیں: جب آدمی بات کریں تو انہیں (یعنی جس سے بات کر رہے ہیں ان کو) حَقیر جان کر ان کی طرف سے رُخ پھیرنا، جیسا مُتَکبِّرِین (یعنی مَغْروروں) کا طریقہ ہے، اِختِیار نہ کرنا، غَنی و فَقیر (یعنی امیر و غریب) سب کے ساتھ بَتَواضُع (یعنی عاجِزی سے) پیش آنا۔ (خزائن العرفان ص ٧٦١)

حضرتِ علّامہ اسماعیل حَقّی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ تفسیر روحُ الْبیان میں لکھتے ہیں کہ سلام و کلام اور مُلاقات کے وَقْت بطورِ تَواضُع (یعنی عاجِزی کے طور پر) اپنا پُورا چہرہ لوگوں کے سامنے لائیے، ان سے چِہرہ نہ ہٹائیے اور نہ اس کا کچھ حصّہ چُھپائیے، مُتَکبِّرِین کی عادت ہوتی ہے کہ لوگوں کو ایسے ہی حَقارت کی نِگاہ سے دیکھتے ہیں اور فُقَرا و مساکین کو غُصّے سے دیکھتے ہیں، بَلکہ تمہارے ہاں امیر و غریب دونوں اچھے سُلُوک کے مُعاملے میں بَرابَر ہوں۔ (روح البیان ج٧ ص٨٤)

## مدینہ ۲: گفتگو سمجھ میں آئے ایسا انداز ہونا چاہیے

بازاری انداز میں چِلّا چِلّا کر باتیں کرنے سے بچنا چاہئے کہ رسولِ پاک صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کبھی بھی اِس طرح باتیں نہیں کرتے تھے۔ آپ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی گُفتگو شریف میں آواز نہ زیادہ بُلند ہوتی، نہ اتنی دِھیمی کہ سامنے والے کو سُننے میں دُشواری پیش آئے۔

## مدینہ ۳: سرکار صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی مُبارک گفتگو آسان ہوتی

اُمُّ الْمُؤمنین (یعنی تمام مسلمانوں کی ماں) حضرتِ بی بی عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سرکارِ دو عالَم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم صاف صاف گُفتگو فرماتے، ہر سُننے والا اُسے سمجھ لیتا تھا۔ (ابوداؤد ج٤ ص٣٤٣ حدیث ٤٨٣٩)

## سرکار صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم بات تین بار دُہراتے

خادِمُ النَّبی، حضرتِ سیِّدُنا اَنَس رضی اللہ عنہ سے رِوایَت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم جب کوئی بات فرماتے تو اس کو تین مَرتبہ دُہراتے تا کہ اسے سمجھ لیا جائے۔ (بخاری ج ١ ص ٥٢ حدیث ٩٥)

**شَرحِ حدیث:** ''مِرآت شریف'' میں ہے: یعنی مسائل بیان کرتے وَقت ایک ایک مَسئلہ تین تین بار فرماتے تا کہ لوگوں کے ذِہن میں اُتر جائے، (یہاں) ہر کلام (تین بار دُہرانا) مُراد نہیں۔ (مرآت ج١ ص١٩٤)

## گفتگوئے مصطفٰے

**صِراطُ الْجِنان** جِلد 7 صَفْحَہ 502 پر ہے: سِیرت کی کتابوں میں مَذکور (یعنی بیان کیا گیا) ہے کہ حُضور پُر نور صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم بَہُت تیزی کے ساتھ جَلْدی جَلْدی گُفتگو نہیں فرماتے تھے بلکہ ٹھَہر ٹھَہر کر کلام (یعنی بات چیت) فرماتے تھے اور آپ کا کلام اتنا صاف اور واضح ہوتا تھا کہ سُننے والے اس کو سمجھ کر یاد کر لیتے تھے اور اگر کوئی اَہم بات ہوتی تو اس جُملے کو کبھی کبھی تین تین مَرتبہ فرما دیتے تا کہ سُننے والے اس کو اچّھی طرح ذِہن نشین کر لیں۔ آپ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم بِلاضَرورت گُفتگو نہیں فرماتے تھے بلکہ اکثر **خاموش** ہی رہتے تھے۔ آپ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کو ''جامع کلمات'' کا مُعْجِزہ عطا کیا گیا تھا کہ مُختَصَر سے جُملے میں لَمبی چوڑی بات کو بَیان فرما دیا کرتے تھے۔

## مُشکل زبان بولنے والا وزیر (چٹکلا)

**بولنے** میں اَلفاظ سادہ اور صاف ہونے چاہئیں، مُشکل اَلفاظ اِستِعمال کرنے میں ہوسکتا ہے کہ اگلے پر آپ کی ''زَبان دانی'' کی دھاک تو بیٹھ جائے مگر آپ کہنا کیا چاہ رہے ہیں وہ اُس کی سمجھ میں نہ آئے۔ میری اِس بات کو اِس ''فَرضی چُٹکلے'' سے سمجھنے کی کوشش کیجئے: ایک بار وزیرِ زَراعت و آب پاشی (یعنی MINISTER FOR IRRIGATION) ایک گاؤں کے دورے (یعنی VISIT) پر تھے، کسانوں کا ایک وَفْد (یعنی DELEGATION) ملنے آیا، ان لوگوں نے وزیر سے


www.dawateislami.net

اِجازت لینے کے لئے ایک کِسان کو اَندر بھیجا، وزیر صاحِب نے سر اٹھا کر دیکھا اور پوچھا: ''تمہاری کِشْتِ زار پر اِمسال تقاطُرِ اَمطار ہوا یا نہیں؟'' اَن پڑھ کسان (FARMER) نے جب یہ جُملہ سُنا تو فوراً باہَر نکل آیا اور ساتھیوں سے کہنے لگا: ''وزیر صاحِب تِلاوت فرما رہے ہیں۔''

**اے عاشقانِ رسول!** وزیر صاحِب اگر مُشکِل زَبان نہ بولتے تو کِسان پریشان نہ ہوتا، حالانکہ وہ تِلاوت نہیں تھی، بات ذرا بنا سجا کر پیش کی گئی تھی، وزیر کے جُملے کا معنٰی ہے: ''تمہارے کھیت پر اس سال بارِش ہوئی یا نہیں؟'' لٰہذا جب بھی کسی سے بات چیت کریں یا تقریر و بیان فرمائیں یا مَضمون و کتاب وغیرہ لکھنے کی ترکیب کریں تو سُننے پڑھنے والوں کی سمجھ میں آسکیں ایسے اَلفاظ اِستِعمال کرنے کی کوشش فرمائیں۔

## سب سے زیادہ جہنَّم میں لے جانے والی دو چیزیں

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** زَبان کو قابو میں رکھنا بَہُت ضَروری ہے، بے شُمار لوگ ایسے بھی ہوں گے جو صِرف زَبان کی وجہ سے جہنَّم میں داخِل ہوں گے، حضرتِ سیِّدُنا ابو ہُریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سرکارِ دو عالَم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سے پوچھا گیا کون سا عَمَل لوگوں کو کثرت سے جنَّت میں داخِل کرے گا؟ آپ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: وہ تقویٰ اور اچّھا اَخلاق ہے۔ اور پوچھا گیا: کیا چیز لوگوں کو کثرت سے جہنَّم میں داخِل کرے گی؟ فرمایا: ''دو چیزیں: مُنہ اور شَرم گاہ۔'' (ابن ماجه ج٤ ص٤٨٩ حديث ٤٢٤٦)

## وہ جنّتی ہے کون؟

حضرتِ ابو ہُرَیرہ رضی اللہ عنہ سے رِوایَت ہے کہ مکّی مَدَنی آقا صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''اللہ پاک نے جس کو جبڑوں کے درمِیان اور ٹانگوں کے درمیان والی چیزوں (یعنی مُنہ اور شَرم گاہ) کی برائی سے بچالیا وہ جنَّت میں داخِل ہوگا۔'' (ترمذی ج٤ ص١٨٤ حديث ٢٤١٧)



www.dawateislami.net

## جنّت کی ضمانت

جو اپنے مُنہ اور شَرم گاہ کی حِفاظت کرے یعنی اُن کا خلافِ شَریعت اِستِعمال نہ کرے وہ جنّتی ہے۔ چُنانچہ صحابیِ رسول، حضرتِ سیِّدُنا سَہل بن سَعد رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے، سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''جو مجھے اپنے جبڑوں اور ٹانگوں کے درمیان والی چیزوں (یعنی مُنہ اور شَرم گاہ) کی ضَمانت (GUARANTEE) دے میں اُسے جنّت کی ضَمانت (یعنی گارنٹی) دیتا ہوں۔'' (بخاری ج ٤ ص ٢٤٠ حدیث ٦٤٧٤) یعنی مُنہ اور شَرم گاہ کو شَرِیعت کی مَنْع کی ہوئی چیزوں سے بچانے پر جنّت کا وَعدہ ہے۔

## %80 گناہ زبان سے ہوتے ہیں

دو جبڑوں کے درمیان کی چیز زَبان اور تالُو وغیرہ ہے اور دو پاؤں کے بیچ کی چیز شَرم گاہ ہے یعنی اپنی زَبان کو جھوٹ غِیبت ناجائز باتیں کرنے سے بچائے، اپنے مُنہ کو حرام غِذا سے مَحفوظ رکھے، اپنی شَرم گاہ کو بدکاری کے قریب نہ جانے دے۔ ظاہِر بات ہے کہ ایسا مسلمان مُتَّقی (یعنی پَرہیزگار) ہوگا۔ خَیال رہے کہ تقریباً اَسّی (80) فی صَدی (یعنی زِیادہ تر) گُناہ زبان سے ہوتے ہیں۔ جو اپنی زَبان کی حِفاظَت کرے تو وہ چوری ڈکیتی قَتْل بھی نہیں کرتا، اِنسان جُرم جب ہی کرتا ہے جب وہ جھوٹ بولنے پر آمادہ (یعنی تیّار) ہوجائے کہ اگر پکڑا گیا تو میں اِنکار کردوں گا۔ جھوٹ تمام گُناہوں کی جَڑ ہے۔ خَیال رہے کہ حُضُور (صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم) کی یہ ضَمانت (یعنی گارنٹی) تاقِیامت اِنسانوں کے لیے ہے اور حُضُور (صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم) کی ضَمانت خدا کی ضَمانت (یعنی گارنٹی) ہے۔ (مرآت ج٦ ص ٤٤٧ بتغیر)

## زبان سے تمام اعضا کی التجا

صَحابیِ نبی حضرتِ سیِّدُنا ابوسَعید خُدری رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''جب اِنسان صُبْح کرتا ہے تو اس کے اَعْضا (یعنی بدن کے حِصّے) جُھک کر زَبان سے کہتے ہیں: ہمارے بارے میں اللہ پاک سے ڈر! کیونکہ ہم تجھ سے مُتعلّق ہیں، اگر تو سیدھی رہے گی، ہم بھی سیدھے رہیں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہوگی ہم بھی ٹیڑھے ہوجائیں گے۔'' (ترمذی ج ٤ ص ١٨٣ حدیث ٢٤١٥)



www.dawateislami.net

## اجتماعی اعتکاف اصلاح کا ذریعہ بن گیا

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** اگر ہم نے **زَبان** کا صحیح اِستِعمال کیا تو اس کا جو کچھ فائِدہ ہوگا وہ جِسْم کے سارے اَعْضا (PARTS) پائیں گے اور اگر یہ سیدھی نہ چلی کسی کو گالی وغیرہ دے دی تو زَبان کو کوئی تکلیف ہو یا نہ ہو پٹائی بَدَن کے دیگر اعضا (یعنی حِصّوں) کی ہوگی۔ زَبان کی اِحتِیاط کا ذِہن بنانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے ہر دَم وابستہ رہئے **اللہ** کریم توفیق دے تو ماہِ رَمضانُ الْمبارَک میں **دعوتِ اسلامی** والے عاشِقانِ رسول کے ساتھ اِعتِکاف کی سَعادَت حاصِل کیجئے سُبْحٰنَ اللہ! اِعتِکاف کی بھی کیا خوب بَرَکتیں ہیں! آیئے! ایک **"مَدَنی بہار"** آپ کے گوش گُزار کروں۔ ضِلع مَنڈی بہاؤالدین (پنجاب) کے ایک اسلامی بھائی کی بیان کردہ تفصیلات کے مطابِق وہ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں آنے سے پہلے مَعَاذَاللہ نَشا کیا کرتے تھے، شراب اور چَرَس کی ایسی لَت لگ چکی تھی کہ نَشا آور چیزیں خریدنے کے لئے چوری اور ڈکیتی بھی شُروع کر دی تھی جس کی وجہ سے ان کے گھر، بلکہ علاقے والے بھی پریشان تھے۔ ان کا سُدھرنے کی مَنْزِل کی طرف سَفَر اس طرح شُروع ہوا کہ انہیں رَمَضان کے بَرَکت والے مہینے میں دعوتِ اسلامی کے عاشِقانِ رسول کے ساتھ سنّتِ اِعتِکاف کی سَعادَت حاصِل ہوگئی، اِعتِکاف میں اچّھی صُحبت بھی ملی اور کتاب **"فیضانِ سنّت"** کا مُطالَعہ بھی کرتے رہے۔ کچھ عرصے بعد انہیں "مَنڈی بہاؤالدّین" میں قائم **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی مرکز **"فیضانِ مدینہ"** میں ہونے والے ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کا موقع ملا جہاں اسلامی حُلیے میں موجود عاشِقانِ رسول کی کثیر تعداد دیکھ کر دِل کی حالَت بدلنے لگی۔ ایک ہفتے بعد مُقرَّرہ وَقْت پر یہ پھر ہفتہ وار اجتماع میں پہنچ گئے اور بیان سُننے لگے، بیان میں کچھ ایسا اَثَر تھا کہ ان کے دِل کی دُنیا زیر و زَبر ہوگئی اور یہ اپنے گُناہوں سے توبہ کر کے ہی گھر لوٹے۔ وہ نہ صِرف پانچ وَقْت کی فَرض نمازوں کی پابندی کرنے لگے بلکہ ان کے چہرے پر ایک مُٹّھی داڑھی بھی سج گئی اور ان کا لباس بھی سنّتوں کے سانچے میں ڈھل گیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم انہیں **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی قافِلوں میں عاشِقانِ رسول کے


www.dawateislami.net

ساتھ سفر کرکے نیکی کی دعوت کی دھومیں مچانے کا موقع بھی ملا۔

اِنْ شَآءَاللّٰہ بھائی سُدھر جاؤ گے، مَدنی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف

مَرضِ عصیاں سے چھٹکارا تم پاؤ گے، مَدنی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف (وسائلِ بخشش ص ٦٤٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## آر پار نظر آنے والے اُونچے اُونچے جنّتی مکانات

**مسلمانوں** کے چوتھے خلیفہ، حضرتِ سیِّدُنا مولیٰ علی شیرِ خُدا رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، حُضُورِ اکرم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: جنَّت میں ایسے بالا خانے (یعنی اُونچے اُونچے مکانات) ہیں جن کے باہَری حصّے اَندر سے اور اَندر کے حصّے باہَر سے نظر آتے ہیں۔ ایک اَعرابی (یعنی گاؤں کے رہنے والے صاحِب) نے عَرض کیا: یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم! یہ کس کے لئے ہوں گے؟ آپ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''جو اچّھی گُفتگو کرے، کھانا کھلائے، ہمیشہ روزے رکھے اور رات کو نماز ادا کرے جب لوگ سوئے ہوئے ہوں۔'' (ترمذی ج٣ ص٣٩٦ حدیث١٩٩١)

## اچھی بات صَدَقہ ہے

**اچّھی** بات کرنا چُپ رہنے سے اَفْضَل ہے اور چُپ رہنا فُضُول بات کہنے سے اَفْضَل جب کہ بُری بات کہنا تو بُرا ہی بُرا ہے اور اچّھی بات صَدَقہ ہے، حضرتِ ابوہُرَیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حُضُورِ نبیِ کریم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''اچّھی بات صَدَقہ ہے۔''

(بخاری ج٢ ص٣٠٦ حدیث ٢٩٨٩)

## صَدَقہ یعنی؟

یہاں ''صَدَقے'' سے مُراد ''صَدَقے کا ثَواب ملنا'' ہے۔ **فرمانِ مصطفٰی** صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: ہر بھلائی صَدَقہ ہے۔ (بخاری ج٤ ص١٠٥ حدیث ٦٠٢١) **شَرحِ حدیث:** یعنی صَدَقہ صِرف مال ہی سے نہیں ہوتا بلکہ ہر مَعمولی (یعنی چھوٹی سے چھوٹی) نیکی (بھی) اگر اِخلاص سے کی جائے تو اُس پر صَدَقے کا



www.dawateislami.net

ثواب ملتا ہے حتّٰی کہ مسلمان بھائی سے میٹھی اور نَرم باتیں کرنا بھی صَدَقہ ہے۔ (مراٰت ج۳ص۹۵)

## نیکی کی دعوت فوراً دیجئے

**ایسی کوئی بھی فائِدہ مند بات تَرک نہ کرے** (یعنی اَدھوری نہ چھوڑے) جس کے متعلِّق جانتا ہو کہ حاضرین اُس کیلئے دوسری مجلس (یعنی نَشِسْت) کے محتاج (یعنی ضَرورت مند) ہوں گے (اَلْغَرَض فوراً پُوری بات بتا دے، یہ نہ کہے کہ باقی آئندہ بتاؤں گا) کیونکہ (بتانے والے کا اور جس کو بتانا ہے اُس کے) دوسری مجلس تک زِندہ رہنے کا کوئی بھروسا نہیں۔ (اصلاحِ اعمال ص۳۶۰، الحدیقة الندیة ج۱ ص۹۰)

## سرکار صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے قریب اچھّے اَخلاق والے ہوں گے

**صَحابیِ رسول** حضرتِ سیِّدُنا جابِر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مکّی مَدَنی آقا صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''بیشک تم میں سے مجھے سب سے زِیادہ پیارے اور قِیامت کے دن میرے نزدیک تر وہ لوگ ہوں گے جو تم میں سے زِیادہ اچھے اَخلاق والے ہیں۔ اور تم میں سے مجھے سب سے زِیادہ ناپسند اور قِیامت کے دن مجھ سے زِیادہ دُور وہ لوگ ہوں گے جو بُرے اَخلاق والے ہیں، جو زِیادہ باتیں کرنے والے مُنہ پھٹ، باچھیں کھول کر اور مُنہ بھر کر باتیں کرنے والے ہیں۔'' (شعب الایمان ج ٦ ص ٢٣٤ حدیث ٧٩٨٩)

## ''اچھّے اَخلاق'' کسے کہتے ہیں؟

**حضرتِ** مُفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اس حدیثِ پاک کی شَرح میں فرماتے ہیں: کیونکہ اچھّے اَخلاق والا آدمی اکثر نیک اَعمال زِیادہ کرتا ہے گُناہ اس سے کم سَرزَد ہوتے ہیں۔ دِیانت داری (یعنی اِیمان داری، اَمانت داری، سچّائی)، وَعدہ پُورا کرنا، مُعامَلات (یعنی لین دَین وغیرہ) کا دُرُست ہونا سب ہی خُوش خُلقی (یعنی اچھّے اَخلاق) میں داخِل ہیں۔ اور بدخُلق (یعنی بداَخلاق لوگ) اَکثر بدعَمَل ہوتے ہیں، بدخُلقی (یعنی بداَخلاقی) خود بھی بدعَمَلی ہے اور بَہُت سی بدعَمَلیوں کا ذَرِیعہ۔ جھوٹ، (امانت میں) خِیانت، وَعدہ خِلافی، بدمُعامَلگی (یعنی لین دَین میں ہیرا پھیری وغیرہ) سب ہی بداَخلاقی کی شاخیں (BRANCHES) ہیں۔ (مراٰۃ المناجیح ج٦ص٤٣٦ملتقطاً)



www.dawateislami.net

## سب سے زیادہ نقصان دہ چیز

اے عاشِقانِ رسول! زَبان کی حِفاظَت بہُت ضَروری ہے کیونکہ سب سے زِیادہ فَسادات و نُقصانات اسی سے ظاہِر ہوتے ہیں۔ صَحابیِ رسول حضرتِ سیِّدُنا سُفیان بن عبدُاللّٰہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک بار دَربارِ رِسالت میں عَرض کی: یا رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم! آپ میرے لئے سب سے زِیادہ خَطرناک و نُقصان دہ چیز کسے قَرار دیتے ہیں؟ تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اپنی زَبانِ مُبارک پکڑی پھر فرمایا: ''اِسے۔'' (ترمذی ج٤ ص ١٨٤ حدیث ٢٤١٨)

## کان شیشے کی طرح اور فضول کلام پتھروں کی مانند ہے

حضرتِ علّامہ عبدُالوہّاب شَعرانی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: میں نے شیخ اَفضَلُ الدّین رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کو فرماتے سُنا کہ کان شیشے کی طرح اور فُضُول کلام پتّھروں کی طرح ہے، جب بھی اس شیشے میں پتّھر پھینکے جائیں تو شیشہ ٹوٹ کر چُورا چُورا ہو جائے گا۔ (المنن الکبری ص٥٤٧)

## زبان میں ہڈی نہیں مگر ہڈیاں تڑوادیتی ہے

کہا جاتا ہے: ''زَبان میں ہڈّی نہیں مگر ہڈّیاں تڑوا دیتی ہے، زَبان تلوار نہیں مگر خون بَہا دیتی ہے۔'' کسی نے کتنی خوب صورت بات کہی ہے: ''جِن باتوں پر جھگڑا کر کے لوگ مَنوں مِٹّی تلے جا سوتے ہیں اُن ہی باتوں پر ہلکی سی مِٹّی ڈال کر دُنیا میں پُرسکون زندگی گُزاری جا سکتی ہے۔''

## کسی کو گدھا یا خنزیر کہنا

تابِعی بُزُرگ حضرتِ ابراہیم نَخَعی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شَخص کسی کو گدھا (DONKEY) یا خِنزیر (PIG) کہہ کر پکارے گا تو قِیامت کے دن اُس (پکارنے والے) سے پوچھا جائے گا: بتا! کیا میں نے اسے گدھا بنایا تھا؟ بتا! کیا میں نے اسے خِنزیر پیدا کیا تھا؟

(احیاء العلوم (اردو) ج٣ ص٤٩٤، احیاء العلوم ج٣ ص٢٠٠)



www.dawateislami.net

## مسلمان کو بُرے لقب سے پکارنا گناہ ہے

اے عاشقانِ رسول! مسلمان کو بُرے نام سے پُکارنا بحکمِ قراٰنی مَنْع ہے۔ اللہ پاک پارہ 26 سُوْرَةُ الْحُجُرٰت آیت 11 میں فرماتا ہے: وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ آسان ترجمۂ قرآن کنزالعِرفان: ''اور ایک دوسرے کے بُرے نام نہ رکھو۔''

مَعلوم ہوا مسلمان کا بُرا نام رکھنا مَنْع ہے، مُفَسِّرین کرام نے جُدا جُدا اَلفاظ میں اِس آیت مُبارکہ کی وضاحت فرمائی ہے ان میں سے صِراطُ الْجِنان جلد 9 صَفْحَہ 431 تا 432 سے دو وَضاحتیں پیش خِدمت ہیں: ﴿۱﴾ بَعْض عُلَما نے فرمایا: بُرے نام رکھنے سے مُراد کسی مُسلمان کو کُتّا، یا گدھا، یا سُوَر کہنا ہے۔ ﴿۲﴾ بَعْض عُلَما نے فرمایا کہ اس سے وہ اَلْقاب (TITLES) مُراد ہیں جِن سے مسلمان کی بُرائی نِکلتی ہو اور اُس کو نا گوار ہو (لیکن تعریف کے اَلقاب جو سچّے ہوں مَمنوع نہیں، جیسے کہ (مسلمانوں کے پہلے خلیفہ) حضرتِ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب عَتِیق اور (دوسرے خلیفہ) حضرتِ عُمَر رضی اللہ عنہ کا فاروق اور (تیسرے خلیفہ) حضرتِ عثمان غَنی رضی اللہ عنہ کا ذُوالنُّورَین اور (چوتھے خلیفہ) حضرتِ علی رضی اللہ عنہ کا ابوتُراب اور (صَحابی رسول) حضرتِ خالِد رضی اللہ عنہ کا سَیفُ اللہ تھا) اور جو اَلقاب گویا کہ نام بن گئے اور اَلقاب والے کو نا گوار نہیں وہ اَلقاب بھی مَمنوع نہیں، جیسے (مَشہور محدِّثین) اَعْمَش (یعنی کمزور نظر والا) اور اَعْرَج (یعنی ایک پاؤں سے مَعذور) وغیرہ۔ (خازن ج٤ ص١٧٠)

## فرشتے لعنت بھیجتے ہیں

اللہ پاک کے پیارے پیارے آخری نَبی، محمدِ عَرَبی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: جس کسی نے مسلمان کو اس کے نام کے علاوہ کسی لفظ (یعنی بُرے نام) سے پُکارا اُس پر فِرِشتے لَعْنت کرتے ہیں۔ (جامع صغیر ص ٥٢٥ حدیث ٨٦٦٦)

**شَرحِ حدیث:** حضرتِ علّامہ عبدُ الرَّءُوف مُناوی رحمۃ اللہ علیہ (وفات: 1031ہجری) بیان فرماتے ہیں: (''اس کے لئے فِرِشتے لَعْنت کرتے ہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ) مسلمان کو بُرے نام سے پکارنے والے کیلئے فِرِشتے نیک لوگوں



www.dawateislami.net

کے مَقام و مَرتبے سے مَحرومی کی دُعا کرتے ہیں۔ جب کہ نام کے علاوہ کسی اور لَفظ سے پکارنے سے مُراد یہ ہو سکتی ہے کہ ایسے نام (یا لَقَب) سے پکارنا جو اُسے بُرا لگے ہاں اگر ایسے اَلفاظ سے پکارا جو بُرے نہ لگتے ہوں تو حَرَج نہیں، جیسے "کسی کو اُس کے اَصل نام کے بجائے اے عبدُاللہ!" (اے بھائی!) وغیرہ کہہ کر پکارنا۔ (خلاصہ از: فیض القدیر ج٦ ص١٦٣ تحت الحدیث ٨٦٦٦)

## مدینہ ۱۰ بچّوں سے بھی سچ بولئے

صَحابیِ نبی حضرتِ عبدُاللہ بن عامر رضی اللہ عنہ (اپنے بچپن شریف کا واقِعہ بیان کرتے ہوئے) فرماتے ہیں کہ نبیِ کریم صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ایک دن ہمارے گھر تشریف فرما تھے کہ میری امّی جان نے مجھے اپنے پاس بُلاتے ہوئے کہا کہ "اِدھر آؤ میں تمہیں کچھ دوں گی۔" رسولِ اکرم صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے (میری امّی جان سے) پوچھا: "تم نے اسے کیا دینے کا اِرادہ کیا ہے؟" انہوں نے عَرض کی: "میں اسے کَھجور دوں گی۔" آپ صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: "اگر تم اسے کچھ نہ دیتیں تو تمہارا ایک جھوٹ لکھ دیا جاتا۔"

(ابوداوٗد ج٤ ص ٣٨٧ حدیث ٤٩٩١)

## مدینہ ۱۱ حضرت عبدُاللہ بن عامر کا ذِکرِ خیر

آیئے! یہ رِوایت بیان کرنے والے صَحابیِ نبی حضرتِ عبدُاللہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے مُبارک حالات سُنتے ہیں، آپ کا نام مُبارک: عبدُاللہ ابن عامر ابن کُرَیز، آپ قُریشی ہیں، مسلمانوں کے تیسرے خَلیفہ، حضرتِ سیِّدُنا عُثمانِ غَنی رضی اللہ عنہ کے ماموں زاد بھائی ہیں۔ وِلادت (یعنی BIRTH) کے بعد انہیں سرکارِ دوعالَم صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خِدمت میں لایا گیا آپ نے ان پر دَم کیا۔ حضرتِ سیِّدُنا عثمانِ غَنی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں بَصرے اور خراسان کے گورنر رہے، حضرتِ سیِّدُنا امیر مُعاوِیہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو اس عُہدے پر قائم رکھا، نَہرِ بَصرہ آپ نے ہی کُھدوائی، بڑے سَخی تھے۔ 57 یا 58 ہجری میں وفات پائی۔

(الاصابه لابن حجر ج٥ ص١٤تا١٥)



www.dawateislami.net

## مدینہ 1 مال و مکان دونوں رکھو (واقعہ)

**صَحابیِ نبی** حضرتِ عبدُاللّٰہ بن عامِر رضی اللہ عنہ نے تابِعی بُزُرگ حضرتِ خالِد بن عُقْبہ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے ان کا بازار والا مکان 70یا80 ہزار دِرْہَم میں خریدا۔ رات ہوئی تو حضرتِ خالِد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے گھر والوں کے رونے کی آواز سُنی، تو اپنے گھر والوں سے پوچھا: یہ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: مکان کے فَروخْت (یعنی SALE) ہو جانے کی وجہ سے۔ تو (آپ رضی اللہ عنہ کا دریائے سَخاوت جوش میں آیا اور) اپنے غُلام سے فرمایا: اے غُلام! حضرتِ خالِد بن عُقْبہ کے پاس جا کر کہو: تم مکان بھی اور اس کی جو رَقم طے ہوئی وہ بھی اپنے پاس رکھ لو۔ (شعب الایمان ج ۷ ص ۴۳۸ قول نمبر ۱۰۸۸۷) **اللہُ ربُّ العِزّت کی ان پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔**

اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## مدینہ 2 ماں باپ کے نافرمان کی اِصلاح کیسے ہوئی؟

**صحابہ واَہلِ بیت** عَلَیْھِمُ الرِّضْوَان کی مَحبّت بڑھانے، مسلمانوں کے نام بِگاڑنے سے بچنے کا ذِہن بنانے اور بچّوں کے ساتھ بھی ہمیشہ سچ بولنے کی عادت اپنانے کا جَذبہ پانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے مَدنی قافِلوں کے مُسافِر بنئے۔ **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول کی بَرَکت سے ایک ماں باپ کے نافرمان نوجوان کی اِصلاح ہو جانے کی ایک **"مَدنی بہار"** سُنئے اور جھومئے: جھنگ، پنجاب کے ایک نوجوان پہلے پہل بے نَمازی اور ماں باپ کے نافرمان تھے، یوں یہ **اللہ** پاک کا بھی اور بندوں کا بھی حق ضائع کر رہے تھے۔ ایک مرتبہ ان کے والِد صاحِب کی دکان پر ایک رِشتے دار مُلاقات کے لئے آئے جو **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے تعلّق رکھتے تھے۔ اس وقت یہ بھی وہاں موجود تھے، ان اسلامی بھائی نے **دعوتِ اسلامی کے ہَفتہ وار سنّتوں بھرے اِجتماع** میں شرکت کی دعوت پیش کی جو

اِنہوں نے قبول کرلی اور جُمعرات کو اِجتماع میں شریک ہوگئے۔ انہیں اجتماع میں کچھ ایسا رُوحانی سکون نصیب ہوا کہ پھر باقاعدہ ہر جُمعرات کو اجتماع میں شرکت کرنا ان کا مَعْمول بَن گیا۔ اِتنا ہی نہیں، رِشتے دار اسلامی بھائی کی اِنفرادی کوشِش کی بَدولت انہوں نے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے تین دن کے **مَدَنی قافِلے** میں بھی سَفَر کی سَعادت حاصِل کی۔ مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول نے انہیں **تربیتی کورس** کرنے کا ذِہن دیا۔ جب یہ مَدَنی قافلے سے گھر لوٹے تو ماں باپ کی نافرمانیوں پر شرمندہ تھے، انہوں نے ماں باپ کے قدموں میں بیٹھ کر روتے ہوئے ان سے مُعافی مانگی، انہوں نے بھی شفقت کرتے ہوئے انہیں مُعاف کر دیا۔ اس کے بعد انہوں نے ماں باپ سے عَرْض کی: زِندگی بَہُت تھوڑی ہے، نہ جانے کب خَتْم ہوجائے! میں جیتے جی عِلْمِ دِین سیکھنا چاہتا ہوں، اس طرح کی گُفتگو کرکے انہوں نے تربیتی کورس کے لئے ماں باپ کو راضی کرلیا اور اِجازت ملنے پر خوشی خوشی اپنا سامان اٹھا کر تربیتی کورس میں شریک ہوگئے جہاں انہیں بہُت کُچھ سیکھنے کو ملا۔ ان کی زندگی کا انداز کچھ ایسا بدلا کہ جو پہلے والدین کی نافرمانی کرتے تھے، اب گھر سے نکلنے سے پہلے ان کے قدم چومتے۔ پھر انہوں نے **فَرضِ عُلُوم کورس** بھی کیا، بڑھتے بڑھتے انہیں **دعوتِ اسلامی** کے تنظیمی سیٹ اپ میں حلْقہ مُشاوَرت کے نگران کی ذِمّے داری بھی ملی۔ اللّٰہُ ربُّ العِزّت انہیں اور ہمیں **دعوتِ اسلامی** کے دینی ماحول میں اِستقامت نصیب فرمائے۔

اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں — اے دعوتِ اسلامی تری دھوم مچی ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب — صلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## بچّوں کو جُھوٹا بہلاوا دینا

**تابِعی** بُزُرگ حضرتِ امام مُجاہِد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: گُفتگو (اَعمال نامے میں) لکھی جاتی ہے حتّٰی کہ ایک شخص اپنے بیٹے کو چُپ کرانے کے لئے کہتا ہے: میں تمہارے لئے فُلاں فُلاں چیزیں خَریدوں گا (حالانکہ خریدنے کی نیّت نہیں ہوتی) تو اُسے **جھوٹا** لکھا جاتا ہے۔

(احیاء العلوم (اردو) ج۳ ص۳۵۰، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۴۲)



www.dawateislami.net

## بچّوں کو پُھسلانے کیلئے محتاط طریقہ اختیار کیجئے

**افسوس!** آج کل بچّوں کو بہلانے کیلئے بکثرت جھوٹ بولے جاتے ہیں، مَثَلاً نیّت نہ ہونے کے باوُجُود کہا جاتا ہے: تمہیں کِھلونے، جھولا، ٹافیاں، فُلاں بِسکُٹ لا کر دیں گے، فُلاں ڈِش پکا کر کھلائیں گے، فُلاں جگہ سیر کرانے (یعنی گُھمانے پھرانے) لے جائیں گے وغیرہ وغیرہ۔ ہمارا سچّا اللہ اپنے سچّے حَبیب کے طُفیل ہمیں ہمیشہ سچ بولنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمِین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## زبان سنبھالنے والے کے عمل بھی سنبھل جاتے ہیں

**حضرتِ یُونُس بن عُبَید** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: ”جو شخص زبان کو سَنبھال کر اِستِعمال کرتا ہے میں اُس کو نیک اَعمال کرتے دیکھتا ہوں۔“ (الصمت مع موسوعة للامام ابن ابی الدنیا ج ٧ ص ٦٣ قول نمبر ٦٠)

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** جو کوئی زَبان کو بے سوچے سمجھے قینچی کی طرح چلاتا ہے اُس سے پھر جھوٹ، غِیبت سب کچھ صادِر ہوتا رہتا ہے، زِیادہ بولنے والے کا ہنسی مَذاق سے بچنا بھی مُشکل ہوتا ہے، اور ہنسی مَذاق میں جھوٹ کی آمیزش (یعنی ملاوٹ) بھی ہوتی ہے۔ یاد رکھئے! مذاق میں بھی جھوٹ جائز نہیں۔

## مَذاق میں جھوٹ بولنے والے سے سرکار صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی ناراضی

**فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: ہَلاکت ہے اُس کے لیے جو بات کرتا ہے اور لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولتا ہے، اُس کے لیے ہَلاکت ہے، اُس کے لیے ہَلاکت ہے۔ (ترمذی ج٤ ص١٤٢ حدیث٢٣٢٢)

## جہنَّم کی گہرائی میں گرتا ہے

**فرمانِ آخری نبی** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: ”بندہ بات کرتا ہے اور مَحض (یعنی صِرف) اس لیے کرتا ہے کہ لوگوں کو ہنسائے! اس کی وجہ سے جہنَّم کی اِتنی گہرائی میں گرتا ہے جو آسمان و زمین کے درمیان کے فاصِلے سے زِیادہ ہے اور زَبان کی وجہ سے جتنی لَغزِش ہوتی ہے وہ اس سے کہیں زِیادہ ہے جتنی



www.dawateislami.net

قدم سے لغزش ہوتی ہے۔“ (شعب الایمان ج٤ ص٢١٣ حدیث ٤٨٣٢)

حضرتِ علّامہ عبدُالرَّءُوف مُناوی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: امام غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا کہ یہاں ہنسانے والی بات سے مُراد ایسی بات ہے جس میں غِیبت، اِیذاءِ مُسلِم (یعنی مسلمان کو تکلیف دینے) (یا کوئی گُناہ) کا پہلو پایا جائے وَرنہ مَحض مِزاح والی بات پر یہ وَعید نہیں ہے۔ (فیض القدیر ج ٢ ص ٤٢٥ تحت الحدیث١٩٨٤)

## کامیڈین مُتَوجِّہ ہوں!

”مِرْآت“ جِلْد 6 صَفْحَہ 463 پر ہے: اِس فرمانِ عالی سے آج کل کے مَسْخرے (یعنی کامیڈین) وغیرہ عبرت پکڑیں جو لوگوں کو ہنسا کر گزارہ کرتے ہیں، جن کی کمائی لوگوں کی ہنسائی ہے۔ اِس حصّہ حدیث: ”زبان کی وجہ سے جتنی لغزش.....“ کے تحت ہے: ”پاؤں کی پھِسلَن سے زَبان کی لغزِش (یعنی پھِسلَن) زِیادہ خَطرناک ہے کہ پاؤں کی لغزِش (یعنی پھِسلَن) سے بدن چوٹ کھاتا ہے مگر زَبان کی لغزِش (یعنی پھِسلَن) سے دِل، جان، ایمان زَخمی ہوتا ہے۔ زَبان کی لغزِش (یعنی پھِسلنے) سے ہی قَتل وخون ہوتے ہیں، زَبان ہی کی لَغْزِش سے انسان کافِر و بے دِین ہوجاتا ہے، اِبلیس (یعنی شیطان) اپنی زَبان کی لغزِش کی سَزا اب تک پا رہا ہے۔“

## کامیڈی شو کا مسئلہ

کامیڈین کا مذاق مَسْخری کا شو (SHOW) مجموعی طور پر ناجائز ہے کہ اس میں دیگر لوگوں کا مذاق اُڑانا یا دیکھنے والوں کو مذاق اُڑانے کی تعلیم اور کئی لوگوں کی دِل آزاری پائی جاتی ہے، یونہی فُحش (یعنی بے حیائی والی حرکتوں) کا استِعمال بھی اِشارے کِنائے میں موجود ہوتا ہے، فکس (FIX) اَفراد کی غِیبَت یا ان کی مجبوریوں کا مذاق اُڑانا بھی عام ہوتا ہے، جو موجود ہوں اُن کی اور غائب ہوں ان کی شکل وصورت کا مذاق اڑانا بھی پایا جاتا ہے اور غِیبت کے ساتھ ساتھ بُہتان کی صورتیں بھی پیش آتی رہتی ہیں۔ کئی مواقع پر تو مَعَاذَاللہ کُفر بھی سَرزَد ہو رہا ہوتا ہے۔ اَلْغَرَض ان تمام اُمور سے خالی ہونا بہت مُشکل ہے اس لیے ایسے پروگرام پر ناجائز کا حُکم ہوگا۔ ایسا شو کرنا، کروانا، دیکھنا، دِکھلانا، اِس کی اُجرت لینا دینا، اِس کی ویڈیوز، آڈیوز سُننا سُنانا، لوگ دیکھیں

سُنیں اِس کے لئے وائرل کرنا وغیرہ حرام وجہنّم میں لے جانے والے کام ہیں۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب صلَّى اللّٰهُ على محمَّد

## آخرت کے کام میں جلدی کرنی چاہئے

مکّی مَدَنی آقا صَلَّی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: ہر چیز میں اِطمینان سے کام کرنا اچّھا ہے، سوائے آخرت کے کاموں میں۔

(ابوداوٗد ج ٤ ص ٣٣٥ حدیث ٤٨١٠)

**شَرحِ حدیث:** یعنی دُنیاوی کام میں دیر لگانا اچھا ہے کہ ممکن ہے وہ کام خَراب ہو اور دیر لگانے میں اس کی خَرابی مَعلوم ہوجائے اور ہم اس سے باز رہیں مگر آخرت کا کام تو اچھا ہی اچھا ہے اسے موقع (CHANCE) ملتے ہی کرلو کہ دیر لگانے میں شاید موقع جاتا رہے۔ بَہُت دیکھا گیا کہ بَعض کو (جب حَج کا) موقع ملا (اُس وَقت) نہ کیا پھر نہ کرسکے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ (ترجمہ: بھلائیوں میں جلدی کرو) (پ ٢، البقرۃ: ١٤٨) شیطان کارِ خیر (یعنی نیک کام) میں دیر لگوا کر آخر میں اس سے روک دیتا ہے۔

(مراٰۃ المناجیح ج ٦ ص ٦٢٧ ملخّصاً)

## اچّھا بولنا توفیقِ الٰہی اور......

حضرتِ امام ابوحامِد محمد بن محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: زَبان کا بولنا جِسْم کے تمام اَعْضا (یعنی PARTS) پر اَثر انداز ہوتا ہے، اچّھا بولے تو توفیقِ الٰہی اور بُرا بولے تو ذِلّت ورُسوائی۔

(منہاج العابدین (اردو) ص ١٤٢، منهاج العابدين ص ٦٥)

## الفاظ کی حفاظت کرو!

کسی نے کہا ہے: خیالوں کی حِفاظت کرو یہ اَلفاظ بَن جاتے ہیں، الفاظ کی حفاظت کرو یہ اَعمال بَن جاتے ہیں، اَعمال کی حفاظت کرو یہ کردار بَن جاتے ہیں، کردار کی حِفاظت کرو یہ پہچان بَن جاتے ہیں۔



www.dawateislami.net

## دوسروں کے پاس بھی زَبانیں ہیں

**اپنی** زَبان دوسروں کے عیبوں سے آلودہ نہ کرو کیوں کہ عَیب تمہارے بھی ہیں اور زَبانیں دوسرے لوگوں کے پاس بھی۔

## اُس بات میں کوئی بَھلائی نہیں

**مسلمانوں** کے پہلے خلیفہ، حضرتِ سیِّدُنا صدِّیقِ اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اُس بات میں کوئی بَھلائی نہیں جس کا مقصد **اللہ** پاک کو راضی کرنا نہ ہو۔''

(حِلْيَةُ الْاَولياء ج۱ ص۷۱ قول نمبر ۸۲)

## اچھے انداز پر پُکار کر ثواب کمایئے

**ہونٹوں** سے ''شِش شِی'' کی آواز نِکال کر کسی کو بُلانا یا مُتَوَجِّہ کرنا اچّھا اَنداز نہیں، مَعلوم ہونے کی صورت میں بہتر یہ ہے کہ نام یا کُنیت (کُن۔یَت) سے پکارے کہ **سنّت** ہے، اگر نام مَعلوم نہ ہو تو اُس مَقام کے عُرف کے مُطابِق مُہذَّب اَنداز و اَلفاظ میں پکارا جائے۔ جب بھی کسی مسلمان کو پکارا جائے تو اُس کا دِل خُوش کرنے کا ثَواب کمانے کی نیّت کے ساتھ اچّھے میں اچّھا اَنداز ہو اور نام بھی پُورا لیا جائے نیز موقع کی مُناسَبت سے آخر میں لفظ ''بھائی'' یا ''صاحِب'' وغیرہ کا بھی اِضافہ ہو، حَج کیا ہے تو ''حاجی'' کا لفظ بھی شامل کرلیا جائے۔

## کسی کے پکارنے پر جواباً لَبَّیک کہنا

**جس** کو پکارا گیا اُس کیلئے بہتر ہے کہ وہ ''لَبَّيْك'' (یعنی میں حاضِر ہوں) کہے۔ تاہم موقع مَحَل دیکھ لیا جائے ایسا نہ ہو کہ آپ کے ''لَبَّيْك'' کہنے سے سامنے والا کنفیوز ہو جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں کسی کی پکار پر بَعض اَوقات جواباً ''لَبَّيْك'' کہا جاتا ہے جو کہ سُننے میں بہت بھلا مَعلوم ہوتا ہے اور اِس سے مسلمان کے دِل میں خوشی داخِل ہو سکتی ہے۔ اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے والدِ ماجِد حضرتِ علّامہ نَقی علی خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: ''جو آپ (صَلَّی اللہ علیہ


www.dawateislami.net

والہٖ وسلَّم) کو پکارتا جواب میں '' لَبَّيْك '' (یعنی حاضِر ہوں) فرماتے۔'' (سُرورُالقُلوب ص ۱۸۲) اللہ پاک کے سب سے آخری نبی، محمدِ عَرَبی صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے پُکارنے پر صحابۂ کِرام عَلَيهِمُ الرِّضْوَان کا '' لَبَّيْك '' کے ساتھ جواب دینا اَحادیثِ مُبارَکہ میں بیان کیا گیا ہے، اس کے علاوہ ایک ولیُّ اللہ کے فِعل سے بھی اس کا ثُبوت ملتا ہے۔ چُنانچہ کروڑوں حَنْبَلیوں کے عَظیم پیشوا حضرتِ امام احمد بن حنبل رَحْمَةُ اللهِ عليه سے مسئلہ (مَسْ۔ اَلہ) معلوم کرنے کے لیے انہیں جب کوئی اپنی طَرف مُتوجِّہ کرتا تو اکثر '' لَبَّيْك '' فرماتے۔ (مناقب امام احمد بن حنبل للجوزی ص ۲۹۸) مَسْنون دُعاؤں کی مشہور کتاب: '' حِصْنِ حَصِيْن '' میں ہے: '' جب کوئی شَخْص تجھے بُلائے تو جواب میں کہے: لَبَّيْك۔'' (حصنِ حصین ص ۱۰٤)

یا اللہ پاک! ہمیں مسلمانوں کو اچّھے ناموں سے پکار کر ان کے دلوں میں خُوشیاں داخِل کرنے والی نیکیاں کَمانے کی توفیق عَطا فرما۔ اٰمِین بِجاهِ خَاتَمِ النَّبِيّٖن صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## مَذاق کرنے والا نظروں سے گر جاتا ہے

**مسلمانوں** کے دوسرے خلیفہ، حضرتِ سیِّدُنا عُمَر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: '' جو مذاق کرتا ہے وہ لوگوں کی نَظروں سے گر جاتا ہے۔'' (احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۸۹، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۵۸)

## آپس میں نفرت کا ایک سبب

**حضرتِ** سیِّدُنا عُمَر بن عبدُ العزیز رَحْمَةُ اللهِ عليه نے فرمایا: '' آپَس میں مذاق مَسْخری مَت کیا کرو کہ اس طرح (ہنسی ہی ہنسی میں) دِلوں میں نَفْرت بیٹھ جاتی ہے۔'' (سیرت ابن عبد الحکم ص ۱۱٤)

## ہنسی مَذاق سے دُشمنی پیدا ہوتی ہے

**حضرتِ** امام محمد بن محمد غزالی رَحْمَةُ اللهِ عليه فرماتے ہیں: '' کہا جاتا ہے کہ ہر چیز کا بیج ہوتا ہے اور دُشمنی کا بیج مِزاح (یعنی ہنسی مَذاق) ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مِزاح (یعنی ہنسی مذاق) عَقْل کو چھین لیتا اور دوستوں کو جُدا کر دیتا


www.dawateislami.net

ہے۔“ (احیاء العلوم (اردو) ج۳ ص ۳۹۲، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۵۹)

**اے پیارے پیارے اللہ پاک!** ہمیں لوگوں کا مذاق اڑانے اور دل دکھانے والی مَسْخریوں سے بچا اور احترامِ مُسلم کا جذْبہ نَصیب فرما۔ اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## گُناہِ کبیرہ کی تعریف

**پارہ27** سُوْرَۃُ النَّجْم آیت 32 کے حصّے اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓىٕرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ (آسان ترجمۂ قرآن کنز العرفان: وہ جو بڑے گُناہوں اور بے حَیائیوں سے بچتے ہیں) کی تفسیر میں **صِراطُ الْجِنان** جِلْد 9 صَفْحہ 567 پر ہے: **گُناہ وہ عَمَل ہے** جِس کا کرنے والا عَذاب کا حقْدار ہو یا یوں کہہ لیں کہ ناجائز کام کرنے کو گُناہ کہتے ہیں۔ بَہرحال گُناہ کی دو قسمیں ہیں: (1) صَغیرہ (2) کبیرہ۔ **کبیرہ گُناہ وہ ہے** جس کے کرنے پر دُنیا میں حد جاری ہو (یعنی شَریعت کے حکم کے مطابق سزا دی جائے) جیسے قَتْل، زِنا اور چوری وغیرہ یا اس پر آخِرت میں عَذاب کی وَعید (یعنی سزا) ہو جیسے غِیبَت، چُغْل خوری، خود پسندی اور رِیا کاری وغیرہ اور فَواحِش (یعنی بے حَیائیوں) میں ہر قَبیح قول، فِعْل (یعنی بُری بات اور بُرا کام) اور تمام صَغیرہ، کبیرہ (یعنی سبھی چھوٹے بڑے) گُناہ داخِل ہیں، اَلْبتّہ یہاں (یعنی اس حصۂ آیت میں) فَواحِش (یعنی بے حَیائیوں) سے وہ کبیرہ (یعنی بڑے) گُناہ مُراد ہیں جن کی قَباحَت (یعنی بُرائی) اور فَساد بَہُت زِیادہ ہو جیسے زِنا کرنا، قَتْل کرنا اور چوری کرنا وغیرہ۔

(خازن ج ٤ ص ١٩٦-١٩٧، مدارك ص ١١٨١، ابو سعود ج ٥ ص ٦٤٨ ملتقطاً)

## خود پسندی کی تعریف

**اے عاشقانِ رسول!** بیان کردہ تفسیر میں گناہوں کے تذکرے میں **خود پسندی** کا بھی ذِکر کیا گیا ہے، خُود پسندی کو عَرَبی میں **”عُجْب“** کہتے ہیں۔ مکتبۃُ المدینہ کی 352 صَفْحات کی کتاب، ”باطِنی بیماریوں کی مَعلومات“ صَفْحہ 36 تا 37 پر عُجْب یعنی خُود پسندی

کی تعریف یوں لکھی ہے: اپنے کمال (مثلاً عِلْم یا عمل یا مال) کی اپنی طرف نِسبت کرنا اور اس بات کا خوف نہ ہونا کہ یہ چِھن جائے گا۔ گویا خود پسند شخص نعمت کو مُنْعِمِ حقیقی (یعنی اللہ پاک) کی طرف مَنْسُوب کرنا ہی بھول جاتا ہے۔ (یعنی ملی ہوئی نعمت مَثَلاً صِحّت یا حُسن و جَمال یا دولت یا ذِہانت یا خوش اِلْحانی یا مَنْصَب وغیرہ کو اپنا کارنامہ سمجھ بیٹھنا اور یہ بھول جانا کہ سب ربُّ الْعِزّت ہی کی عِنایت ہے اور اللہ پاک جب چاہے دیا ہوا کمال یا عطا کی ہوئی خُوبی واپس بھی لے سکتا ہے) (باطنی بیماریوں کی معلومات ص ۳۶ تا ۳۷، اِحیاءُ الْعُلوم ج ۳ ص ۴۵۴ ملخصًا)

## 70 سال کے اعمال برباد

**خود پسندی** نیکیوں کیلئے سخت تباہ کُن ہے جیسا کہ رسولِ پاک صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: عُجْب (یعنی خود پسندی) 70 سال کے اعمال برباد کرتا ہے۔

(جامعِ صغیر ص ۱۲۷ حدیث ۲۰۷۴)

## گُناہ سے بھی بڑا اُجرم

**مدینے** کے تاجدار صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم خُود پسندی کی تباہ کاری سے خبردار کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''اگرچہ تم سے کوئی گناہ سَرزَد نہ ہو لیکن مجھے تم پر گناہ سے بھی بڑے جُرم کا خوف ہے اور وہ عُجْب (یعنی خود پسندی) ہے۔'' (شُعَبُ الْاِیمان ج ۵ ص ۴۵۳ حدیث ۷۲۵۵) اس فرمان مبارک میں آپ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے عُجْب کو بہت بڑا گُناہ قرار دیا۔ (اِحیاءُ الْعُلوم ج ۳ ص ۴۵۳)

اور کسی بھی ظاہری و باطنی گناہ سے بچنا ہر مسلمان پر لازِم ہے۔ چنانچہ اللہ پاک قراٰنِ پاک کے پارہ 8 سُوْرَةُ الْاَنْعَام آیت 120 میں ارشاد فرماتا ہے:

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ

ترجَمۂ کنز العِرفان: اور ظاہری اور باطنی سب گناہ چھوڑ دو۔

## خود پسندی کی اہم وضاحت

**حضرتِ** امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں کہ جو شَخْص عِلْم، عمل اور مال کے ذَرِیعے اپنے نَفْس (یعنی خود) میں کمال (یعنی خوبی) جانتا ہو اُس کی دو حالتیں ہیں: (1) ان میں سے ایک یہ ہے کہ اسے اُس کمال کے

زَوال کا خوف ہو اور اُس کو اِس بات کا ڈر ہو کہ اس خوبی میں کوئی تبدیلی آجائے گی یا بالکل ہی خَتْم ہو جائے گی تو ایسا آدمی خود پسند نہیں ہوتا (2) دوسری حالت یہ ہے کہ وہ اس کے زَوال (یعنی کم یا خَتْم ہونے) کا خوف نہیں رکھتا بلکہ وہ اِس بات پر مُطْمَئِن وخوش ہوتا ہے کہ اللہُ ربُّ العِزّت نے مجھے یہ نعمت عِنایت فرمائی ہے اِس میں میرا اپنا کوئی کمال نہیں۔ یہ بھی خود پسندی نہیں ہے اور اس کے لیے ایک تیسری حالت بھی ہے جو خُود پَسندی ہے اور وہ یہ ہے کہ اسے اس کمال کے زَوال (یعنی اس خوبی کے کم یا ختم ہونے) کا خوف نہیں ہوتا بلکہ وہ اس پر مُطْمَئِن وخوش ہوتا ہے اور اس کی خوشی کا باعِث یہ ہوتا ہے کہ یہ کمال نعمت اور بھلائی اور سربُلندی ہے، وہ اِس لیے خوش نہیں ہوتا کہ یہ اللہ پاک کی عنایت ونعمت ہے بلکہ اِس (یعنی خود پسند بندے) کی خوشی کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اُسے اپنا وَصف (یعنی خوبی) اور خود اپنا ہی کمال سمجھتا ہے وہ اِسے اللہُ ربُّ العِزّت کی عطا و عنایت تصوُّر نہیں کرتا۔ (اِحیاءُ العُلوم ج۳ ص٤٠٤)

## خود پسندی کا ایک مجرّب علاج

امام غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: صَحابۂ کِرام عَلَیہِمُ الرِّضْوان اپنے زُہد وتقوی کے باوجود یہ تمنّا کیا کرتے کہ کاش! وہ مٹّی، بُھوسا یا پرندہ ہوتے۔ تو صاحبِ بصیرت (یعنی عقل مند) شخص کیسے اپنے عمل پر **خُود پَسندی** کر سکتا ہے یا اِترا سکتا ہے اور کیونکر اپنے نَفْس سے بے خوف ہو سکتا ہے؟ یہ خود پسندی کا عِلاج ہے جس سے خود پسندی کا مادہ بالکل جَڑ سے کٹ جاتا ہے۔ جب خود پسندی میں مبتلا شخص اس طریقۂ علاج کے مُطابِق خود پسندی کا علاج کرتا ہے تو جس وَقْت اس کے دل پر خود پسندی غالب آتی ہے تو نعمت چِھن جانے کا خوف اسے اِترانے (یعنی تکبُّر کرنے) سے بچاتا ہے بلکہ جب وہ کافِروں اور فاسِقوں کو دیکھتا ہے کہ کسی گناہ کے بغیر ان کو ایمان و اِطاعَتِ الٰہی کی دولت سے محرومی ملی ہے تو وہ ڈرتے ہوئے یہ سوچتا ہے کہ جس ذات کو اس بات کی پروا نہیں کہ وہ بغیر کسی جُرم کے کسی کو مَحروم کر دے یا بغیر کسی وسیلے کے کسی کو عطا کرے تو وہ دی ہوئی نعمت کو واپس بھی لے سکتا ہے۔ کتنے ہی ایمان والے مُرتَد ہو کر اور اِطاعت گزار (یعنی نیک مسلمان) فاسِق ہو کر

بُرے خاتمے کا شکار ہوئے۔ جب آدمی اس طرح سوچے گا تو **خود پسندی** اس میں باقی نہیں رہے گی۔

(اِحیاءُ العُلوم (اردو) ج۳ ص۱۱۰٦، اِحیاءُ العُلوم ج۳ ص٤٥٨)

حُبِّ جاہ وخود پسندی کی مِٹا دے عادتیں
یاالٰہی! باغِ جنّت کی عطا کر راحتیں

اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## خود پسندی کے آٹھ اَسباب وعلاج

**امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی** رحمۃ اللہ علیہ نے ''اِحیاءُ العُلوم'' میں عُجب یعنی **خود پسندی** کے یہ 8 اَسباب اور اُن کے عِلاج بیان فرمائے ہیں:

﴿1﴾ **پہلا سَبَب**: ''اپنی جسمانی خوب صورتی کے حوالے سے خود پسندی میں مبتلا ہونا۔'' اس کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ اپنی باطِنی گندگیوں پر غور کرے اور اپنے آغاز و انجام (یعنی شُروع میں گندہ قطرہ تھا اور آخر میں سڑا ہوا مُردہ ہوگا اس) کے بارے میں غور کرے۔

﴿2﴾ **دوسرا سَبَب**: ''اپنی طاقت وقوّت پر ناز کرنا۔'' اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ یہ سوچے کہ **اللہ** پاک معمولی سی آزمائش (مثلاً بیماری، حادثے وغیرہ) میں مبتَلا فرما کر بھی یہ قوّت واپس لے سکتا ہے۔

﴿3﴾ **تیسرا سبب**: ''عقل و ذہانت کے حوالے سے خود پسندی میں مبتَلا ہونا۔'' اس کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ یہ سوچے کہ کسی بھی مرض یا حادثے وغیرہ کے سبب یہ نعمت چھینی جاسکتی ہے۔

﴿4﴾ **چوتھا سبب**: ''عالی نسب (یعنی اُونچا خاندان) ہونے پر فَخر کرنا ہے۔'' اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ یہ سوچے کہ اپنے آباء واَجداد (یعنی باپ داداؤں) کی طرح نیک اعمال نہ کرنے کے باوُجود ان کے دَرَجے تک کیسے پہنچ سکتا ہے؟

﴿5﴾ **پانچواں سبب**: ''ظالم کی حمایت پر اِترانا ہے، اور اَہلِ دین اور اہلِ عِلم کی طرف اپنی نسبت کو اَہمیّت نہ دینا ہے۔'' اس


www.dawateislami.net

کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ اِن ظالم لوگوں کے اُخْروی اَنجام پر نظر رکھے اور یہ سوچے کہ ظالم لوگ تو اللہ پاک کے غَضَب کے لائق ہیں۔

**6 چھٹا سَبَب:** ”اپنے نوکر چاکر وغیرہ پر اِترانا۔“ اس کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ اپنی کمزوری پر نَظَر رکھے اور یہ ذِہْن نشین کرلے کہ تمام لوگ اللہ پاک کے عاجِز بندے ہیں۔

**7 ساتواں سبب:** ”مال و دولت پر اِترانا۔“ اس کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ مال و دولت کی آفات، اس کے حُقُوق اور اس سے پیدا ہونے والے فتنوں کو پیشِ نظر رکھے۔

**8 آٹھواں سبب:** ”اپنی غَلَط رائے پر اِترانا۔“ اس کا عِلاج یہ ہے کہ بندہ اپنی رائے کی صحّت پر ہرگز ہرگز بھروسا نہ کرے۔ (یعنی غور کرے کہ ہوسکتا ہے میری رائے غَلَط ہو) (باطنی بیماریوں کی معلومات ص۳۸ تا ۴۳، اِحیاءُ الْعُلوم ج ۳ ص ۱۱۰۷ تا ۱۱۱۹ ملخّصًا)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بگڑا ہوا نوجوان سُدھرنا شُروع ہوگیا

اے عاشقانِ رسول! خُود پسندی اور دیگر بُرائیوں کی معلومات پانے، گناہوں کی عادت مِٹانے اور نیکیوں کا جذبہ بڑھانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے ہر دم وابَستہ رہئے۔ **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول میں بگڑے ہوئے لوگوں کا سدھار ہوتا ہے اس کی ایک ”مَدَنی بہار“ آپ کے گوش گزار کرتا ہوں: لاہور، پنجاب کے ایک نوجوان کھیلنے کے نہایت شوقین تھے، صُبْح سے شام تک کھیل، کھیل اور بس کھیل ہی ان کا کام تھا، ان کے ابّو جان جو ایک مسجِد کے اِمام بھی ہیں وہ انہیں بَہُت سمجھاتے لیکن یہ باز نہ آتے۔ کھیل کا شوق اتنا بڑھا کہ انہوں نے مَعاذَاللہ **جوا** کھیلنا بھی شُروع کر دیا۔ کھیل کے میدان کے علاوہ دوستوں کے ساتھ رات گئے تک گلیوں اور بازاروں میں گھومنا پھرنا، انٹرنیٹ کیفے میں جانا ان کا پسندیدہ مَشْغَلَہ تھا۔ سچ بولنے کی بھی عادت نہیں تھی جس کی وجہ سے جب رات کو دیر سے گھر پہنچتے تو تاخیر ہونے کی وجہ بھی



www.dawateislami.net

غَلَط بتاتے تھے۔ ان کی زندگی میں تبدیلی کچھ اس طرح آئی کہ ان کے ابّو جان نے **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے وابستہ ایک اسلامی بھائی کو ان کی کیفیّت بتائی اور ان کی اِصلاح کرنے کی دَرخواست کی۔ اُس اسلامی بھائی کی اِنفِرادی کوشِش سے یہ دو تین بار **سُنَّتوں بھرے اِجتماع** میں شرکت کے بعد تین دن کے سنّتیں سیکھنے سکھانے کے مَدَنی قافِلے کے مُسافِر بن گئے، عاشقانِ رسول کی صُحبت میں انہیں وہ سنّتیں وغیرہ سیکھنے کو ملیں جو یہ پہلے نہیں جانتے تھے۔ جب یہ مَدَنی قافلے سے لوٹے تو عَزْم یہ تھا کہ اب معاشرے میں شریف و نیک انسان بن کر زندگی گزارنی ہے۔ **اللہ ربُّ العِزّت** کی رَحمت سے یہ **دعوتِ اسلامی** کے دینی ماحول سے وابَستہ ہوگئے۔

رب کے در پر جُھکیں، التجائیں کریں
بابِ رحمت کُھلیں، قافلے میں چلو (وسائلِ بخشش ص ۶۷۱)

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد**

## فحش گوئی کے بارے میں 4 فرامینِ مصطفےٰ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

**فُحش گو** (یعنی بے حیائی بھری باتیں کرنے والا) انسان بے باک (یعنی بےادب و بےخوف) ہوتا ہے اور اِس کی سب سے بڑی محرومی یہ ہے کہ **اللہ** پاک اور اس کے پیارے رسول صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم ایسے شخص کو پسند نہیں کرتے اور فُحش گو کا ٹھکانا جہنَّم ہے، اس سلسلے میں **4 فرامینِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سُنئے اور عبرت حاصل کیجئے: (1) فُحش گوئی (یعنی بے حیائی بھری باتیں) بداَخلاقی کی ایک شاخ ہے اور بداَخلاقی جہنَّم میں (لے جانے والی) ہے۔ (ترمذی ج۳ ص۴۰۶ حدیث ۲۰۱۶) (2) بُرے کاموں اور بُری (بےحیائی بھری) باتوں کا اسلام سے کوئی تعلُّق نہیں۔ (مسند احمد بن حنبل ج۷ ص۴۳۱ حدیث۲۰۹۹۷) (3) فُحش گوئی اور بدزَبانی کو **اللہ** پاک پسند نہیں فرماتا۔ (مسلم ص ۹۲۰ حدیث ۵۶۵۹) (4) فُحش گوئی اگر انسانی شکل میں ہوتی تو بُرے آدمی کی صورت میں ہوتی۔ (اَلصَّمت لِابْنِ اَبِی الدُّنیا مع موسوعہ ج۷ ص۲۰۶ حدیث۳۳۱)



www.dawateislami.net

## گندی زبان خطرناک بیماری ہے

**تابِعی** بُزُرگ حضرتِ اَحْنَف بن قَیس رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے ایک مرتبہ لوگوں سے فرمایا: میں تمہیں بدترین بیماریاں نہ بتاؤں؟ لوگوں نے کہا: ضَرور، آپ نے فرمایا: بداَخلاقی اور گندی زَبان سب سے زیادہ خطرناک بیماریاں ہیں۔ (ادب الدنیا والدین ص ۳۸۳)

**یاربَّ المصطفٰے!** مسلمانوں کے تیسرے خَلیفہ حضرتِ عُثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شَرم وحیا کا صدقہ ہمیں فُحش باتوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچا۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## کُتّے کی شکل والا

حضرتِ ابراہیم بن مَیْسَرہ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں، کہا جاتا ہے: ''فُحش کلامی (یعنی بے حَیائی کی باتیں) کرنے والا قِیامت کے دن کُتّے کی شکل میں آئے گا۔''

(اَلصَّمت لِابْنِ اَبِی الدُّنیا مع موسوعہ ج۷ص ۲۰۵ قول نمبر ۳۲۹)

## فحش بات کی تعریف

**کتنے** خوش نصیب ہیں وہ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں! جو صِرف اچّھی گفتگو کے لیے **زَبان** کو حَرَکت میں لاتے اور خوب خوب ''نیکی کی دعوت'' لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔ **اَفسوس!** آج کل لوگوں کی کم بیٹھکیں (یعنی گیدرنگز۔GATHERINGS) ایسی ہوتی ہوں گی جو فُحش باتوں سے پاک ہوں حتّٰی کہ مَذہبی حُلیے میں نظر آنے والے اَفراد بھی بسا اَوقات اس سے بچ نہیں پاتے، شاید عوام کو یہی نہیں پتا ہوتا کہ فُحش (یعنی شرم ناک) بات کسے کہتے ہیں! تو سنئے: **فُحش بات کی تعریف** یہ ہے: اَلتَّعۡبِیۡرُ عَنِ الۡاُمُوۡرِ الۡمُسۡتَقۡبَحَۃِ بِالۡعِبَارَاتِ الصَّرِیۡحَۃِ یعنی شرمناک باتوں اور کاموں کا کُھلے الفاظ میں تذکرہ کرنا۔ (احیاءُ العلوم ج۳ ص ۱۵۱) تو وہ نوجوان جو ''مخصوص خواہِش'' کی تسکین کی خاطِر فُحش یعنی بے حیائی کی باتیں کرنے والے بلکہ صِرف سُن کر دل بہلانے والے، گندی گالیاں زَبان پر لانے والے، بے شرمی والے اِشارے کرنے والے، ان گندے اِشاروں سے لُطف اندوز ہونے والے اور ''گندی لذّتوں'' کے حُصول کی خاطِر فلمیں ڈِرامے (کہ ان میں عُموماً بے حیائی کی بھرمار ہوتی ہے) دیکھنے والے ایک دِل ہِلا دینے والی رِوایت بار بار پڑھیں


www.dawateislami.net

اور خوفِ خداوندی سے لرزیں، چُنانچِہ فرمانِ مصطَفٰے صَلَّی اللہُ علیہ والہٖ وسلَّم: ''اُس شخص پر جنّت حرام ہے جو فُحش (یعنی بے حیائی کے قول یا فعل) سے کام لیتا ہے۔''[1] (الصَّمت ج۷ص۲۰٤ حدیث۳۲۵) غیر عورتوں یا اَمرَدوں کے بارے میں آنے والے گندے وَسوسوں پر توجُّہ جمانے، جان بوجھ کر شَرم ناک خیالات میں خود کو گُمانے اور مَعَاذَ اللّٰہ ''گندی حَرَکت'' کے تصوُّر کے ذَرِیعے لذّت اُٹھانے والوں کو بیان کردہ رِوایت سے عبرت حاصِل کرنی چاہئے۔

(1) سراجِ منیر شرح جامع صغیر ج۳ص۸٤

آئیں نہ مجھ کو وَسوَسے اور گندے خیالات
اللہ! نکل جائے ہر اِک دل سے بُری بات

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

# اُچّھا بولو کے آٹھ حُرُوف کی نسبت سے 8 مَدَنی پھول

﴿1﴾ مُسکرا کر اور خَندہ پیشانی سے بات چیت کرنا سنّت ہے۔

﴿2﴾ بات چیت کرتے ہوئے چھوٹوں کے ساتھ شَفْقَت بھرا اور بڑوں کے ساتھ اَدَب والا لہجہ رکھئے، اِنْ شَآءَاللہُ الکریم دونوں کے یہاں آپ عِزّت پائیں گے۔

﴿3﴾ چِلّا چِلّا کر بات چیت کرنا سنّت نہیں۔

﴿4﴾ دَورانِ گفتگو ایک دوسرے کے ہاتھ پر تالی دینا ٹھیک نہیں ہے کہ یہ مُعزَّز و مُہذَّب (یعنی اچّھے) لوگوں کے طریقے کے خلاف ہے۔ (صراط الجنان ج۷ص۵۰۲تا۵۰۳)

﴿5﴾ بات چیت کرتے ہوئے دوسرے کے سامنے بار بار ناک سہلاتے رہنا، ناک یا کان میں اُنگلی ڈالنا، تھوکتے رہنا، بدن کا میل اتارنا، پردے کی جگہوں کو چُھونا یا کُھجاتے رہنا اچّھی بات نہیں، اکیلے میں بھی بِلاوجہ یہ کام نہیں کرنے چاہئیں۔





﴿6﴾ جب تک دوسرا بات کر رہا ہو، اِدھر اُدھر دیکھے بغیر اُس کی طرف پوری طرح مُتوجِّہ ہو کر اطمینان سے سننا چاہئے، بیچ میں بولنا بھی نہیں چاہئے کہ کسی کی بات کاٹنا خلافِ اَدَب ہے۔ اللہ پاک کے پیارے پیارے آخری نبی، مکّی مدنی محمدِ عربی صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم کسی کی بات کو نہ کاٹتے البتّہ اگر کوئی حد سے تجاوُز کرنے لگتا تو اُسے روک دیتے یا وہاں سے اُٹھ جاتے۔ (شمائل ترمذی ص ٢٠٠ مُلَخَّصًا)

﴿7﴾ ہکلے یعنی رُک رُک کر بات کرنے والے یا تُتلے کی پیچھے سے نَقْل نہ اُتاریں کہ غیبت ہے اور اس کے سامنے سے نَقْل اُتارنا اس کی دل آزاری کا بھی سبب ہے۔

﴿8﴾ زیادہ باتیں کرنے اور دورانِ گفتگو قہقہے لگاتے رہنے سے عزّت و رُعب میں کمی آتی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## ”خاموشی بھی نعمت ہے“ کے پندرہ حُرُوف کی نسبت سے دنیا و آخِرت میں کام آنے والی 15 باتیں

﴿1﴾ حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے پوچھا گیا: آپ اس مقام و مرتبے تک کیسے پہنچے؟ انہوں نے فرمایا: سچ کہنے، اَمانت ادا کرنے اور بیکار باتوں کو چھوڑ دینے سے۔ (حلیۃ الاولیا ج٦ ص٣٥٨ حدیث ٨٩٢٥، اللہ والوں کی باتیں ج٦ ص٤٦٢)

﴿2﴾ فرمانِ امام غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ : جو بات (کسی کو اُس کی اصلاح کیلئے) سب لوگوں کے سامنے کی جائے اُسے ڈانٹ ڈَپَٹ اور بے عزّتی کرنا شمار کیا جاتا ہے اور جو بات (کسی کی اصلاح کیلئے) تنہائی (یعنی اکیلے) میں کی جائے وہ شَفْقَت و نصیحت سمجھی جاتی ہے۔ (احیاء العلوم (اردو) ج٢ ص٦٥٩)

﴿3﴾ چار چیزیں چار چیزوں کی طرف لے جاتی ہیں: (١) ”خاموشی“ سَلامتی کی طرف (٢) ”نیکی“ بُزُرگی کی طرف

(۳) ''سخاوت'' سرداری کی طرف اور (٤) ''شکر'' نعمت کی زیادتی کی طرف۔ (دین و دُنیا کی اَنوکھی باتیں ج۱ ص۸٤)

﴿4﴾ ''آدمی کا بات کرنا'' اُس کی فضیلت کا بیان اور عَقْل کا ترجُمان ہوتا ہے لہٰذا اسے اچھّی اور تھوڑی بات تک ہی محدود رکھو۔ (یعنی بولنے سے بندے کی سمجھداری کی پہچان ہوتی ہے، لہٰذا کم بولے تاکہ پردہ رہے کہ باتیں کرتے چلے جانے سے اُس کے اندر چُھپی ہوئی کم عقلی اور نادانی ظاہِر ہوسکتی ہے)

﴿5﴾ آدمی اپنی بات چیت کے ذَرِیْعے پہچانا جاتا اور اپنے کام کے ذریعے مشہور ہوتا ہے، لہٰذا دُرست بات کہو (اور صِرف اچھّے کام کرو)۔

﴿6﴾ جو اپنے آپ کو پہچان لے، اپنی زَبان کی حفاظت کرے، فُضُول کاموں میں نہ پڑے اور اپنے مسلمان بھائی کی بے عزّتی نہ کرے تو وہ ہمیشہ سلامت رہتا اور اُسے شَرمندگی کم اٹھانی پڑتی ہے۔

﴿7﴾ خاموشی اختِیار کرو اور سچّے بن کر رہو کیونکہ خاموشی حفاظت کرنے والی اور سچائی عزّت دلانے والی ہے۔

﴿8﴾ جو زیادہ بولتا ہے سمجھدار لوگ اُس سے کتراتے اور دور بھاگتے ہیں۔

﴿9﴾ جو اپنی گُفتگو میں سچ بولتا ہے اُس کی خوش اَخلاقی میں اضافہ ہوتا ہے۔

﴿10﴾ ایسی خاموشی جس سے سلامتی ملے اُس گُفتگو سے بہتر ہے جس سے شَرمندگی اُٹھانی پڑے۔

﴿11﴾ جو نامناسب گفتگو کرتا ہے اُسے ناپسندیدہ باتیں سننی پڑتی ہیں۔

﴿12﴾ زَبان کا زَخْم تلوار کے زَخْم سے زیادہ سَخْت ہے۔

﴿13﴾ جاہل کی بے ہودہ اور تکلیف دہ بات پر خاموش رہنا اُس کے لئے بھرپور جواب اور اُس جاہل کیلئے خوب تکلیف کا باعِث ہے۔

﴿14﴾ زَبان ایسی کاٹ کرنے والی تلوار ہے جس کے وار سے بچنا ممکن نہیں اور کلام (یعنی بات) ایسا نکلا ہوا تیر ہے جسے



www.dawateislami.net

واپس لانا ممکن نہیں۔ (دین و دُنیا کی اَنوکھی باتیں ج ا ص ۸۵ تا ۸۸ بتغیر قلیل)

﴾15﴿ کسی کو اپنا راز مت بتاؤ کہ جو بات دو ہونٹوں میں نہیں سماتی وہ کہیں بھی نہیں سما سکتی۔

# نصیحتوں بھری 50 دلچسپ باتیں

(یہ باتیں سوشل میڈیا وغیرہ سے لے کر بِالتَّصرُّف یعنی تبدیلی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں)

﴾1﴿ **دھاگا** اور لمبی زبان عُموماً اُلجھ جاتے ہیں اِس لئے دھاگا لپیٹ کر اور زبان سمیٹ کر رکھئے۔

﴾2﴿ **شوگر** (کی بیماری) میٹھا کھانے سے ہوتی ہے، میٹھا بولنے سے نہیں۔

﴾3﴿ **جب** چاقو، خنجر، تیر اور تلوار بیٹھے سوچ رہے تھے کہ کون زیادہ گہرا زخْم دیتا ہے تب الفاظ پیچھے بیٹھ کر مُسکرا رہے تھے۔ (یعنی الفاظ کے زَخْم سب سے گہرے ہوتے ہیں)

﴾4﴿ **جن** باتوں پر جھگڑا کر کے لوگ منوں مٹّی تلے سو جاتے ہیں اُنہی باتوں پہ ہلکی سی مٹّی ڈال کر دُنیا میں پُرسکون زندگی گزاری جاسکتی ہے۔

﴾5﴿ **چُھری** ہی سے نہیں لفظوں سے بھی ذَبْح کیا جاتا ہے، گولی ہی صِرف ہلاک نہیں کرتی، رَوَیّے (یعنی غلط برتاؤ) بھی مار دیتے ہیں، بے شک گولی اور چُھری دُنیا سے تعلُّق خَتْم کروا دیتی ہے لیکن لفظوں کی کاٹ اور رَوَیّوں کی مار حلق کا پھندا بَن کر نہ جینے دیتی ہے نہ مرنے۔

﴾6﴿ **تب** بولئے جب آپ کے الفاظ آپ کی خاموشی سے زیادہ مُفید و خوبصورت ہوں۔

﴾7﴿ **طوطا** مرچیں کھا کر بھی میٹھا بولتا ہے جب کہ انسان بسا اَوقات میٹھا کھا کر بھی کڑوا بولتا ہے۔

﴾8﴿ **میٹھا** بولنے والے کا ''زَہر'' بھی بِک جاتا ہے جبکہ کڑوا بولنے والے کا ''شَہد'' بھی نہیں بِکتا۔

﴿9﴾ **جس** طرح پھل خریدتے وَقْت **''میٹھے پھل''** کا اِنتخاب کرتے ہیں ایسے ہی بولتے وقت بھی **''میٹھے بول''** مُنتخب کیجئے۔

﴿10﴾ **جس** طرح چھوٹے چھوٹے سوراخ، بند کمرے میں سُورَج نکلنے کا پتا دے دیتے ہیں، اسی طرح چھوٹی چھوٹی باتیں بھی انسان کا کردار نُمایاں کرتی ہیں۔

﴿11﴾ **بے شک** الفاظ کی بھی اَہَمِیَّت ہوتی ہے مگر بعض اوقات لَہجوں کا اثر بَہُت زیادہ ہوتا ہے۔

﴿12﴾ **ہمیشہ** ''میٹھا'' بولو کہ اگر کبھی واپس لینا پڑے تو ''کڑوا'' نہ لگے۔

﴿13﴾ **کچھ** سوالات کے جوابات زبان نہیں وَقْت دیتا ہے اور وَقْت جو جوابات دیتا ہے وہ لاجواب ہوتے ہیں۔

﴿14﴾ **کہتے** ہیں: ذراسی بات سے تعلُّق ٹوٹ گیا حالانکہ اُس ''ذراسی بات'' کے پیچھے بعض دَفْعہ ''بہت سی باتیں'' ہوتی ہیں اور وہ ذراسی بات دراصل برداشت کی آخری حد ہوتی ہے۔

﴿15﴾ **انسان** اپنی زَبان کے پیچھے چُھپا ہوا ہے اگر اُسے سمجھنا ہے تو اُسے بولنے دیجئے۔

﴿16﴾ **لفظوں** کے دانت نہیں ہوتے مگر یہ کاٹ لیتے ہیں اور جب یہ کاٹتے ہیں تو ان کا زَخْم آسانی سے نہیں بھرتا۔

﴿17﴾ **بعض** اوقات لوگ نَرم لہجے سے اتنی گرم بات کر جاتے ہیں کہ اُن لفظوں کی تِپَش (یعنی گرمی) ٹھنڈی ہونے (یعنی بھولنے) میں عمر لگ جاتی ہے۔

﴿18﴾ **عَقْل** چھوٹی ہو جائے تو زَبان لمبی ہو جاتی ہے۔

﴿19﴾ **''مشین''** کو زنگ لگ جائے تو پُرزے (یعنی PARTS) شور کرتے ہیں اور جب ''عَقْل'' کو زنگ لگے تو زَبان فُضُول بولنے لگ جاتی ہے۔

﴿20﴾ **سوچ** سمجھ کر بولئے کہ آپ کے الفاظ کسی کا دل بُری طرح توڑ بھی سکتے ہیں۔

﴿21﴾ **عُمدہ** لہجے میں بولے گئے الفاظ سے بات سمجھ میں آتی، اور دِل میں اُتر جاتی ہے کیوں کہ بعض اوقات جادُو الفاظ



www.dawateislami.net

میں کم اور لہجے میں زیادہ ہوتا ہے۔

﴿22﴾ **یوں** تو بولنا سبھی کو آتا ہے مگر کسی کا دماغ بولتا ہے تو کسی کا اَخلاق۔

﴿23﴾ **''گُفتگو''** ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے یا تو انسان کسی کے **''دِل میں اُتر''** جاتا ہے یا پھر کسی کے **''دِل سے اُتر''** جاتا ہے۔

﴿24﴾ **دو** میٹھے بول، پُرخُلُوص الفاظ اور مُؤَدِّبانہ (یعنی باادب) لہجہ کسی کی رُوح کو تروتازہ کر سکتے ہیں۔

﴿25﴾ **حقارت** بھرے زہریلے الفاظ بسا اوقات کسی کو جیتے جی مار ڈالنے کے لیے کافی ہوتے ہیں۔

﴿26-27﴾ **ساری** دُنیا کا شَہد جَمْع کرلیجئے مگر زبان کا ایک **''میٹھا بول''** اُس (دُنیا بھر کے شہد) سے زِیادہ میٹھا ہے اور ساری دُنیا کا زَہر جَمْع کرلیجئے مگر زَبان کے ایک **''کڑوے بول''** کا زَہر اُس (سارے زہر) سے زیادہ کڑوا ہے۔

﴿28﴾ **اپنی** زَبان کو کڑوی باتوں سے بچانا بہُت بڑی کامیابی ہے۔

﴿29﴾ **پیار** اور **''میٹھے بول''** سے ساری دُنیا فتح کی جاسکتی ہے۔

﴿30﴾ **زَبان** کا سائز اگرچہ کم ہے مگر بہُت کم لوگ اِسے سنبھال پاتے ہیں۔

﴿31﴾ **صِرْف** اپنی زَبان پر قابو پالینے سے آپ بہُت ساری مشکلات سے بچ سکتے ہیں۔

﴿32﴾ **اگر** کسی کی اِصلاح کرنی ہو تو نرم لہجے میں کیجئے، کیونکہ نرم لہجہ اِصلاح کے جذبے کو جگاتا ہے جب کہ سَخْت لہجہ ضِد پیدا کرتا ہے۔

﴿33﴾ **کچھ** باتوں کا جواب صِرْف خاموشی ہے اور خاموشی بہُت خوبصورت جواب ہے۔

﴿34﴾ **پرندے** اپنے پاؤں اور انسان اپنی زبان کی وجہ سے جال میں پھنستے ہیں۔

﴿35﴾ **گفتگو** میں نرمی اِختیار کیجئے الفاظ سے زیادہ لہجے کا اثر ہوتا ہے۔


www.dawateislami.net

﴿36﴾ **چمچ** ناپاک ہوجائے تو تھوڑے سے پانی سے پاک کی جاسکتی ہے مگر زبان ناپاک ہوجائے تو اُسے سات سَمُندر کا پانی بھی پاک نہیں کرسکتا۔

﴿37﴾ **اگر کوئی** کھانے میں زہر گھول دے تو اِس کا علاج ممکن، مگر کوئی کان میں زہر گھول دے تو اس کا علاج بَہُت مشکل ہوجاتا ہے۔

﴿38﴾ **اپنی** زَبان کو مسلمانوں کو سلام کرنے کا عادی بنالیجئے اِس سے دوست بڑھتے اور دشمن کم ہوتے ہیں۔

﴿39﴾ **بچّے** کی زَبان بسا اَوقات انسان کی اچّھی یا بُری شَخصِیَّت کا راز اُگل دیا کرتی ہے۔

﴿40﴾ **ہمیشہ** چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی اِحتِیاط کرنی چاہئے کہ انسان پہاڑوں ہی سے نہیں پتّھروں سے بھی ٹھوکر کھاتا ہے۔

﴿41﴾ **بدگُمانی** اور بدزَبانی دو ایسے عیب ہیں جو انسان کے ہر کمال (یعنی خوبی) کو زَوال (یعنی نقصان) میں بدل سکتے ہیں۔

﴿42﴾ **چھوٹی** چھوٹی باتوں کا خَیال رکھنے سے بڑی بڑی مَحَبَّتیں پیدا ہوتی ہیں۔

﴿43﴾ **زَبان** کی حفاظت کیجئے اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم عزّت پائیں گے، بصورتِ دیگر ذِلّت کے اِستِقبال کیلئے تیّار رہئے۔

﴿44﴾ **آواز** بُلَند کرنے کے بجائے اپنی دلیل کو بلند کیجئے، پھول بارش سے کِھلتے ہیں بادلوں کے گرجنے سے نہیں۔

﴿45﴾ **ایک** بار کا جھوٹ آپ کی ہمیشہ کی سچائی پر سوالیہ نشان بنا سکتا ہے!

﴿46﴾ **عقلمند** انسان اُس وَقت تک نہیں بولتا جب تک سب خاموش نہیں ہوجاتے۔

﴿47﴾ **بُری** باتیں سُن کر حوصلہ نہ ہارو، شور کھلاڑی نہیں تماشائی کرتے ہیں۔

﴿48﴾ **کسی** کو چار پیسے دے کر خوش نہیں کرسکتے تو "**دو میٹھے بول**" ہی بول کر خوش کردیجئے۔

﴿49﴾ **لوگوں** کے ساتھ **ہمیشہ اچّھا سُلوک** کیجئے اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم اُن کے دل میں آپ کیلئے **ہمیشہ عزّت** بنی رہے گی۔

﴿50﴾ **میرے** عیب میری اِصلاح کی نیّت سے مجھے ہی بتایئے، میری کوئی دوسری برانچ نہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

# ’’بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ‘‘ کے اُنیس حُرُوف کی نسبت سے زبان کے مُتَعَلِّق 19 عَرَبی مُحاوَرے (مَع اُردو ترجمہ)

﴿1﴾ خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ (بہترین بات وہ ہے جو قلیل یعنی مختصر و پُر دلیل ہو)

﴿2﴾ عَیْبُ الْکَلَامِ تَطْوِیْلُہٗ (کلام یعنی بات کا (بِلا ضرورت) لمبا کرنا کلام کا عیب ہے)

﴿3﴾ بَلَاءُ الْاِنْسَانِ مِنَ اللِّسَانِ (انسان پر آزمائش زبان کی وجہ سے آتی ہے)

﴿4﴾ لِسَانُکَ دَاءٌ مَا لَہٗ دَوَاءٌ (تیرا زبان کا غَلَط استِعمال کرنا ایسی بیماری ہے جس کی کوئی دوا نہیں)

﴿5﴾ لَا تُکْثِرْ کَلَامَکَ فَیَقِلَّ مَقَامُکَ (زیادہ گفتگو نہ کرو ورنہ تمہارا مقام و مرتبہ کم ہو جائے گا)

﴿6﴾ حِفْظُ اللِّسَانِ سَلَامَۃُ الْاِنْسَانِ (زبان کی حفاظت میں انسان کی سلامتی ہے)

﴿7﴾ یَمُوْتُ الْفَتٰی مِنْ عَثْرَۃٍ بِلِسَانِہٖ وَ لَیْسَ یَمُوْتُ مِنْ عَثْرَۃِ الرِّجْلِ (نوجوان اپنی زبان کے پھسلنے سے مرتا ہے، پاؤں کے پھسلنے سے نہیں)

﴿8﴾ خَیْرُ الْخِلَالِ حِفْظُ اللِّسَانِ (زبان کی حفاظت بہترین خَصلَت و عادت ہے)

﴿9﴾ صَدْرُکَ اَوْسَعُ لِسِرِّکَ (تیرا سینہ تیرے اپنے راز کے لئے وسیع ترین جگہ ہے لہٰذا اپنی کمزوریاں کسی کو مت بتا)

﴿10﴾ مَا اَصْغَرَ اللِّسَانَ وَمَا اَکْثَرَ نَفْعَہٗ وَضَرَرَہٗ (زَبان کتنی چھوٹی سی ہے لیکن اس کا نفع ونقصان کتنا زیادہ ہوتا ہے)

﴿11﴾ جُرْحُ اللِّسَانِ اَنْکٰی مِنْ جُرْحِ السِّھَامِ (زبان کا زخم تیر کے زخم سے زیادہ تکلیف دِہ ہے)

﴿12﴾ مَنْ حَفِظَ لِسَانَہٗ نَجَا مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ (جس نے اپنی زَبان کی حفاظت کی اس نے (بہُت) ساری بُرائیوں سے نجات پائی)

﴿13﴾ لَا تَتْرُکْ لِسَانَکَ یَقْطَعُ عُنُقَکَ (اپنی زبان کو ایسا کُھلا مت چھوڑو کہ تمہاری گردن کٹوا دے)


www.dawateislami.net

﴿14﴾ مَنْ کَثُرَ کَلَامُہٗ قَلَّ فِعْلُہٗ (جس کی باتیں زیادہ ہوں اس کا کام کم ہوتا ہے)

﴿15﴾ مَنْ کَثُرَ کَلَامُہٗ کَثُرَ مَلَامُہٗ (جس کی گفتگو زیادہ ہو اُسے شرمندگی کا سامنا بھی زیادہ ہوتا ہے)

﴿16﴾ مَنْ عَذُبَ لِسَانُہٗ کَثُرَ اِخْوَانُہٗ (جس کی زَبان میٹھی ہو اُس کے دوست زیادہ ہوتے ہیں)

﴿17﴾ اَللِّسَانُ مِفْتَاحُ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ (بھلائی اور بُرائی کی چابی زبان ہے)

﴿18﴾ اَلْحَرْبُ اَوَّلُھَا کَلَامٌ (لڑائی کی ابتدا باتوں سے ہوتی ہے)

﴿19﴾ لِیْنُ الْکَلَامِ قَیْدُ الْقُلُوْبِ (نرم بول دِلوں کو لُوٹ لیتے ہیں)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## یاربّ! کرم فرما گیارہ حُروف کی نسبت سے 11 اُردو مُحاورے (مَعَ معانی)

(مُحاوَرہ: یعنی وہ الفاظ یا جملہ جسے اہلِ زبان نے لُغوی معنٰی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لئے مخصوص کر لیا ہو)

﴿1﴾ زَبان بدلنے سے گلی بدلنا بہتر ہے (یعنی وعدہ وفا نہ کرنے سے نقصان اُٹھانا بہتر ہے)

﴿2﴾ زَبان پر سر دینا (یعنی عہد پورا کرنے کے لئے جان کی بازی لگا دینا)

﴿3﴾ زَبان سے پھول جَھڑنا (یعنی نہایت میٹھا بولنا)

﴿4﴾ زَبان قینچی کی طرح چلنا (یعنی بہت تیزی سے گفتگو کرنا)

﴿5﴾ زَبان کو لگام دو (یعنی سوچ سمجھ کر بولو)

﴿6﴾ زَبان ہلانے سے کام نکلتا ہے (یعنی کہنے سُننے ہی سے کام ہوتا ہے، سِفارش سے مقصد حاصل ہوتا ہے)


www.dawateislami.net

﴿7﴾ **پہلے تولو بعد میں بولو** (یعنی پہلے غور کرلو بات کرنے جیسی ہو تو کرو ورنہ چُپ رہو)

﴿8﴾ **ایک چُپ سو سُکھ** (یعنی خاموشی میں آرام ہی آرام ہے)

﴿9﴾ **ایک چُپ سو کو ہرائے** (یعنی چُپ رہنے والا ہی کامیاب ہوتا ہے)

﴿10﴾ **جو بات دو ہونٹوں میں نہیں سماتی وہ کہیں بھی نہیں سماتی** (یعنی کسی کو راز بتا کر یہ اُمّید رکھنا بے کار ہے کہ دوسروں کو پتا نہیں چلے گا)

﴿11﴾ **زبان میں کُھجلی ہونا** (یعنی تُو تُو میں میں کرنے کو جی چاہنا)

## گناہوں کی عادتوں سے توبہ نصیب ہوگئی

**اے عاشقانِ رسول!** بے شک بات چیت بھی عمل ہے اگر رضائے الٰہی کے مُطابِق ہو تو ثواب، گناہ بھری ہو تو عذاب اور فُضُول ہو تو بروزِ آخرت حساب۔ ان چیزوں کی معلومات اور عمل کا جذبہ بڑھانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے **مَدَنی قافلوں** میں سفر کرنا مفید ہے۔ ایک ''مَدَنی بہار'' پیش کی جاتی ہے:

کراچی کے علاقے لائنز ایریا کے ایک نوجوان دِینی ماحول میں آنے سے پہلے گناہوں بھری زندگی گزار رہے تھے۔ جھوٹ بولنا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا، بات بات پر غُصّہ کرنا، ناجائز انگوٹھی اور چھلّے پہننا اور چُھنگلی کے ناخُن خوب بڑھا کر رکھنا وغیرہ گویا ان کی زندگی کا حصّہ بن چکا تھا، لوگوں کے سمجھانے کے باوجود بھی فائدہ نہ ہوتا۔ بالآخر اسلامی بھائیوں کی اِنفرادی کوشش کی بَرَکت سے ان کو **دعوتِ اسلامی** کے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے تین دن کے مَدَنی قافِلے میں سفر کی سعادت حاصل ہوئی، مَدَنی قافلے کی بَرَکت یہ ظاہر ہوئی کہ انہوں نے جھوٹ بولنے کی گندی عادت سے توبہ کی اور خوب بڑھایا ہوا ناخُن جو منْع کرنے کے باوجود بھی نہیں کاٹتے تھے اسے دورانِ مَدَنی قافلہ ہی کاٹ دیا۔ مزید یہ کہ انہوں نے اپنی بُری عادتوں سے توبہ کرتے ہوئے اچھی اچھی نیّتیں کیں کہ والِدَین سے مُعافی مانگ کر ان کو راضی کروں گا، اپنے غُصّے پر قابو رکھوں گا، **دعوتِ اسلامی** کے دِینی کاموں میں خود بھی حصّہ لوں گا اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دوں گا۔

**اے عاشقانِ رسول!** اس مَدَنی بہار میں آپ نے سنا کہ وہ نوجوان اسلامی بھائی ''ناجائز انگوٹھی اور چھلّے پہنا کرتے تھے،'' اس حوالے سے **مکتبۃ المدینہ** کی کتاب ''رَفِیقُ الْحَرَمَین'' صَفْحہ نمبر 82 پر ہے: اسلامی بھائی جب کبھی انگوٹھی پہنیں تو صِرف چاندی کی ساڑھے چار ماشے (یعنی 4 گرام 374 ملی گرام) سے کم وَزن کی ایک ہی انگوٹھی پہنیں ایک سے زیادہ نہ پہنیں اور اس ایک انگوٹھی میں نگینہ بھی ایک ہی ہو ایک سے زیادہ نگینے نہ ہوں اور بغیر نگینے کے بھی نہ پہنیں۔ نگینے کے وَزن کی کوئی قید نہیں۔ چاندی یا کسی اور دھات کا چھلّا (چاہے مدینے شریف ہی کا کیوں نہ ہو) یا چاندی کے بیان کردہ وَزن وغیرہ کے علاوہ کسی بھی دھات (میٹل۔METAL مثلاً سونا، تانبا، لوہا، پیتل، اسٹیل وغیرہ) کی انگوٹھی نہیں پہن سکتے۔ سونے چاندی یا کسی بھی دھات کی زنجیر گلے میں پہننا گُناہ ہے۔

نیز بَیان کردہ مَدَنی بہار میں یہ بھی تھا کہ وہ نوجوان ''چُھنگلی یعنی ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی کا ناخُن خوب بڑھا کر رکھتے تھے،'' اس بارے میں شَرعی مسئلہ یہ ہے کہ ''چالیس روز سے زیادہ ناخُن یا موئے بَغَل یا موئے زیرِ ناف (یعنی ناف کے نیچے کے بال) رکھنے کی اجازت نہیں، بعد چالیس روز کے گُناہ گار ہوں گے، ایک آدھ بار میں گناہِ صَغیرہ (یعنی چھوٹا گناہ) ہوگا، عادت ڈالنے سے کبیرہ (یعنی بڑا گناہ) ہوجائے گا، فِسْق ہوگا۔'' (فتاوٰی رضویہ ج۲۲ص ۶۷۸)

سنّتیں سیکھنے تین دن کیلئے
ہر مہینے چلیں قافلے میں چلو (وسائلِ بخشش ص ۶۷۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

**یاربَّ المصطفٰے!** ہمیں گُفتگو کرنے کے آداب پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اور ہماری زَبان سے کبھی بھی تیری ناراضی والی بات نہ نکلے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم



www.dawateislami.net

# نیکی کی دعوت (مُختَصَر)

**ہم اللہ پاک** کے گُناہ گار بندے اور اُس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے غُلام ہیں۔ یقیناً زِندگی مُختَصَر ہے، ہم ہر وَقْت موت کے قریب ہوتے جارہے ہیں۔ ہمیں جلْد ہی اندھیری قَبْر میں اُتار دیا جائے گا۔ نَجات **اللہ** پاک کا حُکم ماننے اور رسولِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں پر عمل کرنے میں ہے۔

**عاشقانِ رسول** کی دینی تحریک، ”دعوتِ اسلامی“ کا ایک مَدَنی قافِلہ............ سے آپ کے علاقے کی ............ مسجِد میں آیا ہوا ہے۔ ہم ”نیکی کی دعوت“ دینے کیلئے حاضر ہوئے ہیں۔ مسجِد میں ابھی دَرْس جاری ہے، دَرْس میں شرکت کرنے کیلئے مہربانی فرما کر ابھی تشریف لے چلئے، ہم آپ کو لینے کیلئے آئے ہیں، آیئے! تشریف لے چلئے! (اگر وہ تیّار نہ ہوں تو کہیں کہ) اگر ابھی نہیں آسکتے تو نَمازِ مَغرِب وہیں ادا فرمالیجئے۔ نَماز کے بعد اِنْ شَآءَاللہ سُنَّتوں بھرا بیان ہوگا۔ آپ سے دَرْخواست ہے کہ بیان ضَرور سُنئے گا۔ **اللہ** پاک ہمیں اور آپ کو دونوں جہانوں کی بھلائیاں نصیب فرمائے، **اٰمین**۔



www.dawateislami.net





اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن،
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# فُضُول باتوں سے بچنے کی فضیلت

یارَبَّ المصطَفٰی! جو کوئی ''فُضُول باتوں سے بچنے کی فضیلت'' کے 105 صَفْحات پڑھ یا سُن لے اُسے فُضُولیات سے بچا، نیک بنا اور بار بار حج و دیدارِ مدینہ کا شَرَف عطا فرما۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## کثرت سے دُرُود شریف پڑھنا کام آگیا

حضرتِ سیِّدُنا ابوبکر شِبلی بَغدادی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے مَرحوم پڑوسی کو خواب میں دیکھ کر پوچھا: مَا فَعَلَ اللّٰہُ بِکَ؟ یعنی اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا مُعاملہ فرمایا؟ وہ بولا: میں سَخْت ہولناکیوں سے دوچار (یعنی مُصیبت میں مبتلا) ہوا، مُنکر نکیر کے سُوالات کے جوابات بھی مجھ سے نہیں بَن پڑ رہے تھے، میں نے دِل میں خیال کیا کہ شاید میرا خاتمہ ایمان پر نہیں ہوا! اتنے میں آواز آئی: ''دُنیا میں زَبان کے غیر ضَروری اِستِعمال کی وجہ سے تجھے یہ سزا دی جارہی ہے۔'' اب عذاب کے فِرِشتے میری طرف بڑھے۔ اتنے میں ایک خوب صورت عُمدہ خوشبو والے صاحِب میرے اور عذاب کے درمیان آڑ ہو گئے اور انہوں نے مجھے مُنکر نکیر کے سوالات کے جوابات یاد دلا دیئے اور میں نے اُسی طرح جوابات دے دیئے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عذاب مجھ سے دُور ہوا۔ میں نے اُن بُزُرگ سے عَرض کی: اللہ پاک آپ پر رَحم فرمائے آپ کون ہیں؟ فرمایا: ''تیرے کثرت کے ساتھ دُرُود شریف پڑھنے کی بَرَکت سے میں پیدا ہوا ہوں اور مجھے ہر مُصیبت کے وَقْت تیری مدد پر مامُور کیا گیا ہے۔'' (اَلْقَوْلُ الْبَدِیع ص ۲۶۰)



www.dawateislami.net

آپ کا نامِ نامی اے صلِّ علیٰ
ہر جگہ ہر مُصیبت میں کام آ گیا

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب صلَّی اللہُ علیٰ محمَّد

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** یہاں آج کل بَدقسمتی سے خاموش رہنے والے بَہُت کم ملتے ہیں۔بَعضوں کی زَبان دِن بھر چلتی رہتی ہے، صِرف سوتے وَقت زَبان کو کچھ آرام ملتا ہوگا،اور بَعض تو نیند میں بھی باتیں کرنے لگ جاتے ہیں! جو زِیادہ بولتا ہے بسا اوقات اُس کے مُنہ سے جُھوٹ بھی نِکل سکتا ہے، غِیبَت بھی ہوسکتی ہے، چُغْل خوری بھی کر بیٹھتا ہوگا، راز بھی فاش کرڈالتا ہوگا، دِل آزاریاں بھی کرتا رہتا ہوگا، لوگوں کی ہر بات کو قینچی کی طرح کاٹتے رہنے کی وجہ سے اپنا وقار بھی کھو بیٹھتا ہوگا، بارہا ایسا بھی ہوتا ہوگا کہ بول کر پچھتاتا ہوگا، پھر باتونی شَخْص کے ''بک بک'' کرنے سے دوسروں کو بھی تو بوریت ہوتی ہے، لوگ بیزار ہو کر اُس سے پیچھا چُھڑانے کی کوشِش کرتے ہیں۔اَلْغَرض زِیادہ باتیں کرنے میں بے شُمار نُقصانات ہیں۔اسی لیے تو کسی نے کہا ہے کہ ''نہ بولنے میں نو گُن'' (یعنی نہ بولنے میں 9 خوبیاں) کیونکہ خاموش آدمی بَہُت ساری آفتوں سے اَمْن میں رہتا ہے۔ اللہ کریم ہم سب کو بے ضَرورت باتیں کرنے سے محفوظ فرمائے اور زَبان کی آفتوں سے بچائے۔ آمین۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب صلَّی اللہُ علیٰ محمَّد

## اللہ پاک کو فضول باتیں ناپسند ہیں

اللہ پاک کو فُضُول باتیں ناپسند ہیں، قراٰنِ کریم، پارہ 18 سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْن آیت 3 میں فُضُول باتوں کے مُتعلِّق ارشاد فرماتا ہے: وَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾ (آسان ترجَمۂ قرآن کنزُالْعِرفان : اور وہ جو فُضُول بات سے مُنہ پھیرنے والے ہیں)



www.dawateislami.net

## آیتِ مبارکہ کی تفسیر

**اس** آیتِ مُبارکہ میں کامیابی حاصل کرنے والے مومنوں کی دوسری خوبی کا بیان فرمایا گیا ہے کہ وہ ہر لَہْو و باطِل سے بچے رہتے ہیں۔ اِس آیتِ مُبارکہ میں ''لَغْو'' کا تذکرہ ہے اس سِلسلے میں تفسیر صراط الْجنان جِلْد 6 صَفْحَہ 499 تا 501 پر ہے: علّامہ احمد صاوی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''لَغْو سے مُراد ہر وہ قول، فِعْل اور ناپسندیدہ یا مُباح کام ہے جس کا مسلمان کو دینی یا دُنْیَوی کوئی فائدہ نہ ہو جیسے مَذاق مَسْخَرِی، بیہودہ (یعنی فُضُول) گفتگو، کھیل کود، فُضُول کاموں میں وَقْت ضائع کرنا، شَہوات (یعنی خواہِشات) پُوری کرنے میں ہی لگے رہنا وغیرہ وہ تمام کام جن سے **اللہ** پاک نے مَنْع فرمایا ہے۔ خُلاصہ یہ ہے کہ مسلمان کو اپنی آخرت کی بہتری کے لئے نیک اعمال کرنے میں مَصْروف رہنا چاہیے یا وہ اپنی زِندگی بَسر کرنے کے لئے بَقدرِ ضَرورت (حلال) مال کمانے کی کوشش میں لگا رہے۔'' (تفسير صاوى ج ٣، ٤ ص ١٣٥٦-١٣٥٧)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بے کار باتوں سے بچنے کی ترغیب

**اَحادیث** میں بھی لایعنی اور بیکار کاموں سے بچنے کی ترغیب دی گئی ہے، چُنانچہ حضرتِ ابوہُریرہ رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے، رسولُ **اللہ** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آدمی کے اسلام کی اچھائی میں سے یہ ہے کہ وہ لایعنی چیز چھوڑ دے۔'' (موطا امام مالك ج ٢ ص ٤٠٣ حديث ١٧١٨) یعنی جو چیز کار آمد نہ ہو اس میں نہ پڑے، زَبان، دل اور دیگر اَعْضا کو بے کار باتوں کی طرف مُتَوَجِّہ نہ کرے۔ (بہارِ شریعت ج ٣ ص ٥٢٠)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## نَجات کیا ہے؟

**حضرتِ** سیِّدُنا عُقْبَہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں حُضُورِ اَقدس صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی خِدمت میں حاضِر ہوا اور عَرض کی: نَجات کیا ہے؟'' ارشاد فرمایا:


www.dawateislami.net

اپنی زَبان پر قابُو رکھو اور تمہارا گھر تمہارے لیے گُنجائش رکھے (یعنی بے کار اِدھر اُدھر نہ جاؤ) اور اپنی خَطا پر آنسو بہاؤ۔ (ترمذی ج ٤ ص ١٨٢ حدیث ٢٤١٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## زبان کی حفاظت کرنے کی ضرورت اور اس کے فوائد و نقصانات

**یاد رہے** کہ زَبان کی حِفاظَت ونگہداشت اور فُضُولیات و لَغوِیات سے اسے باز رکھنا بَہُت ضَروری ہے کیونکہ زیادہ سرکشی اور سب سے زِیادہ فَساد ونُقصان اسی زبان سے رونما ہوتا ہے اور جو شخص زبان کو کُھلی چُھٹّی دے دیتا اور اس کی لگام ڈھیلی چھوڑ دیتا ہے تو شیطان اسے ہَلاکت میں ڈال دیتا ہے۔ زَبان کی حفاظَت کرنے کا **ایک فائدہ** یہ بھی ہے کہ اس سے نیک اَعمال کی حِفاظَت ہوتی ہے کیونکہ جو شخص زَبان کی حِفاظَت نہیں کرتا بلکہ ہر وَقت گُفتگو میں مَصرُوف رہتا ہے تو ایسا شخص لوگوں کی غیبت میں مُبتَلا ہونے سے بچ نہیں پاتا، یونہی اس سے کُفرِیَّہ اَلفاظ نِکل جانے کا بَہُت اَندیشہ (یعنی RISK) رہتا ہے اور یہ دونوں ایسے عمل ہیں جس سے بندے کے نیک اعمال ضائع ہوجاتے ہیں۔

## کھجوروں کا تھال (واقعہ)

**حضرتِ** امام حَسَن بَصری رضی اللہ عنہ سے کسی شخص نے کہا: فُلاں شخص نے آپ کی غیبت کی ہے۔ یہ سن کر آپ نے غیبت کرنے والے آدمی کو کَھجوروں کا تھال بَھر کر روانہ کیا اور ساتھ میں یہ کہلا بھیجا: سُنا ہے کہ تم نے مجھے اپنی نیکیاں ہدِیَّہ (یعنی GIFT) کی ہیں، تو میں نے ان کا بَدلہ دینا بہتر جانا (اس لئے کھجوروں کا یہ تھال حاضِر ہے)۔ (منہاج العابدین ص ٦٥)

## لوگ کہیں تمہارے دانت نہ توڑ دیں

اور **دوسرا فائِدہ** یہ ہے کہ زَبان کی حِفاظَت کرنے سے اِنسان دنیا کی آفات سے محفوظ رہتا ہے، چُنانچِہ حضرتِ سُفیان ثَوری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: زَبان سے ایسی بات نہ نکالو جسے سُن کر لوگ تمہارے دانت توڑ دیں۔ اور ایک بُزُرگ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے



www.dawateislami.net

ہیں: اپنی زَبان کو بے لگام نہ چھوڑو تاکہ یہ تمہیں کسی فَساد میں مُبتَلا نہ کر دے۔ (منهاج العابدين ص ٦٦)

## ایک فضول سوال کی انوکھی سزا (واقعہ)

نیز زَبان کی حِفاظَت نہ کرنے کا **ایک نُقْصان** یہ ہے کہ بَندہ ناجائز وحرام، لَغْو اور بیکار باتوں میں مَصروف ہو کر گُناہوں میں مُبتَلا ہوتا اور اپنی زِندگی کی قیمتی ترین چیز ''وَقْت'' کو ضائع کر دیتا ہے۔ حضرتِ حَسّان بن سِنان رَحْمَةُ اللهِ عليه کے بارے میں مَروی ہے کہ آپ ایک بالا خانے (یعنی مکان کی چھت پر بنایا جانے والا کمرے) کے پاس سے گُزرے تو اس کے مالِک سے پوچھا: یہ بالاخانہ بنائے تمہیں کتنا عَرصہ گزرا ہے؟ یہ سُوال کرنے کے بعد آپ کو دِل میں سَخْت نَدامت (یعنی شَرمِندَگی) ہوئی اور نَفْس کو مُخاطَب کرتے ہوئے یوں فرمایا: ''اے مَغْرور نَفس! تُو فُضُول اور لایعنی سوالات میں قیمتی ترین وَقْت کو ضائع کرتا ہے!'' پھر اس فُضُول سوال کے کفّارے میں آپ نے ایک سال روزے رکھے۔ (منهاج العابدين ص ٦٥)

## دوزخ کا عذاب کوئی برداشت نہیں کرسکتا

اور **دوسرا نُقْصان** یہ ہے کہ ناجائز وحرام گُفتگو کی وجہ سے انسان قِیامَت کے دن جہنَّم کے دَرْدناک عَذاب میں مُبتَلا ہوسکتا ہے جسے بَرداشت کرنے کی طاقَت کسی میں نہیں۔ لہٰذا عافیَت اسی میں ہے کہ بَندہ اپنی زَبان کی حفاظَت کرے اور اِسے ان باتوں کے لئے اِستِعمال کرے جو اُسے دنیا اور آخرت میں نَفْع دیں۔ **اللہ** پاک تمام مُسلمانوں کو زَبان کی حِفاظَت ونگہداشت کرنے کی توفیق عَطا فرمائے، امین۔ (صراط الجنان ج۶ص۴۹۹ تا ۵۰۱)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللهُ علٰی محمَّد

## بھاری اعمال

حضرتِ سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ **اللہ** پاک کے پیارے رسول صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسا عَمَل نہ بتاؤں جو بدن پر ہلکا اور میزان (یعنی SCALE) میں بھاری ہو؟'' میں نے عَرض کی: کیوں نہیں۔ ارشاد فرمایا: وہ خاموشی، اچھے اَخلاق اور بے فائدہ

گُفتگو کو چھوڑ دینا ہے۔ (اَلصَّمتُ لِابنِ اَبِی الدُّنیا مع موسوعه ج۷ ص۸۷ حديث ۱۱۲)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## آدمی کی خوبصورتی کیا ہے؟!

ہمارے پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اپنے چچا جان حضرتِ عبّاس رضی اللہ عنہ سے اِرشاد فرمایا: تمہاری خوبصورتی نے مجھے تعجُّب میں ڈال دیا۔ حضرتِ سیِّدُنا عباس رضی اللہ عنہ نے عَرض کی: یا رسولَ اللہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم! آدمی کی خوبصورتی کیا ہے؟ آپ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: اُس کی زَبان۔ (ادب الدنيا والدين ص ۲۴۱)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## آقا صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی نصیحت

جنّت کے نوجوانوں کے سردار، صَحابی ابنِ صَحابی حضرتِ امام حُسین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے نانا جان، مکّے مدینے کے سُلطان صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کو صَحابۂ کرام عَلَيهِمُ الرِّضْوَان کو جو نَصیحتیں فرماتے سُنا اُن میں سے ایک یہ بھی ہے: ’’خوشخبری ہے اُس کے لئے جو فُضُول گُفتگو سے رُکا رہا۔‘‘ (حلية الاولیا ج۳ ص۲۳۶ حديث ۳۸۱۷)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## دُعائے مصطفٰے

حضرتِ اَنَس بن مالِک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حُضُورِ نبیِ اکرم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے تین بار یہ بات ارشاد فرمائی: ’’اللہ پاک اُس پر رَحم فرمائے! جو بات کرتا ہے تو فائِدہ (یعنی ثواب) پاتا ہے اور خاموش رہتا ہے تو سَلامَت رہتا ہے۔‘‘ (شعب الايمان ج٤ ص ۲٤۱ حديث ٤٩٣٨)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

## اللہُ رَبُّ العِزّت کی نظرِ عنایت پھر جانے کی عَلامت

فرمانِ امام حَسَن بَصری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ: بندے کا بے فائِدہ کاموں میں مَشْغول ہونا اِس بات کی عَلامَت (یعنی نِشانی) ہے کہ **اللہ** پاک نے اس سے اپنی نَظَرِ رَحْمت پھیر لی ہے۔ (التمهيد لابن عبدالبر ج٤ ص ١٧٩)

## فُضُول بولنے والے کے گُناہ سب سے زیادہ

صَحابی ابنِ صَحابی حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن ابی اَوفٰی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مکّی مَدَنی مصطَفٰی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشادفرمایا: قِیامَت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ اُس کے گُناہ ہوں گے جوسب سے زیادہ لایعنی (یعنی بے کار۔فُضُول) باتیں کرے۔ (جامع صغير ص٨٦ حديث ١٣٨٦)

**شَرحِ حدیث:** اس لیے کہ جوزِیادہ باتیں کرے گا اُس میں بے کاراورخلافِ شرٖیعت باتیں بھی زِیادہ ہوں گی توخِلافِ شَرِیعَت باتوں سے اُس کے گُناہ بڑھیں گےاور اِس طَرَف اُس کی توجُّہ بھی نہ ہوگی۔

(التيسير شرح الجامع الصغير ج١ ص٢٠٠، فتاویٰ رضویه ج٢٨ ص٦٤٥ تسهيلاً)

## حضرتِ عبدُاللہ ابنِ ابی اوفٰی کا ذِکرِ خیر

آئیے! یہ روایت بیان کرنے والےصَحابی نبی حضرتِ عبدُ اللہ بن ابی اَوفٰی رضی اللہ عنہما کے مبارک حالات سُنتے ہیں، آپ کا نام: عبدُ اللہ بن ابی اَوفٰی اور کُنیت: ابومُعاویہ ہے۔

## زکوٰۃ دینے والے کے لیے دُعا

صَحابی ابنِ صَحابی حضرت سیِّدُنا عبدُ اللہ بن ابی اَوفٰی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبیِ کریم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی خِدمَت میں میرے والِد (ابی اَوفٰی رضی اللہ عنہ) زکوٰۃ لے کر حاضِر ہوئے تو آپ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے یہ دُعا دی: اَللّٰھُمَّ صَلِّ

فرمانِ مصطفےٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جس کے پاس میرا ذِکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو وہ لوگوں میں سے کنجوس ترین شخص ہے۔ (مسند احمد)

عَلٰی اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰی۔ یعنی اے **اللہ**! ابو اَوفٰی کی آل پر رَحمت نازِل فرما! (بخاری ج ۱ ص ۵۰۴ حدیث ۱۴۹۷ مختصراً)

**حضرتِ** مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ اس حدیثِ پاک کی وَضاحت میں لکھتے ہیں: حضرتِ **عبدُ اللہ** رضی اللہ عنہ فَخرِیہ طور پر خُدا کا شکر ادا کر رہے ہیں کہ حُضُورِ انور صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُعائیں ہمیں اور ہمارے والِدِ مُحتَرم کو بھی مِل چکی ہیں۔ بَعض نے فرمایا کہ یہاں لفظ آل زائِد ہے مگر حق یہ ہے کہ آل اپنے مَعنٰی ہی میں ہے، حُضُورِ انور صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم صِرف ان لوگوں ہی کو نہیں بلکہ ان کے بال بچّوں سارے گھر والوں کو بھی دُعائیں دیتے ہیں۔ (مرآت ج ۳ ص ۱۱)

## صحابیِ نبی سے امام ابوحنیفہ کی مُلاقات

مِرآت میں ہے: حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللہ بن ابی اَوفٰی رضی اللہ عنہما کُوفے میں 87 ہجری میں وَفات پانے والے آخری صَحابی ہیں۔ آپ اُن صَحابہ سے ہیں جن سے حضرتِ امام ابوحَنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) کی مُلاقات ہے کیونکہ آپ کی وَفات کے وقت امامِ اَعظم کی عُمر 7 سال (اور بَعض کے نزدیک 17 سال (نزہۃ القاری ج ۱ ص ۷۰ ماخوذاً)) تھی۔ (مرآت ج ۵ ص ۳۸۲) **اللہُ ربُّ العِزّت کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔** اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## فُضُول بات کسے کہتے ہیں؟

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** حضرتِ امام محمد بن محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ ''اِحیاءُ الْعُلُوم'' میں فرماتے ہیں: اگر ایک کلمے (یعنی لفظ) سے اِس (بات کرنے والے) کا مَقْصود (یعنی مَطلب) حاصِل ہو سکتا ہو اور وہ دو کلمے (یعنی دو اَلفاظ) اِستِعمال کرے تو **دوسرا کلمہ فُضُول** یعنی حاجَت (یعنی ضَرورت) سے زِیادہ ہوگا۔ (اِحیاءُ العُلُوم ج ۳ ص ۱۴۱) اگر ایک لفظ سے کام نہ چلتا ہو تو ایسی صورت میں دو یا ضَرورت کے مُطابِق جتنے بھی اَلفاظ بولے گئے وہ **فُضُول نہیں**۔ جن چیزوں میں نُقصان ہے اور مُؤاخَذہ (مُ۔آ۔خَ۔ذَہ یعنی پوچھ گچھ) اور عَذاب ہے اُن سے بچنا تو ہر اِنسان کی عَقْل کا بھی تقاضا ہے، لیکن جو باتیں ایسی ہوں جن سے نہ نَفْع ہو نہ



www.dawateislami.net

نُقْصان وہ بھی دَرحقیقت نُقْصان ہی کی باتیں ہیں کیونکہ جِتنی دیر ایسی باتیں کیں اُتنی دیر ذِکْر و دُرُود ہوسکتا تھا، تلاوت کر سکتے تھے۔ اِن مَنافِع (یعنی فائدوں) کا ضائع ہونا نُقصان نہیں تو اور کیا ہے؟ پھر جب فُضُول باتیں شُرُوع ہوجاتی ہیں تو بڑھتے بڑھتے (بَسا اوقات) لوگوں کی بُرائیوں اور غِیبتوں تک نوبت پُہنچ جاتی ہے۔ اس لیے خیر (یعنی بھلائی) اِسی میں ہے کہ خاموش رہے یا **اللہ** پاک کا ذِکْر کرے، اور بقدرِ ضَرورت دُنیا کی تھوڑی بہُت بات کرے جو جائز اُمور سے متعلّق ہو، دُنیا کی جائز باتوں کی کثرت بھی دِل میں قَساوت یعنی سختی پیدا ہونے کا ذَرِیعہ بن جاتی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## خاموشی فکرِ آخرت سے خالی ہو تو غفلت ہے

**حضرتِ** عیسٰی عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کا اِرشادِ مُبارک ہے کہ **اللہ** پاک کے ذِکْر سے جو گُفتگو خالی ہے وہ لَغْو (یعنی فُضول) ہے اور جو خاموشی فکرِ آخرت سے خالی ہے وہ **غَفْلت** ہے۔ اور جو نِگاہ عِبْرت سے خالی ہے وہ فُضُول و بے کار ہے۔ وہ شَخْص مُبارَک (یعنی بَرَکت والا) ہے جس کی بات چیت میں **اللہ** پاک کا ذِکر ہے، جس کی خاموشی میں غور وفِکْر ہے، جس کی آنکھ میں عِبْرت ہے۔ (تنبيه الغافلين ص۱۱۵)

## غفلت کسے کہتے ہیں؟

**اے عاشِقانِ رسول!** اس فرمانِ عیسٰی عَلَيْهِ السَّلَام میں یہ بھی ہے کہ ''جو خاموشی فِکْرِ آخرت سے خالی ہے وہ **غَفْلت** ہے۔'' آئیے! جانتے ہیں کہ غَفلت کیا ہے۔ ''اَلتَّعرِیفات'' میں ہے: اَلْغَفْلَة : مُتَابَعَةُ النَّفْسِ عَلٰى مَا تَشْتَهِيهِ۔ یعنی ''نَفْس کو خواہِشات کے پیچھے لگائے رکھنا **غَفْلت** کہلاتا ہے۔'' (التعريفات للجرجانى ص۱۱۶)

غافِلوں کی مَذَمَّت میں قراٰنِ کریم پارہ 9 سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف آیت 205 میں اِرشادِ اِلٰہی ہے:



www.dawateislami.net

وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِیْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِیْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ (۲۰۵)

آسان ترجمۂ قرآن کنزُالعِرفان: اور اپنے ربّ کو اپنے دِل میں یاد کرو گڑگڑاتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے اور بُلندی سے کچھ کم آواز میں صُبح و شام، اور غافِلوں میں سے نہ ہونا۔

## مجھے تم پر غفلت کا خوف ہے

**بُخاری** شریف کی ایک حدیثِ پاک میں یہ بھی ہے: **اللہ** پاک کی قسم! مجھے تُم پر فَقْر (یعنی غُربت) کا خوف نہیں لیکن مجھے ڈر ہے کہ تُم پر دُنیا پھیلا دی جائے گی جیسا کہ تُم سے پہلی قوموں پر پھیلائی گئی تھی، پس تم بھی اس دُنیا کی خاطِر پہلے لوگوں کی طرح باہَم (یعنی آپس میں) مُقابلہ کرو گے، اور یہ تمہیں **غَفْلت** میں ڈال دے گی جس طرح اس نے پچھلی قوموں کو غافِل کر دیا۔ (بخاری ج٤ ص٢٢٥ تا ٢٢٦ حدیث ٦٤٢٥)

## بلکہ نمازیں قضا ہونے پر رو رہا ہوں

**"مُکَاشَفَةُ الْقُلُوب"** میں ہے: حضرتِ سیِّدُنا شیخ ابوعلی دَقّاق رَحْمَةُ اللهِ عليه فرماتے ہیں: ایک بَہُت بڑے **ولیُّ اللہ** رَحْمَةُ اللهِ عليه سَخْت بیمار تھے، میں عِیادت کے لیے حاضِر ہوا، اِرْدگِرد مُعتَقِدین کا ہُجُوم تھا، وہ بُزُرگ رَحْمَةُ اللهِ عليه رو رہے تھے۔ میں نے عَرْض کی: **اے شیخ!** کیا دُنیا چُھوٹنے پر رو رہے ہیں؟ فرمایا: نہیں، بلکہ نَمازیں قَضا ہونے پر رو رہا ہوں۔ میں نے عَرْض کی: حُضُور! آپ کی نمازیں کیونکر قَضا ہو گئیں؟ فرمایا: میں نے جب بھی سَجدہ کیا تو **غَفْلت** کے ساتھ اور جب سَجدے سے سر اٹھایا تو **غَفْلت** کے ساتھ اور اب **غَفْلت** ہی میں موت سے ہم آغوش ہو رہا ہوں، پھر ایک آہِ سَرد دِلِ پُر دَرد سے کھینچ کر چار عَرَبی اَشعار پڑھے جن کا تَرجمہ یہ ہے: ﴿1﴾ میں نے اپنے حَشْر (یعنی اٹھائے جانے)، قِیامت کے دن اور قَبْر میں اپنے رُخسار (یعنی گال) کے پڑا ہونے کے بارے میں غور کیا ﴿2﴾ (مجھے ملی ہوئی) اِتنی عزّت و رِفْعت (یعنی بُلندی) کے بعد (بھی) میں اکیلا پڑا ہوں گا اور اپنے جُرم کی بِنا پر رَہْن (یعنی گِروی) ہوں گا اور خاک ہی میرا تکیہ ہوگی ﴿3﴾ میں نے اپنے حِساب کی طَوالت (یعنی لَمبا



www.dawateislami.net

ہونے) اور نامۂ اعمال دیئے جانے کے وَقت کی رُسوائی کے بارے میں بھی سوچا (4) مگر اے مجھے پیدا کرنے والے اور مجھے پالنے والے! مجھے تجھ سے رَحمت کی اُمّید ہے، تُو ہی میری خطاؤں کو بخشنے والا ہے۔ (مُکاشَفۃُ القُلوب ص ۲۲)

## روتا ہوا داخلِ جہنّم ہوگا

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** اِس واقِعے میں کس قَدَر عبرت ہے! ذرا اِن اللہ والوں کو دیکھئے جِن کا ہر لمحہ یادِ الٰہی میں بسر ہوتا ہے مگر پھر بھی عاجِزی کا عالَم یہ ہے کہ اپنی عِبادات و رِیاضات کو کسی خاطِر میں نہیں لاتے اور اللہ پاک کی بے نیازی اور اُس کی **خُفیہ تدبیر** سے ڈَرتے ہوئے گِریہ وزاری کرتے (یعنی روتے دھوتے) ہیں۔ اُن غَفلت کے ماروں پر صد کروڑ افسوس کہ نیکی کے نُون کا نُکتہ تک جن کے پلّے نہیں، اِخلاص کا دُور دُور تک نام ونشان نہیں مگر حال یہ ہے کہ اپنی عِبادتوں کے بُلند بانگ دعوے کرتے نہیں تھکتے! اللہ پاک کے نیک بندے گُناہوں سے مَحفوظ ہونے کے باوُجود خوفِ الٰہی سے تھر تھراتے کپکپاتے اور ٹَپ ٹَپ آنسو گراتے ہیں، مگر غفلت شِعار بندوں کا حال یہ ہے کہ بے دھڑک معصیت (یعنی نافرمانی) کا سِلسِلہ چلاتے، اپنے گُناہوں کا عام اِعلان سُناتے اور پھر اس پر زور زور سے قہقہے لگاتے ذرا نہیں لَجاتے، کان کھول کر سنئے! مُکاشَفۃُ القُلوب میں ہے: حضرتِ سیِّدُنا ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ''جو ہنس کر گُناہ کرے گا وہ روتا ہوا جہنّم میں داخِل ہوگا۔'' (مُکاشَفۃُ القُلوب ص ۲۷۵)

گُناہوں سے مجھ کو بچا یاالٰہی!
بُری عادتیں بھی چُھڑا یاالٰہی! (وسائلِ بخشش ص ۱۰۰)

## بُزُرگ نے خواب میں بشارت دی

**اے عاشِقانِ رسول!** غَفلت کی نیند اُڑانے، گُناہوں کی عادت چُھڑانے اور سنّتوں پر عَمَل کا جَذبہ بڑھانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے سنّتیں سیکھنے سِکھانے کے **مَدَنی قافلوں** میں سَفَر کیجئے۔ آپ کی ترغیب کیلئے ایک ایمان افروز ''**مَدَنی بہار**'' پیشِ خِدمت ہے: چُنانچہ وہاڑی پنجاب کے ایک اسلامی بھائی دِینی ماحول میں آنے سے پہلے مُختلف طرح کے



www.dawateislami.net

گُناہوں میں مُبتَلا تھے، وہ جِسْمانی طور پر اگرچہ صِحَّت مَند تھے لیکن عِبادَت کے مُعاملے میں بَہُت کمزور تھے، جیسے جیسے جوانی کے قَریب ہوتے رہے ویسے ویسے نیکیوں سے دُور ہوتے چلے گئے۔ بُرائیوں میں زِندگی گزارنے لگے۔ گانے باجے، فِلمیں ڈرامے، جُھوٹ، غِیْبَت اور طرح طرح کے گُناہوں میں وَقْت بَرباد ہوتا رہا اور صِرْف یہی نہیں بلکہ ان کی ڈاؤن لوڈنگ کی دکان تھی جس کے ذَرِیْعے وہ خود تو گُناہ کرتے ہی تھے مَزید دوسروں کے موبائل میں فِلمیں ڈرامے، گانے باجے ڈاؤن لوڈ کر کے ان کے اس گُناہ میں شامل ہوجاتے تھے اور اس کے پیسے بھی لیتے تھے۔ ان کی زِندگی گُناہوں کے اَندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی، حتّٰی کہ وہ اپنے آپ کو دنیا کا سب سے بُرا اِنسان سمجھنے لگے، اَلْبَتّہ دعوتِ اسلامی سے انہیں بچپن ہی سے مَحبّت تھی جس بنا پر وہ کسی طرح اسلامی بھائیوں سے رابطہ کر کے تین دن کے مَدَنی قافِلے کے مُسافِر بن گئے۔ مَدَنی قافِلے میں انہیں بَہُت کچھ سیکھنے کو مِلا، جِس کی وَجہ سے ان کی مَحبت **دعوتِ اسلامی** سے مَزید بڑھ گئی۔ ایک روز جب یہ گھر کے حالات کی وَجہ سے پَریشان تھے اور اسی پَریشانی کے عالَم میں جب یہ سوئے تو خواب میں دیکھا کہ ایک بُزُرگ ان سے فرمارہے ہیں کہ ”چھوٹے بھائی کو لے کر فَیضانِ مدینہ (کراچی) آجانا، اِنْ شَآءَ اللہ سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔“ اِتنا سُننا تھا کہ ان کی آنکھ کُھل گئی۔ پھر انہوں نے گھر والوں کو یہ خواب بتایا اور چھوٹے بھائی کو لے کر فَیضانِ مدینہ کراچی جانے کی اِجازَت چاہی، جِس پر ان کے گھر والے راضی ہوگئے۔ فَیضانِ مدینہ کراچی پَہُنچ کر ان دونوں نے پُورے ماہِ رَمَضان کا اِعتِکاف کیا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم اعتِکاف کی بَرَکت سے انہوں نے اپنے تمام بُرے کاموں سے توبہ کی اور سَر پر عِمامے شریف کا تاج سَجانے کے ساتھ ساتھ حُضُور غوثِ اَعظَم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے مُریدوں میں بھی شامل ہوگئے۔

**اے عاشقانِ اولیا!** جوانی میں توبہ کرلینا اور اللہُ رَبُّ الْعِزَّت کی اِطاعَت وفرماں برداری میں مَشْغول ہوجانا بَہُت بڑی سَعادَت ہے۔ اللہ کے پیارے نبی صَلَّی اللہُ علیہ والہٖ وسلَّم کا خوشیوں بھرا فرمان ہے: ”جوانی میں توبہ کرنے والا شَخْص اللہ پاک کا مَحْبُوب (یعنی پیارا) ہے۔“ (کتاب التوبۃ مع موسوعہ امام ابن ابی دنیا ج ٣ ص ٤٢٢ حدیث ١٨٤) اپنی جوانی

عِبادَت میں گزار دینے والے کو قِیامَت کے دن عَرش کا سایہ نَصیب ہوگا۔ (مسلم ص ٣٩٩ حدیث ٢٣٨٠) نیز صوفیائے کِرام فرماتے ہیں کہ جوانی کی عِبادَت بڑھاپے کی عِبادَت سے اَفْضَل ہے کہ عِبادات کا اصل وَقْت جوانی ہے۔

کر جوانی میں عِبادت کاہِلی اچّھی نہیں ‌ ‌ ‌ جب بڑھاپا آ گیا کچھ بات بَن پڑتی نہیں
ہے بڑھاپا بھی غَنیمت جب جوانی ہوچکی ‌ ‌ ‌ یہ بڑھاپا بھی نہ ہوگا موت جس دَم آگئی

(مراٰۃ المناجیح ج٣ ص١٦٧)

اللہُ ربُّ العِزّت ہمیں زِندگی کے آخری سانس تک اپنا فرماں بَردار رکھے اور عِبادَت میں اِخْلاص و لَذّت عِنایت عطا فرمائے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ‌ ‌ ‌ صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بولنے اور چُپ رہنے کی دو قسمیں

فرمانِ مصطَفٰے صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم ہے: اِمْلَاءُ الْخَیْرِ خَیْرٌ مِّنَ السُّکُوْتِ وَالسُّکُوْتُ خَیْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔ یعنی اچّھی بات کہنا خاموشی سے بہتر ہے اور خاموش رہنا بُری بات کہنے سے بہتر ہے۔ (شُعَبُ الْاِیمان ج ٤ ص ٢٥٦ حدیث ٤٩٩٣) حضرتِ علی بن عثمان ہجویری حَنَفی اَلْمَعروف داتا گنج بخش رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ''کَشْفُ الْمَحجُوب'' میں فرماتے ہیں: **کلام** (یعنی بولنا) دو طرح کا ہوتا ہے۔ **ایک** کلامِ حق (یعنی اچّھی گُفتگو) اور **دوسرا** کلامِ باطِل (یعنی غَلَط و بے کار گُفتگو)، اِسی طرح **خاموشی** بھی دو طرح کی ہوتی ہے: (١) بامَقْصد خاموشی (مَثَلاً فِکرِ آخرت یا شَرْعی اَحکام پر غور وخَوض وغیرہ کیلئے چُپ رہنا) (٢) غَفلت بھری (یا مَعَاذَاللہ گندے تصوّرات یا دنیا کے بے جا خَیالات سے بھرپور) خاموشی۔ ہر شَخْص کو سُکُوت (یعنی خاموشی) کی حالَت میں خوب اچّھی طرح غور کرلینا چاہئے کہ اگر اِس کا بولنا حق (یعنی اچّھا) ہے تو اب بولنا اُس کی خاموشی سے بہتر ہے اور اگر اُس کا بولنا باطِل (یعنی غلط یا فُضُول) ہے تو ایسے موقع پر اُس کی خاموشی اس کے بولنے سے بہتر ہے۔ حُضُور داتا گنج بخش علی ہجویری رَحْمۃُ



www.dawateislami.net





گُفتگو کے حق یا باطِل ہونے کے مُتعلِّق سمجھانے کیلئے ایک **واقِعہ** بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: حضرتِ ابوبکر شبلی بَغدادی رَحْمۃُ اللہِ علیہ نے ایک مَرتبہ بَغداد شریف کے ایک مَحَلّے سے گُزرتے ہوئے ایک شَخْص کو سُنا وہ کہہ رہا تھا: اَلسُّکُوتُ خَیْرٌ مِّنَ الْکَلَامِ یعنی ''خاموشی بولنے سے بہتر ہے۔'' آپ رَحْمۃُ اللہِ علیہ نے اسے فرمایا: ''(چونکہ ہر صورت میں خاموشی اچھّی نہیں لہٰذا) تیرے (یہ جُملے) بولنے سے تیرا خاموش رہنا اچھا ہے اور میرا بولنا خاموش رہنے سے بہتر ہے۔'' (ماخوذ آز کشف المحجوب ص ٤٠٢)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## زبان کی حفاظت نہ کرنے والے پر شیطان غلبہ پالیتا ہے

**زِیادہ** ''بَک بَک'' کرنے والوں پر شیطان غالِب آجاتا ہے، کیونکہ جب آدمی زِیادہ باتونی ہوتا ہے تو خَطاؤں کا اِمکان بڑھ جاتا ہے۔ اور ہوسکتا ہے کہ شیطان اُس سے گُناہ کروانے میں کامیاب ہوجائے۔ اَلبتَّہ جو خاموش رہنے کا عادِی ہے وہ شیطان پر غَلَبہ (یعنی برتری، جیت) پالیتا ہے۔

حضرتِ ابوسَعید خُدری رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے، ایک آدَمی نے مکّی مَدَنی تاجدار صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سے عَرض کی: یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم! مجھے کوئی نَصیحت فرمائیے۔ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: **اللہ** پاک کا تقویٰ لازِم پکڑ لو کہ تمام بَھلائیوں کی اَصل (یعنی جڑ) ہے اور جِہاد کو لازِم پکڑ لو کہ یہ اہلِ اسلام کی رَہبانیّت (یعنی گوشہ نشینی) ہے اور ذِکرُ اللہ وتِلاوتِ قرآنِ پاک کی پابندی کرو کہ یہ تمہارے لیے زمین میں نُور اور آسمانوں میں تمہارے تذکرے کا باعِث ہوگا۔ اور کلمۂ خیر (یعنی اچھی بات) کے سِوا اپنی زَبان کی حِفاظت کرو کہ اس کی بدولت تُم شیطان پر غَلَبہ پالو گے۔ (معجم صغیر ج ٢ ص ٦٦)

## شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار

حضرتِ امام محمد بن محمد غزالی رَحْمۃُ اللہِ علیہ ''اِحیاءُ الْعُلُوم'' میں فرماتے ہیں: اِنسان کو بہکانے میں زَبان شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔

(احیاء العلوم ج ٣ ص ١٣٣)



www.dawateislami.net

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## صدِّیقِ اکبر مُنہ میں پتھر رکھ لیتے

**مسلمانوں** کے پہلے خلیفہ عاشقِ اکبر، حضرتِ **صدیقِ** اکبر رضی اللہ عنہ قطعی (یعنی یقینی) جنّتی ہونے کے باوُجود **زبان** کے مُعاملے میں کافی اِحتِیاط فرمایا کرتے تھے، ''اِحیاءُ الْعُلوم'' میں ہے: ''حضرتِ ابوبکر صِدّیق رضی اللہ عنہ اپنے **مبارک مُنہ میں** پتّھر رکھ لیا کرتے تھے تاکہ بات کرنے کا موقع ہی نہ رہے۔'' (اِحیاءُ الْعُلوم ج ۳ ص ۱۳۷)

## 40 برس تک خاموشی کی مشق (واقِعہ)

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** اگر آپ واقِعی خاموشی کی عادت بنانا چاہتے ہیں تو اس کو سَنجیدہ (یعنی سیرِیس، SERIOUS) لینا ہوگا، اور چُپ رہنے کی خوب مَشق (یعنی PRACTICE) کرنی پڑے گی، وَرنہ مَعمولی سی کوشش سے خاموشی کی عادت بننا دُشوار ہے۔ زَبان کے غیر ضَروری اِستِعمال کی تَباہ کاریوں سے خود کو ڈراتے ہوئے خاموشی کی عادت بَنانے کی بھرپور کوشش فرمائیے اِنْ شَآءَ اللہُ الْکریم کامیابی آپ کے قَدَم چومے گی۔ آیئے! ایک کوشش کرنے والے کی اِستِقامَت کا **واقِعہ** سُنتے ہیں، حضرتِ اَرطاہ بن مُنذِر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایک صاحِب **چالیس سال** تک خاموش رہنے کی اس طرح ''مَشق'' (یعنی PRACTICE) کرتے رہے کہ اپنے مُنہ میں پتّھر رکھ لیتے، یہاں تک کہ (نَماز یا اَذکار یا) کھانے یا پینے یا سونے کے علاوہ وہ پتّھر مُنہ سے نہ نکالتے۔ (اَلصَّمت مع موسوعہ ابن اَبِی الدُّنیا ج ۷ ص ۲۰٦ قول نمبر ٤٣٨)

## گفتگو لکھ کر اُس کا جائزہ لینے والے تابِعی بُزُرگ

**تابِعی** بُزُرگ حضرتِ سیِّدُنا رَبیع بن خُثَیم رحمۃ اللہ علیہ نے 20 سال تک دُنیاوی بات زَبان سے نہیں کی، جب صُبح ہوتی تو قلم و دَوات (یعنی INKPOT) اور کاغذ لے لیتے اور دن بھر جو بولتے اُسے لکھ لیتے اور شام کو اپنا **مُحاسبہ** (یعنی خود سے پوچھ گچھ) فرماتے۔ یعنی اُس لکھے ہوئے کے مُطابِق اپنی گُفتگو کا **جائزہ**


www.dawateislami.net

لیتے۔ (احیاءالعلوم (اردو) ج۳ص۳۳۹، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۷)

## بات چیت کے جائزے کا طریقہ

**اپنی** بات چیت کا ''جائزہ'' لینے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنی ہر ہر بات پر غور کر کے اپنے آپ سے پوچھ گچھ کرے، مَثَلاً بغیر زَبان ہِلائے دِل ہی دِل میں خود سے پوچھے کہ فُلاں بات تم نے کیوں کی؟ اُس مقام پر بولنے کی کیا ضَرورت تھی؟ فُلاں گُفتگو (گُفت۔گُو) اتنے اَلفاظ میں بھی نمٹائی جاسکتی تھی مگر اس میں فُلاں فُلاں لَفظ زائِد کیوں بولے؟ فُلاں سے بات کرتے ہوئے سمجھ جانے کے بَعد کیا؟ جی؟ کیا کہا؟ وغیرہ کیوں کہا؟ اور سامنے والے کو اپنی بات دُہرانے کی تکلیف کیوں دی؟ فُلاں سے جو جُملہ تم نے کہا وہ دِل آزار طنز تھا، تم نے اُس کا ناحق دل دُکھا دیا چلو اب توبہ بھی کرو اور اُس اسلامی بھائی سے مُعافی بھی مانگو، فُلاں بیٹھک (یعنی گیدرنگ۔GATHERING) میں کیوں گئے جب کہ مَعلوم ہے کہ وہاں فُضُول باتیں بھی ہوتی ہیں اور فُلاں فُلاں بات میں تم نے ہاں میں ہاں کیوں مِلائی تھی؟ وہاں تمہیں **غیبت** بھی سُننی پڑ گئی تھی بلکہ تم نے غیبت سُننے میں دِلچسپی بھی لی تھی چلو **پکّی توبہ** اور ایسی بیٹھکوں (GATHERINGS) سے دُور رہنے کا بھی عَزم کرو۔ اِس طرح سمجھدار آدمی اپنی گُفتگو بلکہ روز مرّہ کے تمام مُعاملات کا **جائزہ** لے سکتا ہے۔ یوں گُناہ، بے اِحتیاطیاں، اپنی بَعض کمزوریاں اور خامیاں سامنے آسکتیں ہیں اور اِصلاح کا سامان ہوسکتا ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول میں مُحاسبے کو **جائزہ** کہتے ہیں اور **دعوتِ اسلامی** کے ''دِینی ماحول'' میں روزانہ کم از کم 12 مِنَٹ اَعمال کا جائزہ کرنے اور اِس دوران **نیک اَعمال** کا رسالہ پُر کرنے کا ذِہن دیا جاتا ہے۔

ذِکر و دُرُود ہر گھڑی وِردِ زَباں رہے
میری فُضُول گوئی کی عادت نِکال دو (وسائلِ بخشش ص ۳۰۵)


www.dawateislami.net

## اَعمال کا جائزہ

**تمام** عاشِقانِ رسول کو چاہئے کہ روزانہ کم از کم 12 مِنَٹ اپنے دن بھر کے اَعمال کا ”جائزہ“ لیں اور **دعوتِ اسلامی** کے مکتبۃُ المدینہ کے رسالے **”نیک اَعمال“** میں دیئے ہوئے خانے پُر کریں اور ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو اپنے یہاں کے **دعوتِ اسلامی** کے ”شعبۂ اِصلاحِ اَعمال“ کے ذِمّے دار کو جَمْع کروائیں۔ اِنْ شَآءَ اللہ حُسنِ اَخلاق اور تقویٰ کا ڈھیروں ڈھیر خزانہ ہاتھ آئے گا اور عشقِ رسول کے چھلکتے جام پینے نَصیب ہوں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## اللہ پاک سے زبان کی تیزی کی شکایت

**مسلمانوں** کے دوسرے خلیفہ حضرتِ سیِّدُنا عُمر فاروقِ اَعْظَم رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ حضرتِ سیِّدُنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی زبان مُبارک کو ہاتھ سے پکڑ کر کھینچ رہے ہیں، پوچھا کہ اے نائبِ رسول! آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ مجھے ہَلاکت (یعنی تباہی) کی جگہوں پر لے گئی ہے، اور حُضُورِ اکرم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم فرماتے ہیں: ”جسم میں کوئی ایسا عُضْو نہیں کہ اللہ پاک سے زَبان کی تیزی کی شِکایَت نہ کرتا ہو۔“ (احیاءالعلوم (اردو) ج۳ص۳۳۵، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۵)

## ہمیں زبان سے باہر مت نکال

**دیکھا** آپ نے! مسلمانوں کے پہلے خَلیفہ حضرتِ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جیسے بخشے بخشائے صَحابی زَبان کی آفتوں سے بَہُت ڈرتے تھے، یقیناً اس میں ہم لوگوں کے لیے کافی نصیحت ہے، کیونکہ ہم تو جی میں جو آیا وہ زَبان سے بول پڑتے ہیں۔ حضرت سیِّدُنا امام محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: بَہُت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جو بولنے والے شَخْص سے کہتی ہیں: ”ہمیں زَبان سے باہَر نہ نکال۔“ ( منہاج العابدین (اردو) ص۱۴۰، منہاج العابدین ص ۶۶)



www.dawateislami.net

## زبان کو قید ہی میں رہنا چاہئے

عَرَبی مَقُولہ (یعنی کہاوت) ہے: مَا شَیْءٌ اَحَقَّ بِطُوْلِ السِّجْنِ مِنَ اللِّسَانِ کوئی بھی شے زَبان سے بڑھ کر قید میں رہنے کی حق دار نہیں۔

(منهاج العابدين (اردو) ص ٢١٠، منهاج العابدين ص٩٦)

## زبان کی حفاظت سے عِبادت پر اِستِقامت ملتی ہے

سات عابِدوں (یعنی عِبادَت گُزاروں) میں سے ایک عابِد (یعنی عبادَت گُزار) نے (اللہ پاک کے پیارے نبی) حضرتِ یُونُس (عَلَیْهِ السَّلام) کی خدمت میں عَرض کی: جو لوگ پُوری کوشش سے عِبادَت میں مَشْغُول رہتے ہیں اُن کو عِبادَت پر جو اِستِقامت (یعنی ٹھہراؤ) نَصیب ہوتی ہے وہ زَبان کی پُوری طرح حِفاظَت کرنے کا نتیجہ ہے۔ پھر اُس عابِد (یعنی عِبادَت گُزار) نے عَرض کی: آپ کے نزدیک کوئی بھی چیز زبان کی حِفاظَت سے زِیادہ پسندیدہ نہیں ہونی چاہیے کیونکہ دل کو ہر قسم کے وَسوسوں سے پاک رکھنے کا ذَرِیْعہ یہی ہے۔ (منهاج العابدين (اردو) ص ٢١٠، منهاج العابدين ص٩٦ تا ٩٧)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## فُضُول بات پر خود کو سزا (واقِعہ)

حضرتِ سیِّدُنا مالِک بن ضَیْغَم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: میرے والِدِ ماجد نے بتایا کہ حضرتِ قَیْسی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ہمارے یہاں عَصر کے بعد تشریف لائے اور میرے والِد صاحِب کے بارے میں پوچھا: ہم نے کہا: ”وہ سو رہے ہیں۔“ آپ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: ”کیا وہ عَصر کے بعد سو رہے ہیں؟ اس وَقْت؟ کیا یہ وَقْت سونے کا ہے؟“ پھر آپ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ تَشریف لے گئے۔ ہم نے ایک شَخص کو ان کے پیچھے بھیجا کہ ان سے کہے کہ آپ چلئے! میں ان کو آپ کے لئے جگا دوں گا۔ وہ شَخص مغرِب کے بَعد واپَس آیا تو ہم نے اس سے پوچھا: کیا تم نے انہیں پیغام دے دیا تھا؟ کہا: وہ اپنے آپ میں اتنے مَصروف تھے کہ میری بات پر توجُّہ نہ دی، میں نے انہیں دیکھا، وہ قبرِستان میں داخِل ہو رہے تھے اور اپنے آپ کو مَلامت


www.dawateislami.net

کرتے (یعنی ڈانٹتے) ہوئے کہہ رہے تھے: ''بندہ جب چاہے سوئے، تو نے یہ کیوں کہا کہ یہ کون سا سونے کا وَقْت ہے! تجھے فُضُول سُوال نہیں کرنا چاہئے تھا، اب میں اللہ پاک سے عَہْد کرتا ہوں اور اسے کبھی نہیں توڑوں گا کہ میں تجھے پُورا ایک سال سونے نہیں دوں گا۔'' جب میں نے یہ بات سُنی تو انہیں چھوڑ کر واپَس آ گیا۔ (اللہ والوں کی باتیں ج٦ص ٢٦٩ تا ٢٧٠)

سُبْحٰنَ اللہ! ایک طرف ہمارے بُزُرگانِ دِین کا عَمَل ہے اور افسوس! دوسری طَرف ہماری بگڑی ہوئی حالت کہ بے جا اعتِراضات، فُضُول تنقیدات اور غیر ضَروری سُوالات سے فُرصَت نہیں پاتے۔ کاش! ہماری زَبانوں پر لگام لگنے کی کوئی صورت بَن جائے۔

## سخت گرمی کا روزہ برداشت مگر.....

حضرتِ یُونُس بن عُبَید رَحْمَۃُ اللہِ علیہ (بطورِ عاجِزی) فرماتے ہیں: میرا نَفْس (عراق کے شہر) بَصرے کی شدید گرمی میں روزہ رکھنے کی تکلیف (تو) بَرداشت کرسکتا ہے مگر فُضُول باتوں میں سے ایک لَفظ (بھی) چھوڑنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

(منهاج العابدین (اردو) ص ١٤١، منهاج العابدين ص ٦٤)

## زبان حفاظت کی زیادہ حق دار ہے

اے عاشِقانِ رسول! یقیناً شَرم گاہ کی گناہوں سے حفاظت نہ کرنا بھی سَخْت گناہ و حرام و جہنَّم میں لے جانے والا کام ہے اور واقِعی اچّھا بولنے میں اچّھائی اور برا بولنے میں بُرائی ہے۔ زَبان مَحشر میں شاید بڑوں بڑوں کو پھنسا کر رکھ دے گی۔ اس کی حفاظت کی بہُت ضَرورت ہے۔ تابِعی بُزُرگ حضرتِ سیِّدُنا ابوحازِم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: مومن کو چاہئے کہ اپنی شرم گاہ سے زیادہ زَبان کی حفاظت کرے۔

(اللہ والوں کی باتیں ج٣ص ٣٣١، حلية الاولياء ج ٣ ص ٢٦٧ قول نمبر ٣٩٠٩)



www.dawateislami.net

## روزی میں تنگی کا ایک سبب

حضرتِ مالِک بن دینار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: جب تم اپنے دل میں سختی، جسم میں کمزوری اور رِزْق میں تنگی دیکھو تو جان لو کہ تم نے ضَرور کوئی فُضُول بات منہ سے نکالی ہے۔ (منهاج العابدين ص٦٥، منهاج العابدين (اردو) ص١٤٢)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## اللہ پاک تمام باتیں سُنتا ہے

حضرتِ سیِّدُنا بِشْر حافی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نہایت کم گُفتگو کرتے اور اپنے دوستوں کو فرماتے: ''تم غور کرو کہ اپنے اَعمال ناموں میں کیا لکھوا رہے ہو، کیونکہ وہ تمہارے ربِّ کریم کے سامنے پیش ہوں گے۔ تو جو شخص بُری گفتگو کرتا ہے اُس پر افسوس ہے، اگر اپنے دوست کو کچھ لکھواتے ہوئے کبھی اُس میں بُرے الفاظ لکھواؤ تو یہ اُس کے ساتھ تمہاری بے حَیائی تَصوُّر ہوگی پھر اللہ پاک کے ساتھ تمہارا کیا معاملہ ہے؟'' ( تنبيهُ المغترين ص١٩٠)

## اگر فُضُول باتیں کرنے پر رقم دینی پڑتی تو؟

حضرتِ مالک بن دینار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''**تمہارے اعمال لکھنے** والے فِرِشتے اگر روزانہ تم سے ان صَحیفوں (یعنی کتابوں) کی قیمت طَلَب کریں جن میں وہ تمہارے اعمال لکھتے ہیں تو (پیسے بچانے کی خاطر) تم اپنی بَہُت سی فُضُول باتیں چھوڑ دو، لیکن یہ معلوم ہونے کے باوُجود کہ (تمہاری فُضُول گفتگو سے بھرپور) ان صَحیفوں (BOOKS) کو تمہارے ربِّ پاک کی بارگاہِ عالی میں پیش ہونا ہے تو تم اپنے آپ کو (فُضُول باتوں سے) کیوں نہیں روکتے؟'' (ابنِ عَساکِر ج٥٦ ص٤١٨)

## ہر بات فِرِشتے لکھتے ہیں

پُرو قار شخصیات جب سامنے ہوتی ہیں یا کبھی ''اَربابِ کُرسی'' یعنی حُکّامِ دُنیادار کے سامنے جانا پڑ جاتا ہے تو زَبان خوب سنبھل جاتی ہے، مگر یہ معلوم ہونے کے باوُجود کہ عزّت والے فِرِشتے ہر بات لکھ رہے ہیں پھر بھی نہ جانے بے شَرمی اور بے حَیائی

فرمانِ مُصطَفٰے صلّی اللہ علیہ والہ وسلّم: مجھ پر درود پڑھ کراپنی مجالس کو آراستہ کرو کہ تمہارا درود پڑھنا بروزِ قیامت تمہارے لیے نور ہوگا۔ (فردوس الاخبار)

کی باتیں لوگوں کو کیوں کر سُوجھتی ہیں! زَبان پر گالی وغیرہ کیسے آجاتی ہے! حضرتِ اِمام حَسَن بصری رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں کہ اِنسان پر تَعَجُّب ہے کہ کِراماً کاتِبِین (یعنی عزّت والے، لکھنے والے فِرِشتے) اِس کے پاس ہیں اور اِس کی زَبان اُن کا قَلَم، اور اِس کا تھوک اُن کی سیاہی ہے، پھر بھی وہ بَیہودہ کلام (یعنی فُضُول اور گندی باتیں) کرتا ہے۔ (تنبیہُ المغترین ص ۱۹۰)

الٰہی! بُری گفتگو سے بچانا مری یاوہ گوئی کی عادت مٹانا

**یاوہ گوئی کے معنٰی:** فُضُول باتیں کرنا۔

## فُضُول گفتگو کے مُتَعلِّق ایک واقعہ

**حضرتِ ابوعُبَید** رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرتِ محمد بن سُوقَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی بات نہ سناؤں جس نے مجھے فائدہ پہنچایا اور ہوسکتا ہے وہ تمہیں بھی فائدہ پہنچائے؟ ایک مرتبہ حضرتِ عطاء بن ابورَباح رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ نے فرمایا: اے بھتیجے! تم سے پہلے گزرے ہوئے لوگ فُضُول گفتگو ناپسند کرتے تھے، وہ قراٰنِ کریم کی تلاوت کرنے، نیکی کا حکم دینے، بُرائی سے مَنْع کرنے اور ضَروری بات چیت کے علاوہ تمام قسم کی گُفتگو کو ''فُضُول باتوں'' میں شمار کرتے تھے۔ کیا تم ان فَرامینِ الٰہی کا انکار کرتے ہو؟ (جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے:)

وَ اِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ۞ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ ۞ (پ۳۰، الانفطار: ۱۰،۱۱)

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ الْعِرفان: اور بے شک تم پر ضَرور کچھ نگہبان مقرّر ہیں معزّز لکھنے والے۔

(ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے:)

عَنِ الْیَمِیْنِ وَ عَنِ الشِّمَالِ قَعِیْدٌ ۞ مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ ۞ (پ۲۶، قٓ: ۱۷،۱۸)

آسان ترجَمۂ قرآن کنزُ الْعِرفان: ایک دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب بیٹھا ہوا ہے۔ وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا مگر یہ کہ ایک محافظ فرشتہ اِس کے پاس تیار بیٹھا ہوتا ہے۔



www.dawateislami.net

کیا تم میں سے کسی کو شرم نہیں آئے گی کہ اگر اس کے دن بھر کا نامۂ اعمال اُس کے سامنے کھول دیا جائے تو اکثر اُس میں وہ چیزیں دیکھے جس کا تعلُّق نہ دین سے ہو نہ دنیا سے۔ (اللہ والوں کی باتیں ج ۳ ص ۴۴۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## سات مَدَنی پھول فاروقی گلدستہ کا

**مسلمانوں** کے دوسرے خلیفہ، حضرتِ عُمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ﴿۱﴾ فُضُول بولنے سے بچنے والے کو حِکمت و دانائی عطا کی جاتی ہے ﴿۲﴾ فُضُول نگاہی یعنی بِلاضَرورت اِدھر اُدھر دیکھنے یا خواہ مخواہ مختلف چیزوں یا طرح طرح کے مَناظِر دیکھنے سے بچنے والے کو خُشُوعِ قلب (یعنی رِقّت و سوز) دیا جاتا ہے ﴿۳﴾ فُضُول طَعام (یعنی بے ضَرورت کھانا یا صِرف لذّت کے لئے طرح طرح کی چیزیں کھانا) چھوڑنے والے کو عِبادت میں لذّت دی جاتی ہے ﴿۴﴾ فُضُول ہنسنے سے بچنے والے کو رُعب و دبدبہ عنایت ہوتا ہے ﴿۵﴾ مذاق مَسخری سے بچنے والے کو نُورِ ایمان نصیب ہوتا ہے ﴿۶﴾ دُنیا کی مَحبَّت سے بچنے والے کو آخرت کی مَحبَّت دی جاتی ہے ﴿۷﴾ دوسروں کے عَیب ڈھونڈنے سے بچنے والے کو اپنے عَیبوں کی اِصلاح کی توفیق ملتی ہے۔ (المنبهات ص ۸۹ تا ۹۰ ملخصًا)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## فُضُول باتوں کا حساب بہت لمبا ہوگا

**بیان** کیا گیا ہے: اِیَّاکَ وَالْفُضُوْلَ فَاِنَّ حِسَابَهٗ یَطُوْلُ، یعنی فُضُول گفتگو سے بچ! کیونکہ اِس کا حساب لمبا ہوگا۔ (منهاج العابدين ص ٦٧، منهاج العابدين (اردو) ص ١٤٧)

## نہ بول نہ مصیبت میں پڑ

**ایک** اور بُزُرگ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ؎

اِحفَظْ لِسَانَکَ لَاتَقُوْلُ فَتُبْتَلٰی اِنَّ الْبَلَاءَ مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ

ترجمہ: اپنی زَبان کی حفاظت کر، نہ بول نہ مصیبت میں پڑ، بیشک مصیبتیں گفتگو کے ساتھ جُڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ (منهاج العابدين ص ٦٦)

## بولنے والے کی عقل کا اندازہ ہوجاتا ہے

حضرتِ عبدُاللہ اِبنِ مُبارَک رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں:

(۱) اَلَا اِحفظْ لِسانَکَ اِنَّ اللِّسانَ سَرِیْعٌ اِلَی الْمَرْءِ فِیْ قَتْلِه

(۲) وَ اِنَّ اللِّسانَ دَلِیْلُ الْفُؤادِ یَدُلُّ الرِّجَالَ عَلٰی عَقْلِه

(۱) اپنی زبان کی حفاظت کر کیونکہ یہ معمولی سا عُضْو (PART) بہُت جلد انسان کو ہلاکت میں ڈال دیتا ہے۔

(۲) بے شک زبان انسان کے دل پر دلیل ہے جو گفتگو کرنے والوں کی عَقْل کا اندازہ بتاتی ہے۔ (منهاج العابدين ص٦٦، منهاج العابدين (اردو) ص ١٤٤)

## بازاری گفتگو کرنے والے کو نصیحت

شیخ افضل الدّین رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے ایک شخص کو بازاری گُفتگو کرتے سنا تو ارشاد فرمایا: اے بھائی! اللہ پاک نے بندے کے کان وزَبان بنائے تاکہ اچّھا سُنے اور اچّھا بولے، قراٰنِ کریم، حدیثِ پاک، اَذان اور امام سے تکبیرِ تَحریمہ اور جو تجھے نصیحت کرے اُس کی نصیحت سُنے، اور زَبان وکان کو ہنسی مذاق، غیبت، بُہتان، جھوٹ، چُغلی اور بے کار باتیں کرنے سُننے کے لیے پیدا نہیں فرمایا۔ اے بھائی! اپنے کان وزبان کو بے مقصد استِعمال کرنے سے پرہیز کر، یہ سراسر نُقصان ہے اور اگر زَبان کی تیزی کی بنا پر کوئی (گناہ بھری) بات نکل جائے تو فوراً توبہ واِستِغفار کرو۔ (المنن الكبرى ص٥٤٧)

## دعوتِ اسلامی نے نمازی بنادیا

اَلْحَمْدُ لِلّٰه دعوتِ اسلامی کا دینی ماحول اسلامی بھائیوں کے ساتھ ساتھ اسلامی بہنوں کیلئے بھی مُفید ہے۔ چُنانچہ ڈسکہ (پنجاب) کی ایک اسلامی بہن کئی عام لڑکیوں کی طرح ناجائز فیشن کیا کرتیں اور نمازوں سے بھی دور رہا کرتی تھیں۔ پھر ان کا اپنے ماموں کے زیرِ اِنتِظام دینی مَدرَسے میں پڑھنے کے لئے جانا ہوا، جہاں ایک دن **دعوتِ اسلامی** سے وابَستہ کچھ اسلامی بہنیں **ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع** کی دعوت دینے کے لئے آئیں جس کے نتیجے میں یہ بھی اپنی سہیلی کے اِصرار پر اسلامی بہنوں کے اجتماع میں شریک ہوگئیں۔ وہاں پرسنّتوں بھرا بیان سنا، اجتماعی رقّت انگیز دُعا نے ان پر اثر کیا اور انہوں نے گناہوں سے


www.dawateislami.net

توبہ کرلی۔ **دعوتِ اسلامی** کے دینی ماحول سے وابَستہ ہونے کے بعد ایک دن وہ آیا کہ انہوں نے ''اسلامی بہنوں کا 12 دن کا مدنی کام کورس'' (جسے اب دینی کام کورس کہتے ہیں) بھی کیا۔ انہیں **دعوتِ اسلامی** کی ایسی برکتیں نصیب ہوئیں کہ فرض نمازیں ادا کرنے کے ساتھ ساتھ نَفْل نمازیں بھی ادا کرنے لگیں۔ ان کا جذبہ ہے کہ اپنے گاؤں میں خوب دینی کام کروں گی اور جب تک سانسیں باقی ہیں عاشقانِ رسول کی دینی تحریک، **''دعوتِ اسلامی''** سے وابَستہ رہیں گی۔

پلا کر مئے عشق دے گا بنا یہ تمہیں عاشقِ مصطفٰے مدنی ماحول

اے اسلامی بہنو! تمہارے لئے بھی سُنو ہے بہت کام کا مدنی ماحول (وسائلِ بخشش ص ٦٤٨)

## زبان گویا حملے کیلئے تیار شیر

**حضرتِ سیِّدُنا ابنِ اَبی مُطیع** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں:

(١) لِسَانُ الْمَرْءِ لَيْثٌ فِيْ كَمِيْنٍ اِذَا خَلَّى اِلَيْهِ لَهُ اِغَارَهُ

(٢) فَصُنْهُ عَنِ الْخَنَا بِلِجَامِ صَمْتٍ يَكُنْ لَكَ مِنْ بَلِيَّاتٍ سِتَارَهُ

(١) زَبان (تباہ کرنے میں) حملے کیلئے تیّار چھپے ہوئے شیر کی طرح ہے جو موقع ملتے ہی تباہی مچادیتی ہے (٢) اس لیے اسے (یعنی زَبان کو) خاموشی کی لگام دے کر فضُولیات سے روک کر رکھ، اس طرح تُو بہت سی آفتوں سے بچ جائے گا۔ (منہاج العابدین ص ٦٦، منہاج العابدین (اردو) ص ١٤٥)

## پھاڑ کھانے والا درندہ

**ایک قُرَیشی بُزُرگ** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: کسی عالِم صاحب سے پوچھا گیا کہ آپ **خاموش** کیوں رہتے ہیں؟ فرمایا: میں نے اپنی زَبان کو پھاڑ کھانے والا درندہ پایا ہے، مجھے ڈر ہے کہ اگر میں اسے کُھلا چھوڑ دوں گا تو یہ مجھے کاٹ کھائے گا۔ (ایک چپ سو سُکھ (خاموشی کے فضائل) ص ٢١)

## مال کی حفاظت آسان ہے مگر زبان....

**دولت** کو اِنسان تجوری میں بند کرکے مَحفوظ رکھ سکتا ہے۔ زِیادہ خزانہ ہو تو مُسَلَّح پہرہ دار بٹھا کر بھی حِفاظت کی جاسکتی ہے، لیکن کمال تو یہ ہے کہ کوئی اپنی زَبان کی حِفاظت کرنے میں کامیاب ہوجائے۔ چنانچہ **حضرتِ** محمد بن واسع



www.dawateislami.net

رَحْمَةُ اللهِ عليه نے **حضرتِ مالِک بن دینار** رَحْمَةُ اللهِ عليه سے فرمایا: ''انسان کیلئے زَبان کی حفاظت مال کی حفاظت سے زیادہ مشکل ہے۔'' (اِتحافُ السّادة ج۹ ص ١٤٤)

**اپنے مال کی حفاظت کے مُعامَلے** (مُ۔عَا۔مَلے) میں عُموماً ہر ایک ہوشیار ہوتا ہے، حالانکہ مال ضائع ہو بھی گیا تو صِرف دنیا کا نقصان ہے۔ مگر صد کروڑ افسوس! اب زَبان کی حفاظت کی سوچ نہایت کم رہ گئی ہے، یقیناً **زَبان کی حفاظت** نہ کرنے کے سَبَب دنیا کے نقصان کے ساتھ ساتھ آخرت کی بربادی کا بھی پورا پورا اِمْکان (POSSIBILITY) ہے۔

بَک بَک کی یہ عادت نہ سرِ حشر پھنسا دے

اللہ زَباں کا ہو عطا قُفلِ مدینہ (وسائلِ بخشش ص ۹۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## عاشِقوں کی 6 نِشانیاں

کہتے ہیں:

عاشِقاں راشش نِشاں سَت اے پِسر! آہِ سَرد و رنگ زَرد و چشمِ تر

گر تُرا پُرسَند سِہ دیگر کُدام؟ کم خُورَد، کم گُفتَن و خُفتَن حرام

ترجمہ: ''عاشِق'' کی یہ چھ نشانیاں ہیں: (١) سرد آہیں (٢) چہرے کا رنگ پیلا ہونا (٣) آنکھیں اَشکبار (٤) کم کھانا (٥) **کم بولنا** اور (٦) کم سونا۔

## جہالت کی 6 نِشانیاں

**بات بات** پر غُصّے ہو جانا، بَک بَک کرتے رہنا، فُضُول خرچی کرنا، سب کو راز کی باتیں بتاتے پھرنا، ہر کسی پر اِعتماد کر بیٹھنا، بُری صُحبت سے نہ بچنا اور اچّھی صحبت اِختیار نہ کرنا، یہ سب جہالت کی نِشانیاں ہیں۔ ایک عقلمند شخص کا کہنا ہے کہ چھ باتیں ایسی ہیں جن سے



www.dawateislami.net

جاہل پہچانا جاتا ہے: (۱) غُصّے کے وَقْت ۔یعنی ہر خلافِ مزاج بات پر غُصّے میں آجانا خواہ وہ کسی انسان کی طرف سے پیش آئے یا کسی جانور وغیرہ کی وجہ سے (۲) بے کار گفتگو۔ لہٰذا عقلمند کو چاہئے کہ بے فائدہ گُفتگو نہ کرے، بلکہ اِسے مُفید (یعنی فائدے والی) بات ہی کرنی چاہیے، خواہ دنیا کے فائدے کی ہو یا آخرت کے فائدے کی (۳) فُضُول خرچی کرنا۔یعنی یہ بھی جَہالت کی نشانی ہے کہ مال ایسی جگہ لگائے جہاں پر کوئی اَجْر یا فائدہ حاصل نہ ہو (٤) ہر کسی کے پاس راز کی بات کہتا پھرے (۵) ہر کسی پر بھروسا کر بیٹھے (٦) دوست و دشمن میں فرق نہ کر پائے، یعنی مُناسب تو یہ ہے کہ آدمی اپنے دوست (یعنی نیک لوگوں) کو پہچان کر اُن جیسے اعمال کرے، اور اُن کے نَقْشِ قدم پر چلے اور دشمن کو (یعنی بُرے لوگوں کو) پہچان کر اُن سے بچنے کی کوشش کرے اور یقیناً انسان کا پہلا دشمن تو شیطان ہے، لہٰذا کسی بات میں بھی شیطان کا کہنا نہ مانے (اور ہر طرح کے گناہ سے بچے)۔ (تنبیہ الغافلین ص ۱۱۵ ملخّصًا)

## فالتو باتوں کے چار لرزہ خیز نقصانات

حضرتِ امام ابوحامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ نے ان چار وُجُوہات (REASONS) سے فُضُول باتوں کی مَذمَّت (یعنی بُرائی بیان) فرمائی ہے:

﴿1﴾ فُضُول باتیں کِراماً کاتِبین (یعنی اعمال لکھنے والے عزّت والے فِرشتوں) کو لکھنی پڑتی ہیں، لہٰذا آدمی کو چاہیے کہ ان سے شرم کرے اور انہیں **فُضُول باتیں** لکھنے کی زَحْمت (یعنی تکلیف) نہ دے۔

**اللہ** پاک پارہ 26 سُوْرَۃُ قٓ آیت نمبر 18 میں ارشاد فرماتا ہے:

مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ ﴿۱۸﴾

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ الْعِرفان: وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا مگر یہ کہ ایک مُحافظ فرشتہ اس کے پاس تیّار بیٹھا ہوتا ہے

﴿2﴾ یہ بات اچّھی نہیں کہ **فُضُول باتوں** سے بھرپور اعمال نامہ **اللہ** پاک کی بارگاہ میں پیش ہو ﴿3﴾ **اللہ** پاک کے



www.dawateislami.net

دربار میں تمام مخلوق کے سامنے بندے کو حکم ہوگا کہ اپنا اَعمال نامہ پڑھ کر سناؤ! اب قِیامت کی خوف ناک سختیاں اس کے سامنے ہوں گی، انسان بَرَہنہ (بَ ۔رَہْ ۔نہ ۔یعنی بے لباس) ہوگا، سخت پیاسا ہوگا، بھوک سے کمر ٹوٹ رہی ہوگی، جنَّت میں جانے سے روک دیا گیا ہوگا اور ہر قسم کی راحت اُس پر بند کردی گئی ہوگی، غور تو کیجئے! ایسے تکلیف دِہ حالات میں **فُضُول باتوں سے بھرپور اعمال نامہ** پڑھ کر سنانا کس قَدَر پریشان کُن ہوگا! (حساب لگائیے اگر روزانہ صِرف 15 مِنَٹ بھی فُضُول باتیں کی ہیں اور اگر ہر ماہ کے 30 دن فرض کرلیں تو ایک مہینے کے ساڑھے سات گھنٹے ہوئے اور ایک سال کے 90 گھنٹے، بِالفرض کسی نے پچاس سال تک روزانہ اَوسطاً (یعنی AVERAGE) 15 مِنَٹ فُضُول گفتگو کی تو 187 دن 12 گھنٹے ہوئے یعنی **چھ ماہ سے زائد**، تو غور فرمایئے! قِیامت کا ہولناک دن جس میں سورج صِرف ایک میل پر رہ کر آگ برسا رہا ہوگا یعنی سخت ترین گرمی ہوگی، ایسی ہوش رُبا (یعنی ہوش اُڑا دینے والی) گرمی میں مسلسل بِلا وقفہ (CONTINUOUSLY) چھ ماہ تک کون ''اعمال نامہ'' پڑھ کر سنا سکے گا! یہ تو 50 برس کی عُمر ہونے کی صورت میں صِرف یومیہ (یعنی DAILY) پندرہ مِنَٹ کی فُضُول بولنے کا حِساب ہے۔ ہمارے تو بسا اوقات کئی کئی گھنٹے دوستوں کے ساتھ ''فُضُول گپ شپ'' میں گزر جاتے ہیں، گناہوں بھری باتیں اور دیگر بُرائیاں اس کے علاوہ)

﴿4﴾ بروزِ قِیامت بندے کو فُضُول باتوں پر مَلامت (یعنی ڈانٹ ڈپٹ) کی جائے گی اور اُس کو شَرمندہ کیا جائے گا، بندے کے پاس اس کا کوئی جواب نہ ہوگا اور وہ اللہ پاک کے سامنے شَرم ونَدامت سے پانی پانی ہوجائے گا۔ (مِنہاجُ العابدین ص ٦٧)

ہر لفظ کا کس طرح حساب آہ! میں دوں گا

اللہ! زَباں کا ہو عطا قُفلِ مدینہ (وسائلِ بخشش ص ۹۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## خاموشی سیکھو!

حضرتِ سیِّدُنا جابِر بن عبدُاللہ رضی اللہ عنہما سے رِوایت ہے: خاموشی سیکھو پھر حِلْم (یعنی نرمی و برداشت) سیکھو پھر عِلْم سیکھو پھر اُس پر عمل سیکھو پھر عِلْم (سکھاؤ اور



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطَفٰے صلَّی اللہ علیہ والہ وسلَّم: جس کے پاس میرا ذِکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔ (عبدالرزاق)

پھیلاؤ۔ (شعب الایمان ج۲ ص۲۸۸ قول نمبر ۱۷۹۱)

## عبادت کی شروعات خاموشی سے

حضرتِ امام سُفیان ثَوری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: ''عبادت کا اوّل (یعنی شُروعات) خاموشی ہے، پھر عِلْم حاصل کرنا، اس کے بعد اسے یاد کرنا، پھر اس پر عمل کرنا اور اسے پھیلانا۔'' (تاریخ بغداد ج۶ ص۶)

## خاموشی عبادت کی چابی ہے

حضرتِ امام سُفیان ثَوری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ بیان کرتے ہیں، کہتے ہیں: ''زیادہ خاموشی عبادت کی چابی ہے۔'' (اَلصّمت مع موسوعة ابن اَبِی الدُّنیا ج ۷ ص ۲۰۵ قول نمبر ۴۳۶)

## پانچ بہترین نصیحتیں

تابعی بُزُرگ حضرتِ امام مُجاہِد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ بیان کرتے ہیں کہ (صَحابی ابنِ صَحابی) حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما کو میں نے یہ فرماتے سنا کہ پانچ چیزیں مجھے سُواری کے لئے تیّار بہترین سیاہ (یعنی BLACK) گھوڑوں سے زیادہ پیاری ہیں:

﴿۱﴾ بے فائدہ گفتگو مت کرو کیونکہ یہ فُضُول ہے اور مجھے تمہارے گناہ (بھری باتوں) میں جا پڑنے کا خوف ہے اور فائدہ مند گُفتگو بھی بے موقع نہ کرو کیونکہ کئی فائدہ مند گفتگو کرنے والے بھی بے موقع فائدے والی باتیں کر کے مَشَقَّت (یعنی تکلیف) میں پڑ جاتے ہیں۔

﴿۲﴾ کسی حَلیم و بُردبار (یعنی قوّتِ برداشت رکھنے والے آدمی سے) اور (کسی) بے عقل و بے وُقوف شخص سے بحث مت کرو کیونکہ بُردبار (قوّتِ برداشت رکھنے والا ناراض ہو کر ہوسکتا ہے) تم سے دل میں بُغْض رکھ لے اور بے وُقوف تم کو (اُلٹی سیدھی باتیں کر کے) تمہیں اَذِیّت (یعنی تکلیف) پہنچائے گا۔

﴿۳﴾ اپنے بھائی کا ذِکر اس کی پیٹھ پیچھے (بھی) اُسی طرح کرو جس طرح کا ذِکر تم اُس کی طرف سے اپنے لئے پسند کرتے ہو اور ان باتوں میں اس کو مُعاف کردو جن کے بارے میں تم چاہتے ہو کہ وہ تمہیں مُعاف کردے۔



www.dawateislami.net

﴿٤﴾ اپنے بھائی کے ساتھ ایسا ہی سُلوک کرو جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ کرے۔

﴿٥﴾ اس شخص کی طرح عمل کرو جسے یقین ہو کہ نیکی پر اسے (اچّھا بدلہ) دیا جائے گا اور گناہ پر اس کی پکڑ ہوگی۔

(احیاء العلوم (اردو) ج۳ ص۳٤٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## خاموشی کی فضیلت پر چار فرامینِ مصطفٰے

﴿1﴾ مَنْ صَمَتَ نَجَا یعنی جو چُپ رہا اُس نے نَجات پائی۔ (ترمذی ج٤ ص٢٢٥ حدیث ٢٥٠٩) **شَرحِ حدیث:** یعنی خاموشی نَجات کا سبب ہے مگر بھلائی کی بات کرنا، اچّھائی کا حکم دینا، بُرائی سے روکنا اور ذِکر و اَذکار اور تلاوتِ قرآن پر ہمیشگی کرنا، خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ (الاستذکار ج٧ ص٣٧٢) حضرتِ علّامہ مُناوی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کی شَرح کے مُطابِق حدیثِ پاک کے یہ معنٰی بنتے ہیں: (مَنْ صَمَتَ) عَنِ النُّطْقِ بِالشَّرِّ (نَجَا) یعنی ''جو خاموش رہا (بُری بات کہنے سے) اس نے نَجات پائی۔'' (التیسیر ج٢ ص ٤٢٨) ﴿2﴾ اَلصَّمْتُ سَیِّدُ الْاَخْلَاق یعنی خاموشی اَخلاق کی سردار ہے۔ (اَلْفِردَوس ج ٢ ص٤١٧ حدیث ٣٨٥٠) ﴿3﴾ اَلصَّمْتُ اَرْفَعُ الْعِبَادَةِ یعنی خاموشی اعلیٰ دَرَجے کی عبادت ہے۔ (اَلْفِردَوس ج ٢ ص ٤١٧ حدیث ٣٨٤٩) **شرحِ حدیث:** یعنی خاموشی عبادات کی بہترین اَقسام (KINDS) میں سے ہے، کیونکہ اکثر خطائیں زبان سے جاری ہوتی ہیں۔ (سراجِ منیر شرحِ جامعِ صغیر ج ٣ ص ٢٧٩) ﴿4﴾ اَلصَّمْتُ زَیْنٌ لِّلْعَالِمِ، وَسِتْرٌ لِّلْجَاهِلِ یعنی خاموشی عالم کے لیے زِینت اور جاہل کے لیے پردہ ہے۔ (جامعِ صغیر ص ٣١٨ حدیث ٥١٥٩)

## ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر

سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''خاموشی پر قائم رہنا ساٹھ (60) سال کی عبادت سے بہتر ہے۔'' (شعب الإیمان ج٤ ص٢٤٥ حدیث٤٩٥٣)



www.dawateislami.net

**شَرحِ حدیث:** مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ اِس حدیثِ پاک کے معنٰی یوں بیان فرماتے ہیں: یعنی اگر کوئی شخص ساٹھ (60) سال عبادت کرے مگر زیادہ باتیں بھی کرے، اچھی بُری بات میں فرق نہ کرے اِس سے یہ بہتر ہے کہ تھوڑی دیر خاموش رہے، کیونکہ خاموشی میں (آخرت کی) فِکر بھی ہوئی، اِصلاحِ نَفْس بھی، مَعارِف وحقائق میں اِستِغْراق (یعنی یادِالٰہی میں ڈوب جانا) بھی، ذِکرِ خَفی (یعنی دل کے ذکر) کے سَمُندر میں غوطہ لگانا بھی، مُراقَبہ (یعنی سب چیزوں کو چھوڑ کر اللہ پاک کے خیال میں ڈوب جانا) بھی۔ (مرآت ج٦ ص٣٦١)

## بھلائی کی بات کرو یا چُپ رہو

**کاش!** بُخاری شریف کی یہ حدیثِ پاک ہمارے ذِہْن ودِماغ میں اچھی طرح جَم جائے، جس میں یہ بھی ہے: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ "جو اللہ وقِیامت پر ایمان رکھتا ہے اُسے چاہئے کہ بھلائی کی بات کرے یا خاموش رہے۔" (بُخاری ج ٤ ص١٠٥ حدیث ٦٠١٨)

## آقا طویل خاموشی والے تھے

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ والہٖ وسلَّم طَوِيْلَ الصَّمْتِ۔ یعنی رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ علیہ والہٖ وسلَّم طویل خاموشی والے تھے۔ (شرحُ السُّنّۃ ج٧ ص٤٥ حدیث ٣٥٨٩) حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ اِس حدیثِ پاک کے معنٰی بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: خاموشی سے مُراد ہے دنیاوی کلام (یعنی دنیوی باتوں) سے خاموشی ورنہ حُضُورِ اقدس (صَلَّی اللّٰہُ علیہ والہٖ وسلَّم) کی زَبان شریف اللہ پاک کے ذِکر میں تَر رہتی تھی، لوگوں سے بِلاضَرورت کلام (یعنی گفتگو) نہیں فرماتے تھے۔ یہ ذِکر ہے جائز کلام (یعنی جائز بات چیت) کا، ناجائز کلام تو عُمر بھر زبان شریف پر آیا ہی نہیں۔ جھوٹ، غیبت، چُغلی وغیرہ ساری عُمر شریف میں ایک بار بھی زَبان مبارک پر نہ آئے۔ حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ علیہ والہٖ وسلَّم) سراپا حق ہیں پھر آپ تک باطِل کی رسائی (یعنی پہنچ) کیسے ہو۔ (مرآت ج٨ ص٨١)

## افسوس! تِلاوت سُن کر بہت سے لوگ اُٹھ گئے

حضرتِ سیِّدُنا عُبَید بن ابو جَعْد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ روایت کرتے ہیں کہ لوگوں کو پتا چلا کہ صَحابیِ نبی حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارسی رضی اللہ عنہ (عراق کے شہر) مَدائن کی ایک مسجِد میں ہیں تو وہ اُن کے پاس حاضِر ہونے لگے، یہاں تک کہ ایک ہزار کے لگ بھگ اَفراد وہاں جَمْع ہوگئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر فرمایا: سب لوگ بیٹھ جائیں، جب لوگ بیٹھ گئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے سورۂ یُوسُف کی تلاوت شُرُوع کر دی، آہِستہ آہِستہ لوگ وہاں سے نکلنے لگے، یہاں تک کہ 100 کے قریب اَفراد باقی رہ گئے، آپ نے جلال میں آکر فرمایا: ''تم نے من گھڑت اور فُضُول باتیں سننا چاہیں، لیکن میں نے تمہیں اللہ پاک کا کلام سنایا تو اُٹھ کر چلے گئے۔'' (حلیۃ الاولیاء ج۱ ص ۲٦۱ قول نمبر۶٤۳، اللہ والوں کی باتیں ج۱ص۳۷۷)

## تِلاوت سُننے کا شوق

اے عاشقانِ رسول! تلاوتِ قراٰن کرنا اور سُننا یقیناً یہ بڑے ثواب کا کام ہے مگر افسوس! اب اس سے لوگوں میں کافی دُوری پائی جارہی ہے، کوئی قاری صاحب تلاوت کریں تو سُننے کو جی ہی نہیں کرتا۔ صَحابۂ کِرام عَلَیہِمُ الرِّضْوَان کے شوقِ تلاوت کے بارے میں ''اِحْیاءُ الْعُلُوم (اردو)'' پہلی جلد صَفْحَہ 845 پر ہے: مَروی (یعنی بیان کیا گیا) ہے کہ صَحابۂ کِرام عَلَیہِمُ الرِّضْوَان جب اکٹّھے ہوتے تو کسی ایک سے کہتے کہ قراٰنِ کریم کی کوئی سُورت سناؤ۔ (احیاء العلوم ج۱ ص۳۷۲)

## ایک آیت سُننے کی فضیلت

حضرتِ عبدُ اللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص قراٰنِ پاک کی کوئی آیت سنتا ہے، قِیامت کے دن وہ اس کے لئے نُور ہوگی۔ (مصنف عبد الرزاق ج۳ ص۲۲۹ قول نمبر۶۰۳۲)

دیکھا آپ نے! قراٰنِ کریم کی تلاوت سُننے کا کتنا عظیمُ الشّان اَجْر ہے اور تلاوت کرنے والا جو اس کا سبب ہے وہ بھی اَجْر و ثواب میں اس کا شریک ہے بشرطیکہ رِیاکاری اور بناوٹ کی نیّت نہ ہو۔



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطفٰے صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: جس کے پاس میرا ذِکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو وہ لوگوں میں سے کنجوس ترین شخص ہے۔ (مسند احمد)

## تِلاوت میں 20 برس مشقّت اُٹھائی

دل لگے یا نہ لگے عبادت و تلاوت جاری رکھنا چاہئے، اِنْ شَآءَ اللہ الکریم کبھی نہ کبھی دل لگ ہی جائے گا۔ حضرتِ سیِّدُنا ثابِت بُنانی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: (دل نہ لگنے کے باوُجود) میں نے 20 برس قرآنِ پاک سے (تلاوت کرنے کی) مَشقّت اُٹھائی اور پھر 20 برس اس کی حَلاوت (یعنی لذّت) پائی۔ (احیاء العلوم (اردو) ج ۱ ص ۸۷۱)

ہر روز میں قراٰن پڑھوں کاش! خدایا
اللہ! تلاوت میں مِرے دل کو لگا دے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## جنّت درکار ہو تو خیر کے سِوا کچھ زَبان سے مت نکالو

زَبان پر جب خیر ہی خیر جاری ہوگا، ذِکْر و دُرُود کا وِرْد ہوگا۔ فُضُول باتوں کی عادت نہ ہوگی تو جھوٹ، غیبت، چُغلی و عیب جوئی وغیرہ گُناہوں سے بھی جان چھوٹی رہے گی اور یوں اِنْ شَآءَ اللہ جنّت میں جانے کے اَسباب ہوجائیں گے۔ چُنانچہ سیِّدُنا امام محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُ نا عیسٰی رُوحُ اللہ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی خِدمت بابرکت میں لوگوں نے عرض کیا، کوئی ایسا عمل بتایئے کہ جس سے جنّت ملے۔ آپ عَلَیْہِ السَّلام نے فرمایا: ''کبھی بولو مت۔'' انہوں نے عرض کیا: یہ تو نہیں ہوسکتا۔ فرمایا: ''اچّھی بات کے سوا زَبان سے کچھ مت نکالو۔'' (احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۳۶، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۶)

اکثر مِرے ہونٹوں پہ رہے ذِکرِ مدینہ
اللہ زَباں کا ہو عطا قفلِ مدینہ (وسائلِ بخشش ص ۹۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطَفٰے صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے۔ (طبرانی)

## گُناہوں سے سچی توبہ کرلی

**اے جنَّت کے طَلَب گارو!** اس واقِعے سے معلوم ہوا کہ زَبان کو قابُو میں رکھنا اور غیر ضَروری باتوں سے بچنا بھی جنَّت میں لے جانے والے کام ہیں، زَبان اور دیگر اَعضائے بدن کو گناہوں سے بچا کر جنَّت میں لے جانے والے اعمال بجالانے کا جذبہ پانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے دینی ماحول میں رَچ بس جایئے، اِنْ شَآءَ اللہُ الکریم فائدے میں رہیں گے۔ آخرت کی بھلائیاں پانے کا شوق بڑھانے کیلئے ایک ''مَدَنی بہار'' آپ کے گوش گزار کی جاتی ہے۔ چُنانچِہ بَہُت پہلے کی بات ہے کہ سندھ کی ایک خاتون ایسے دفتر میں کام کرتی تھی جہاں مرد وعورت سبھی مُلازَمت کرتے تھے۔ بے پردگی، بدنگاہی کے ساتھ ساتھ ایسی کئی بُرائیاں وہاں عام تھیں جنہیں بدقسمتی سے آج کے مُعاشرے میں بُرائی ہی نہیں سمجھا جاتا۔ اسی بُرے ماحول کا نتیجہ تھا کہ یہ فلموں، ڈراموں اور گانے باجوں اور نت نئے فیشن اور پارکوں میں بے پردہ گھومنے کی شوقین تھیں۔ والِدَین کی نافرمانی بلکہ ان سے بدکلامی اور بڑوں سے بدتمیزی کرنا ان کا معمول تھا۔ ایک دن ایک بُرقَع والی باپردہ اسلامی بہن ان کے گھر آئیں۔ جب انہوں نے ان کے سامنے اپنا نِقاب ہٹایا تو یہ حیرت زدہ ہوگئیں کہ یہ تو وہی ہیں جو میرے ساتھ دفتر میں کام کیا کرتی تھیں اور انہی کی طرح بے پردہ اور فیشن زدہ بھی تھیں۔ کچھ عرصہ قبل مُلازَمت چھوڑ چکی تھیں۔ اب وہ **دعوتِ اسلامی** کی مُبَلِّغَہ تھیں، مختصری مُدّت میں اتنی بڑی تبدیلی دیکھ کر یہ مُتأثّر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ اسلامی بہن نے نرم لہجے میں انہیں نیکی کی دعوت پیش کی اور **دعوتِ اسلامی** کے اسلامی بہنوں کے **ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع** میں شرکت کی ترغیب دلائی، انہوں نے اجتماع میں شریک ہونے کی نیّت کرلی۔ اُس اسلامی بہن کی زندگی میں آنے والی تبدیلی پہلے ہی ان کے دل پر دستک دے چکی تھی، سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت اور وہاں ہونے والے فکرِ آخرت سے مَعمور بیان نے انہیں خوابِ غفلت سے جھنجھوڑ کر جگا دیا، رہی سہی کسر رقّت انگیز اجتماعی دُعا نے پوری کردی، یہ اپنے جذبات پر قابُو نہ رکھ سکیں اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ انہیں اپنے گناہوں پر نَدامَت ہونے لگی،



www.dawateislami.net

اللہ پاک کی بارگاہ میں سچّے دل سے توبہ کرلی۔ یہ ربِّ کریم کا شکرادا کرتی ہیں کہ اس نے ان کو گناہوں کی دلدل سے نکلنے کے لئے **دعوتِ اسلامی** کا سہارا عطا کردیا۔

سلامت رہے یاخدا مَدنی ماحول  بچے بد نظر سے سدا مَدنی ماحول

دعا ہے یہ تجھ سے دل ایسا لگا دے  نہ چھوٹے کبھی بھی خدا مَدنی ماحول  (وسائلِ بخشش ص ٦٤٧)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب  صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## خاموشی ایمان کی سلامتی کا ذَرِیعہ ہے

جس کی زَبان قینچی کی طرح ہر کسی کی بات کاٹتی چلی جاتی ہوگی وہ دوسرے کی بات اچّھی طرح سمجھنے سے محروم رہے گا، بلکہ باتونی شخص کے لیے یہ بھی خطرہ رہتا ہے کہ بَک بَک کرتے ہوئے زَبان سے **مَعاذَاللہ کُفریات** بھی نکل جائیں۔ چنانچِہ حضرتِ امام ابوحامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ”اِحیاءُ الْعُلُوم“ میں لکھتے ہیں کہ بعض بُزُرگوں نے فرمایا ہے: ”خاموش رہنے والے شخص میں دوخوبیاں جمع ہوجاتی ہیں: ﴿۱﴾ اُس کا دین سلامت رہتا ہے اور ﴿۲﴾ دوسرے کی بات اچّھی طرح سمجھ لیتا ہے۔“ (اِحیاءُ الْعُلوم ج۳ ص۱۳۷)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب  صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## جنّتی ہونے کا راز (واقِعہ)

اللہ پاک کے پیارے پیارے سب سے آخری نبی، مَکّی مَدَنی، محمدِ عَرَبی صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم اللہ پاک کی عطا سے لوگوں کو دیکھ کر پہچان لیتے تھے کہ یہ جنّتی ہے یا جہنّمی، بلکہ آنے والے کی پہلے سے خبر ہوجاتی کہ وہ جنّتی ہے یا دَوزَخی، چُنانچِہ اللہ پاک کے پیارے نبی صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا: ”جوشخص سب سے پہلے اس دروازے سے داخِل ہوگا وہ جنّتی ہوگا۔“ اِتنے میں **حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ** بن سلام رضی اللہ عنہ دروازے سے داخِل ہوئے، لوگوں نے ان کو



www.dawateislami.net

مُبارَکباد دیتے ہوئے پوچھا کہ آخر کس عمل کے سبب آپ کو یہ سعادت ملی؟ فرمایا: **میرا عمل تو بَہُت تھوڑا ہے** اور جس کی میں **اللہ** پاک سے اُمّید رکھتا ہوں وہ میرے سینے کی سلامَتی اور بے مقصد باتوں کو چھوڑنا ہے۔ (اَلصَّمتج۷ص۸۶قول نمبر ۱۱۱)

**اس** حدیثِ پاک کے الفاظ ''سَلَامَةُ الصَّدْرِ'' یعنی ''سینے کی سلامَتی'' سے مُراد دل کا لَغْوِیّات (یعنی فُضُولیات) بُغض وحَسَد وغیرہ اَمراضِ بَاطِنِیَّہ (یعنی گناہوں کی چھپی ہوئی بیماریوں) سے پاک ہونا اور دل میں ایمان کا مضبوط ہونا ہے۔

رفتار کا گُفتار کا کردار کا دے دے
ہر عُضو کا دے مجھ کو خدا قفلِ مدینہ (وسائلِ بخشش ص۹۵)

**صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد**

## ہر صحابیِ نبی جنّتی جنّتی

سُبْحٰنَ اللہ! **اللہ** پاک کے پیارے پیارے آخری نبی، مکّی مَدَنی، محمدِ عَرَبی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم پر تَن مَن دَھن سب قربان! صَحابیِ نبی عبدُاللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے مقدّر کی بھی کیا بات ہے کہ انہیں زبانِ نبی سے جنّتی ہونے کی بِشارت ملی، بے شک آپ رضی اللہ عنہ جنّتی ہیں اور صرف آپ ہی نہیں ہر صحابیِ نبی جنّتی ہے چُنانچہ ''فَیضانِ نَماز'' صَفْحَہ 329 تا 330 پر ہے: **اللہ** کریم پارہ 27 سُوْرَةُ الْحَدِيْد کی آیت 10 میں ارشاد فرماتا ہے:

لَا یَسْتَوِیْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَؕ اُولٰٓىٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْاؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰىؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ۠ (۱۰)

آسان تَرجمۂ قراٰن کنزُ العِرفان: تم میں فتح سے پہلے خرچ کرنے والے اور جہاد کرنے والے برابر نہیں ہیں، وہ بعد میں خرچ کرنے والوں اور لڑنے والوں سے مرتبے میں بڑے ہیں اور ان سب سے **اللہ** نے سب سے اچّھی چیز کا وعدہ فرمالیا ہے اور **اللہ** تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔



www.dawateislami.net

## تمام صحابہ جنّتی ہیں

مُفَسِّرِ قُراٰن حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ اس آیتِ مبارکہ کے تحت فرماتے ہیں: ان (صَحابۂ کِرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان) کے دَرَجے اگرچہ مختلف ہیں مگر ان سب کا **جنّتی** ہونا بالکل یقینی ہے کیونکہ ربّ وعدہ فرما چکا ہے، تمام صَحابہ عادِل و مُتّقی ہیں کیونکہ سب سے ربِّ کریم نے **جنّت** کا وعدہ فرمالیا، جنّت کا وعدہ فاسِق (یعنی گنہگار) سے نہیں ہوتا۔ (نور العرفان، آیت مذکورہ کے تحت) ہر صَحابی، نبیِ کریم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی صَحابیّت کی نسبت سے ہمارے لئے **واجِبُ التَّعظیم** ہے اور کسی بھی صَحابی کی گستاخی حرام اور گُمراہی ہے۔

| | |
|---|---|
| ہر صَحابیِ نبی جنّتی جنّتی | سب صَحابیات بھی جنّتی جنّتی |
| چار یارانِ نبی جنّتی جنّتی | حضرتِ صِدّیق بھی جنّتی جنّتی |
| ہیں عمر فاروق بھی جنّتی جنّتی | عثمانِ غنی جنّتی جنّتی |
| فاطمہ اور علی جنّتی جنّتی | ہیں حَسَن حُسین بھی جنّتی جنّتی |
| والدین نبی جنّتی جنّتی | ہر زوجۂ نبی جنّتی جنّتی |
| اور ابوسُفیان بھی جنّتی جنّتی | ہیں مُعاویہ بھی جنّتی جنّتی |

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** ''فُضول باتیں'' اگرچہ گناہ نہیں تاہم اِس میں کوئی بھلائی بھی نہیں۔ سُبْحٰنَ اللہ! ابھی آپ نے ایک رِوایت سُنی جس میں صحابیِ نبی حضرتِ **عبدُ اللہ** بن سلام رضی اللہ عنہ کو زَبانِ رسالت سے دُنیا ہی میں **جنّت کی بِشارت** عنایت ہوگئی! آپ رضی اللہ عنہ میں ایک خوبی یہ بھی تھی کہ کبھی **فُضول باتوں** میں نہیں پڑتے تھے، جس کام سے واسِطہ نہ ہوتا اُس کے بارے میں پوچھتے تک نہیں تھے، لیکن افسوس! ہمارا جن مُعاملات سے دُور کا بھی تعلّق نہیں ہوتا پھر بھی ان میں مُداخلَت (INTERFERE) کرتے اور ان کے مُتعلّق بلاضرورت سُوالات کرتے رہتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد


www.dawateislami.net

## زیادہ کھانا بھی زیادہ بولنے کا ایک سبب ہے

مَحْض لذّت کے لیے زیادہ کھانے پینے کی قرآن و حدیث میں مَذَمَّت آئی ہے۔ پیٹ جب زیادہ بھر جاتا ہے تو مَستی بھی زیادہ سوجھتی ہے اور زَبان بھی قینچی کی طرح چلنے لگتی ہے اور جب بھوک لگی ہوتی ہے تو اِنسان سُست پڑ جاتا ہے، زیادہ بولنے کو جی نہیں چاہتا۔ چُنانچِہ حضرتِ شیخ عبدُالوَہّاب شَعْرانی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ہمارے اَسلاف یعنی گزرے ہوئے بُزُرگانِ دین رَحْمَۃُ اللہِ علیہم سَخْت بھوک برداشت کرتے اور پیٹ نہ بھرا کرتے تاکہ اُن کی خاموشی زیادہ ہو اور فُضُول گوئی کم ہو جیسا کہ باعمل عُلَمائے دین رَحْمَۃُ اللہِ علیہم کی عادتِ مُبارَکہ تھی، کیونکہ جس کا پیٹ خوب بھرا ہوتا ہے اُس کا بے فائِدہ بولنا بھی بڑھ جاتا ہے۔ (تنبیہ المغترین ص ۱۸۹)

## بغیر بھوک کے کھانے والا باتونی ہوتا ہے

حضرتِ سیِّدُنا محمد راہبی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: پیٹ میں فُضُول کھانا بھرنے والے کی زَبان سے باتیں بھی فُضُول نکلیں گی۔ (تنبیہ المغترین ص ۱۸۹)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## تلوار کا زخم بھر جاتا ہے مگر زَبان کا زخم نہیں بھرتا

تیر و تلوار سے صِرْف جسم گھائل (یعنی زخمی) ہوتا ہے، مگر زَبان کی وجہ سے دل گھائل ہو جاتا ہے۔ حضرتِ سُفیان ثَوری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں کہ اِنسان کو تیر مارنا اُس کو زبان سے بُرا بھلا کہنے سے کم ہے، کیونکہ زبان کے نِشانے کبھی خطا نہیں ہوتے۔ (تنبیہ المغترین ص ۱۸۹)

## زَبان کو قید کر کے رکھو

جو شخص اپنی زَبان کو قیدی بنانے میں کامیاب ہو گیا وہ یقیناً بے شُمار فتنوں سے مَحفوظ ہو گیا، چُنانچِہ صَحابیِ رسول حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "قسم ہے اُس ذاتِ پاک کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ایسی کوئی چیز نہیں


www.dawateislami.net

جسے زَبان سے زیادہ قید میں رکھنا ضَروری ہو۔" (احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۷، احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۳۸)

## جو بات دو ہونٹوں میں نہ سمائی اب وہ کہیں نہ سمائے گی

بولنے سے پہلے اچّھی طرح غور کر لینا چاہیے کہ کہیں بعد میں شَرمندَگی نہ اُٹھانی پڑے۔ (کروڑوں شافعیوں کے پیشوا) حضرت سیِّدُنا اِمام شافِعی رَحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں کہ بات تیر کی طرح ہے، اگر تیرے پاس سے نکل جائے تو وہ دوسرے کی ہو جائے گی اور اب اُس کا مالک تُو نہیں ہوگا۔

(تنبیۃُ المغترین ص ۱۸۹)

بَشَر رازِ دلی کہہ کر ذلیل و خوار ہوتا ہے نکل جاتی ہے جب خوشبو تو گُل بے کار ہوتا ہے

ماشَآءَاللہ! بعض صاحِبان بہت ہی سمجھدار اور پیٹ کے خوب مضبوط ہوتے ہیں اور کچھ بھی ہو جائے، راز نہیں کھولتے اور گھر کی بات باہَر نہیں کرتے۔ ایسے ہی ایک عقلمند کا واقِعہ واقِعی لائقِ تقلید ہے، چُنانچِہ

## گھر کی بات باہر کرنے والا کم ذات ہوتا ہے

ایک بُزُرگ رَحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ایک صاحِبِ راز (یعنی پیٹ کے مضبوط آدمی) کا نکاح ہوا مگر میاں بیوی میں ذِہنی ہم آہنگی (یعنی انڈر سٹینڈنگ) کی کمی تھی۔ کسی طرح اُس کے دوست کو اِس بات کا پتا چل گیا، اُس نے پوچھا: تمہارے گھر کا کیا مسئلہ ہے؟ اُس صاحِبِ راز نے جواب دیا: میں اتنا کم ذات نہیں کہ گھر کی بات کسی کو بتا دوں۔ بات آئی گئی ہوگئی۔ بِالآخر گھر نہ چل سکا اور طلاق دینی پڑ گئی۔ جب اُس کے دوست کو پتا چلا تو بولا: وہ تو اب تمہاری بیوی نہیں رہی، بتادو کیا مُعامَلہ تھا؟ اُس سمجھدار شخص نے جواب دیا: اب تو وہ میرے لئے غیر عورت ہو چکی ہے اور کسی غیر عورت کے مُتَعلِّق میں کیسے بات کروں! (غیبت کی تباہ کاریاں ص ۳۶۳)

اللہ ہم کو فضل سے عقلِ سلیم دے شرم و حیا طُفیلِ رسولِ کریم دے



www.dawateislami.net

## بعض اوقات تو ایسی بات مُنہ سے نِکل جاتی ہے کہ ....!

حضرتِ بِلال بن حارِث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا کہ ایک لَفظ آدمی اللہ پاک کی خوشی کا کہتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ اِس سے کچھ بڑی رِضا مندی حاصل ہوگی مگر اللہ پاک اُسی کے باعِث قِیامت تک کی رِضا مندی (یعنی خوشی) لکھ لیتا ہے۔ اور کبھی ایک کلمہ (یعنی لفظ) ناراضی کا کہتا ہے اور یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اِس سے ناراضی زیادہ ہوگی مگر اللہ پاک اُس سے اپنی ناراضی قیامت تک کی لکھتا ہے۔

(ترمذی ج ٤ ص ١٤٣ حدیث ٢٣٢٦)

## وہ بے فائدہ کم بولے گا!

جو کوئی خوش نصیب زیورِ خوفِ خدا سے آراستہ ہو کر مَوت کو کثرت سے یاد کرتا ہو، تھوڑی آمدنی (INCOME) پر بھی شکر گزار ہو، زیادہ مال ودولت کی ہَوَس نہ ہو اور جس کو یہ بھی اِحساس ہو کہ ''بولنا'' بھی کوئی عمل ہے، جس کا حِساب دینا پڑے گا۔ تو ایسا شخص بے کار باتیں کبھی نہیں کرسکتا۔ جیسا کہ حضرتِ عُمَر بن عبدُالعزیز رَحمۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: جو کوئی موت کو بہُت یاد کرتا ہے، (وہ) دُنیا سے تھوڑی چیز پر (بھی) قَناعت کرتا (یعنی قسمت پر راضی رہتا) ہے اور جو اپنی بات چیت کو بھی عمل تصوُّر کرتا ہے وہ بے فائدہ کم بولتا ہے۔

(احیاء العلوم ج٣ ص١٣٧، احیاء العلوم (اردو) ج٣ ص٣٣٨)

## زَبان کا پھِسلنا پاؤں کے پھِسلنے سے زیادہ خطرناک ہے!

ہر وَقْت باتیں کرتے رہنے سے یہ بھی اندیشہ (یعنی ڈر) رہتا ہے کہ مقبولیّت کی گھڑی ہو اور کوئی بات ناپسندیدہ نکل جائے اور ویسا ہی ہوجائے۔ ایک عَرَبی شاعر کے اَشعار کا ترجمہ ہے:

''آدمی اپنی زبان کی لَغزِش (یعنی پھِسلن) سے ہلاک ہوجاتا ہے، جب کہ پاؤں کے پھِسلنے سے اسے موت نہیں آجاتی، جو چیز ناپسند ہو اُس کا زَبان سے تذکِرہ بھی مت کرو، بسااوقات جو کچھ زبان سے نکلتا جاتا ہے، ویسا ہی ہوجاتا ہے۔'' (تنبیه الغافلین ص١١٦)

## نہ جانے کون سی گھڑی قبولیت کی ہو

**اے عاشقانِ رسول!** اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے سے بچنے ہی میں بھلائی ہے، جب بھی فارغ ہوں فوراً زبان پر ذِکر و دُرُود کی ترکیب کر لی جائے، نہ جانے کب قبولیّت کی گھڑی آجائے اور ہمارا بیڑا پار ہو جائے۔ حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے اپنے بیٹے سے فرمایا: اے میرے بیٹے! اَللّٰھُمَّ اغْفِرلِیْ پڑھتے رہا کرو، کیونکہ اللہ پاک کی طرف سے کچھ اوقات ایسے ہیں جس میں دُعا مانگنے والے کی دُعا قبول کر لی جاتی ہے۔ (کتاب حسن الظن باللّٰہ مع موسوعۃ ابن ابی الدنیا ج۱ ص۱۱۰ قول نمبر ۱۱۸)

## فُضُول بولنے والے کی قیامت میں پانچ جگہ پریشانی

**منقول** (یعنی کہا گیا) ہے کہ ہر ہنسی مِزاح (یعنی مذاق مسخری) یا لَغْو (یعنی فُضُول) بات پر بندے کو (میدانِ قیامت میں) پانچ مقامات پر جھڑکنے اور وضاحت طَلَب کرنے کی خاطر روکا جائے گا:

﴿۱﴾ تُو نے بات کیوں کی تھی؟ کیا اس میں تیرا کوئی فائدہ تھا؟

﴿۲﴾ تُو نے جو بات کی تھی کیا اس سے تجھے کوئی نَفْع حاصل ہوا؟

﴿۳﴾ اگر تُو وہ بات نہ کرتا تو کیا تجھے کوئی نقصان اُٹھانا پڑتا؟

﴿۴﴾ تُو خاموش کیوں نہ رہا تاکہ انجام سے محفوظ رہتا؟

﴿۵﴾ تُو نے اس کی جگہ سُبْحٰنَ اللہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہہ کر اَجْر و ثواب کیوں حاصل نہ کیا؟ (قوتُ القلوب جلد اوّل ص ۴۶۸)

حضرتِ فُضَیل بن عِیاض رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''زبان سے سَر کی حِفاظت ہوتی ہے۔'' (تنبیہ المغترین ص ۱۹۰)

زَبان سے جس کو بُرا بھلا کہا گیا، ہوسکتا ہے وہ غُصّے میں مار دھاڑ پر اُتر آئے اور سر وغیرہ پھاڑ دے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطفٰے صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرود پڑھا اللہ پاک اس پر دس رحمتیں بھیجتا اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھتا ہے۔ (ترمذی)

## خاموشی میں سات ہزار فائدے ہیں

کسی عقلمند کا کہنا ہے کہ خاموشی میں سات ہزار فائدے ہیں، جو سات جُملوں (یعنی سینٹینس۔SENTENCES) میں جَمع ہیں اور ہر جُملے میں ایک ہزار فائدے ہیں: (۱) خاموشی بِغیر محنت کے (یعنی بعض شرائط کے ساتھ) عِبادت ہے (۲) خاموشی بِلا زیور کے زینت ہے (۳) خاموشی بِغیر سلطنت کے ہیبت ہے (٤) خاموشی بغیر دیواروں کے قَلعہ ہے (۵) خاموشی میں کسی ایک کے پاس معذرت (یعنی SORRY) نہیں کرنا پڑتی (۶) خاموشی میں کِراماً کاتِبین (یعنی اعمال لکھنے والے عزّت والے فِرِشتوں) کی راحت ہے (۷) خاموشی انسان کے عَیبوں کے لیے پردہ ہے۔ (تنبیہ الغافلین ص ۱۱۷)

## جوانی دیوانی ہے اِس کے شَر سے بچو!

جوانی میں عُموماً صِحَّت اچّھی رہتی ہے، اُمنگیں اور آرزوئیں کثیر (یعنی زیادہ) ہوتی ہیں اور واقِعی جوانی میں سَخت آزمائش ہوتی ہے۔ چُنانچِہ حضرتِ حَسن بَصری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے روایت ہے، مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ، حضرتِ عُمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک نوجوان سے فرمایا: ''اے نوجوان! اگر تو تین چیزوں کے شَر سے بچ جائے تو جوانی کے شَر سے محفوظ ہوجائے گا (۱) زَبان کے شَر (یعنی بُرائی) سے (۲) شَرمگاہ کے شَر سے (۳) تیسرے پیٹ کے شَر سے۔'' (تنبیہ الغافلین ص ۱۱۷)

ڈھلنے والی ہے جوانی جس پہ تُجھ کو ناز ہے
تُو بجالے چاہے جتنا چار دن کا ساز ہے

## نہ بولنے میں نو گُن

واقِعی کم بولنے میں عافِیَت وسلامتی ہے۔ حضرتِ وُہَیب بن وَرْد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''عافِیَت دس حصّے ہے، اِس میں سے 9 حصّے صرف خاموشی میں ہیں اور ایک حصّہ لوگوں سے دُور بھاگنے میں۔'' (تنبیۃ المغترین ص ۱۹۰)

## زبان کی حفاظت سونے چاندی کی طرح کرو!

حضرتِ سیِّدُ نا عبدُاللّٰہ بن عَمْرو بن عاص رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''بے مَقْصد کام کو تَرک کردو، فُضُول باتوں سے بچو اور اپنی زَبان کی اس طرح حفاظت کرو جس طرح سونے چاندی کی حِفاظت کرتے ہو۔'' (اللہ والوں کی باتیں ج ۱ ص ۵۰۸، حلیۃ الاولیاء ج ۱ ص ۳۵۹)

## خاموشی ''سونا'' ہے!

اللہ پاک کے پیارے نبی حضرتِ سیِّدُ نا سُلَیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام فرماتے ہیں کہ اگر بات چیت کرنا ''چاندی'' (یعنی SILVER) ہو تو چُپ رہنا ''سونا'' (یعنی GOLD) ہے۔ ( احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۶)

## صاحبِ حکمت کون؟

سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''جب تم دُنیا سے بے رَغبَت شَخص کو دیکھو اور اُسے کم بولنے والا پاؤ تو اس کے پاس بیٹھو کیونکہ اسے حِکْمت دی گئی ہے۔'' (ابن ماجۃ ج ٤ ص ٤٢٢ حدیث ٤١٠١) ''مِرْاٰت'' میں اس حدیث پاک کے تحت ہے: ''حِکْمت'' سے مُرادِ عِلْم باعَمَل ہے، بَعْض (عُلَما) نے فرمایا: شَرِیْعَت و طَرِیْقَت کا اِجتماع یعنی دونوں ساتھ ساتھ ہونا ''حِکْمت'' ہے۔ (مراٰت ج ۷ ص ۵۷)

## کم کلام زیادہ کام!

جو نیک آدمی ہو اُسے ذِکْر و دُرُود اور ''نیکی کی دعوت کے کام'' سے فُرصَت ہی کب مِلتی ہے کہ فُضُول بَکواس میں پڑے اور مُنافِق تو ہوتا ہی فالتو ہے اس لئے ''بک بک'' نہ کیا کرے تو اور کرے بھی کیا! جیسا کہ امام اَوزاعی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کا یہ مَقُولہ مَشہور ہے کہ ''مسلمان کلام (یعنی گفتگو) کم اور کام زِیادہ کرتا ہے مگر مُنافِق کام کم اور کلام (یعنی فالتو باتیں) زِیادہ کرتا ہے۔'' (تنبیہ الغافلین ص ۱۱۵)

## چالیس سال کی راتیں فُضُول باتوں سے پرہیز کیا!

اللہ پاک کے اَیسے اَیسے نیک بندے اور سب سے آخری نبی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے دیوانے ہوتے ہیں جن کو ذِکْر و دُرُود سے فُرصَت ہی نہیں مِلتی کہ


www.dawateislami.net

فُضُول باتوں کی نوبَت آ ئے۔ چُنانچِہ حضرتِ مَنصور بن مُعْتَمِر رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے 40 سال تک بعد نمازِ عِشا کسی کے ساتھ باتوں میں حِصّہ نہیں لیا۔ (احیاءالعلوم (اردو) ج۳ ص۳۳۹، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۷)

**اَللہُ اَکْبَر!** پیارے پیارے اسلامی بھائیو! **اللہ** والے رَحْمَۃُ اللہِ علیہِم چالیس چالیس سال تک اپنی زَبان کو قابُو میں رکھنے میں کامیاب ہوجائیں اور ہمارا حال یہ ہے کہ چالیس مِنَٹ بھی اپنی زَبان نہ سَنْبھال پائیں!

بے کار گُفتگو سے خُدایا بَچا مجھے
ذِکر و دُرُودِ پاک کا شَیدا بنا مجھے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## نافرمانی کا ایک لفظ بھی دوزخ میں پہنچا سکتا ہے

بَعض اَوقات مسلمان بے خَیالی میں ایسی پیاری پیاری بات کرڈالتا ہے جس کی خود اُسے بھی خبر نہیں ہوتی اور **اللہ** کریم اُس سے راضی ہوچکا ہوتا ہے، اور کوئی تو بے پَروائی میں ایک آدھ ایسی بات بَک ڈالتا ہے کہ اُسے اِس کی سُدھ بھی نہیں ہوتی حالانکہ اُس بَکواس کی نحوسَت سے تباہی اُس کا مُقدَّر بَن چُکی ہوتی ہے۔ چُنانچِہ حضرتِ سیِّدُنا ابوہُرَیرہ رضی اللہ عنہ سے رِوایَت ہے، تاجدارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: بے شک بَندہ کبھی **اللہ** پاک کی رِضامَندی کا کوئی ایسا کلمہ (یعنی سینٹینس۔SENTENCE) کہہ دیتا ہے کہ جس کی طرف اُسے دِھیان بھی نہیں ہوتا، اور اس کی وجہ سے **اللہ** پاک اُس کے بَہُت سے دَرَجات (گریڈز۔GRADES) بُلند فرما دیتا ہے اور بے شک بَندہ کبھی **اللہ** پاک کی نافرمانی کا کوئی ایسا کلمہ (SENTENCE) کہہ گُزرتا ہے کہ اُس کی طَرف اُس کو دِھیان بھی نہیں ہوتا اور اِس کی وجہ سے دوزَخ میں گرتا چلا جاتا ہے۔

(مشکوٰۃ ج ۲ ص ۱۸۹ حدیث ۴۸۱۳)



www.dawateislami.net

## بُری صحبت نے برباد کر کے رکھ دیا تھا

اے عاشقانِ رسول! ابھی دِل ہِلا دینے والی حدیثِ پاک بیان ہوئی، واقعی زَبان بہُت ہی سوچ سمجھ کر چلانی چاہیے، زَبان کی حفاظت کا ذِہن بنانے میں **دعوتِ اسلامی** کا نہایت اَہم کِردار ہے، ہم سبھی کو **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول میں رہتے ہوئے خوب دِینی کام کرنے چاہئیں اور ہمیشہ بُری صُحبت سے دُور رہنا چاہیے۔ بُری صُحبت سے بَرباد ہونے کے بعد ہِدایت مِلنے پر عاشِقانِ رسول کی صُحبتِ بابَرَکت میں آنے والے ایک خوش نَصیب اسلامی بھائی کی ''مَدَنی بہار'' سُنئے چُنانچِہ کراچی کے علاقے ''گلستانِ جوہَر'' کے ایک اسلامی بھائی بُرے دوستوں کی صُحبت کی وجہ سے بداَخلاقی اور گُناہوں کے دَلدَل میں پھَنس چکے تھے، انہیں گانے سُننے کا بہُت زِیادہ شوق تھا اور پھر یہ شوق اِتنا بڑھا کہ وہ مُختلِف پروگراموں میں خود گانے گا کر لوگوں سے داد وصول کرنے لگے۔ اس کے علاوہ چَرس پینا ان کا معمول تھا، گُناہوں کی عادت اِتنی زِیادہ بڑھ چُکی تھی کہ فُحش گوئی (یعنی بے حیائی کی باتیں) کرنا اور جُھوٹ بولنا ان کے نزدیک گویا کوئی عَیب ہی نہ تھا، خُوش قِسمتی سے 2005 میں انہیں مدینۃُ الْاولیا مُلتان شریف میں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے تین دن کے بَینَ الاَقوامی سنّتوں بھرے اجتِماع میں شرکت کی سَعادت حاصِل ہوئی جہاں یہ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے مُرید بھی بنے، لیکن اجتماع سے لوٹنے کے بعد وہ دوبارہ بُرے دوستوں کی صُحبت میں جا بیٹھے اور پھر سے گُناہوں کا سِلسِلَہ جاری ہو گیا۔ ایک دن اچانک انہیں کوئی ذِہنی مَرَض لاحِق ہو گیا جس کی وَجہ سے انہیں سورۂ فاتحہ بھی یاد نہ رہی اور وہ اپنے ہی گھر میں پاگلوں کی طرح رہنے لگے، اپنے والِدَین کو اپنا دُشمن سمجھنے لگے، ان کی حالت اِتنی خَراب ہو گئی کہ اپنے مَرَض کی وَجہ سے نہ وہ کھانا کھا سکتے تھے اور نہ سو سکتے تھے، بِالآخر انہیں نفسیاتی ہسپتال میں داخِل کروا دیا گیا۔ ان کی امّی جان سے اپنے بیٹے کی یہ حالَت دیکھی نہیں جاتی تھی اور وہ ان کے لئے کثرت سے دعائیں اور وَظیفے کرتی رہتیں، ایک رات ان کی امّی جان کے خواب میں ایک بُزُرگ تشریف لائے اور کچھ عَمَل کرنے کو کہا۔ ان کی امّی جان بِلا ناغہ وہ عَمَل کرنے لگیں، اُس عَمَل کی بَرَکت



www.dawateislami.net

سے آہِستہ آہِستہ ان اسلامی بھائی کی حالت بہتر ہونے لگی اور وہ جِسمانی طور پر صِحّت یاب ہونے لگے اور اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الْکریم ایک دن وہ بھی آیا کہ انہوں نے **دعوتِ اسلامی** کے سنّتیں سیکھنے سکھانے کے **مَدَنی قافلے** میں سَفَر کیا جہاں انہیں عاشِقانِ رسول کی صُحبَت میں گُناہوں سے بچنے کا ذِہْن مِلا اور وہ دِینی ماحول میں رَچتے بَستے چلے گئے اور **دعوتِ اسلامی** کے دِینی کام کرتے کرتے ڈویژن سَطْح پر مَدَنی اِنْعامات (جسے اب ''نیک اَعمال'' کہتے ہیں) کے ذِمّہ دار بھی بنے۔

**اے عاشِقانِ صحابہ واَہلِ بیت!** بیان کردہ مَدَنی بہار ہمیں دعوتِ فِکر دے رہی ہے کہ ہم اپنی صُحْبتوں اور دوستیوں پر نَظَرِ ثانی کرلیں، کہیں ایسا تو نہیں کہ نیک اَعمال سے دُوری کی وجہ ہماری بُری دوستی اور گندی صُحبَت ہو!! حضرتِ مُفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: ''بُروں کی صُحبَت فائدہ اور اچّھوں کی صُحبَت نُقْصان کبھی نہیں دے سکتی۔ بھٹّی والے سے مُشک نہیں ملے گا، گرمی اور دُھواں ہی ملے گا۔ مُشک (کی خوشبو) والے سے نہ گرمی ملے نہ دُھواں، مُشک یا خُوشبو ہی ملے گی۔'' مَزید فرماتے ہیں: ''حَتَّی الْاِمْکان بُری صُحْبَت سے بچو کہ یہ دِین ودُنیا برباد کردیتی ہے اور اچّھی صُحبَت اِختیار کرو کہ اس سے دِین و دُنیا سَنبھل جاتے ہیں۔ سانپ کی صُحبَت جان لیتی ہے۔ بُرے یار کی صُحبَت اِیمان برباد کردیتی ہے۔'' (مرآۃ ج۶ص۵۹۱)

**حضرتِ** مولانا روم رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں:

صُحبتِ صالِح تُرا صالِح کُنَد　　صُحبتِ طالِح تُرا طالِح کُنَد

(یعنی اچّھے کی صُحبَت تجھے اچّھا اور بُرے کی صُحبَت تجھے بُرا بنادے گی) (مثنوی، دفتر اوّل ص۲۲)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　　صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## بات کو فُضُولیات سے پاک کرنے کا بہترین نُسخہ

**گُفتگو** میں کمی لانے کے خواہش مَندوں کیلئے اپنی بات کو فُضول لَفْظوں اور مُختلف خَرابیوں سے پاک کرنے کیلئے ''اِحْیاءُ الْعُلُوم'' میں کچھ اس طرح لکھا ہے: گُفتگو کی چار قسمیں ہیں: (1) مُکَمَّل نُقْصان دِہ



www.dawateislami.net

بات ﴿2﴾ مُکمَّل فائِدے مَند بات ﴿3﴾ ایسی بات جو نُقصان دِہ بھی ہو اور فائِدے مَند بھی، اور ﴿4﴾ ایسی بات جس میں نہ فائِدہ ہو نہ نُقصان تو **پہلی** قسم کی بات جو کہ مُکمَّل یعنی ساری کی ساری نُقصان دِہ ہے اُس سے ہمیشہ بچنا ضَروری ہے اور اسی طرح **تیسری** قسم والی بات کہ جس میں نُقصان و فائِدہ دونوں ہیں، اس سے بھی بچنا لازِم ہے اور جو **چوتھی** قسم ہے وہ **فُضُولیات** میں شامل ہے کہ اُس کا نہ فائِدہ ہے نہ نُقصان، لہٰذا ایسی بات میں وَقْت ضائِع کرنا بھی ایک طرح کا نُقصان ہی ہے اس کے بَعد صِرف **دوسری** ہی قسم کی بات رَہ جاتی ہے یعنی باتوں میں سے تین چوتھائی (یعنی 75%) قابلِ اِستِعمال نہیں ہیں اور دوسری قسم کی بات جو کہ فائِدہ مَند ہے بس وُہی قابلِ اِستِعمال ہے مگر اس قابلِ اِستِعمال بات کے اَندر باریک قِسم کی رِیا کاری، بناوٹ، غِیبت، تُہمت، جُھوٹے مُبالَغے، ”میں میں کرنے کی آفت“ یعنی اپنی فَضِیلت و پاکیزگی بیان کر بیٹھنے وغیرہ وغیرہ خَطرے موجود ہیں، مزید یہ کہ فائِدہ مَند گُفتگو کرتے کرتے فُضُول باتوں میں جا پڑنے پھر اس کے ذَرِیعے اور آگے بڑھتے ہوئے خُدانخواستہ اِس میں گُناہ ہو جانے وغیرہ وغیرہ کے خوف اور ڈر شامل ہیں اور ان خَرابیوں کا شامل ہونا ایسا بارِیک ہے جس کا اکثر عِلْم نہیں ہوتا، لہٰذا اس قابلِ اِستِعمال بات کے ذَرِیعے بھی اِنسان خَطرات میں گھرا رہتا ہے۔

(دیکھئے: اِحیاءُ العُلوم ج۳ ص ۱۳۸)

## دُنیوی بات منہ سے نکل جائے تو کچھ ذِکرُ اللہ کرلینا چاہیے

**اللہ** پاک کے نیک بندے خالِص دُنیوی (غیر فُضُول) باتوں کو بھی اچّھا نہ سمجھتے تھے، جیسا کہ حضرتِ سیِّدُنا حَمَّاد بن سَلَمہ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ جب کوئی دُنیوی بات کہہ دیتے تو اِس کے بعد ”سُبْحٰنَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَر“ پڑھتے پھر فرماتے: ”ہمارے اَسلاف (گُزرے ہوئے بُزُرگانِ دِین) کسی مجلس (یعنی بیٹھک) میں خالِص دُنیاوِی کلام کرنا اچّھا نہ جانتے تھے، جب تک کہ اُس کے ساتھ کوئی نیک بات نہ ملا لیتے۔“

(تنبیۃ المغترین ص ۱۹۰)



www.dawateislami.net

## جب رحمت کی توجُّہ ہٹا دی جاتی ہے

**باتونی** شخص کو تو ڈر جانا چاہیے کہ کہیں اللہُ ربُّ العِزّت نے میری طرف سے رَحمت کی توجہ تو نہیں ہٹا دی! چُنانچِہ حضرتِ سیِّدُنا شیخ مَعروف کَرخی رَحْمَۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''انسان کا بے کار باتیں کرنا اللہ پاک کا اُس کو بے مَدَد چھوڑ دینے کے باعِث ہوتا ہے۔'' (تنبیہُ المغترین ص۱۹۰)

## حُسنِ اَخلاق اور دِین کی سمجھ سے محروم

**مُنافِق** دُنیاداری کے مُعاملے میں کتنا ہی عَقلمند سہی مگر چونکہ وہ حُسنِ اَخلاق اور دِین کی سَمجھ بوجھ سے مَحروم ہوتا ہے اِس لیے یَقیناً وہ بدنَصیب ومَحروم ہے۔ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا ارشادِ گرامی ہے کہ مُنافِق میں دو خَصلَتیں جمع نہیں ہوتیں: (۱) حُسنِ اَخلاق اور (۲) دِین کی سَمجھ۔ (ترمذی ج٤ ص۳۱۳ حدیث ۲٦۹۳)

## بولنے والا بارہا پچھتاتا ہے

**ایک** نَصیحت آموز عَرَبی شِعر کا تَرجمہ ہے: ''عِلْم زِینَت (یعنی خوبصورَتی) ہے اور خاموشی سَلامتی، اور جب کبھی بولنا پڑے تو زِیادہ نہ بولو۔ تُم نے خاموشی پر کبھی شَرمِندَگی نہیں اُٹھائی ہو گی۔ مگر بول کر بَہُت بار نَدامَت یعنی شَرمِندگی اُٹھائی ہوگی۔'' (تنبیہ الغافلین ص۱۱٦)

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** واقِعی یہ حقیقت ہے کہ خاموش رہنے میں نَدامَت (یعنی شَرمِندگی) کا اِمکان (یعنی CHANCE) بَہُت کم ہے جب کہ موقع بے موقع ''بول پڑنے'' کی عادت سے بارہا SORRY کہنا پڑتا اور مُعافی مانگنی پڑتی ہے یا پھر دِل ہی دِل میں پچھتاوا ہوتا ہے کہ میں یہاں نہ بولا ہوتا تو اچھا تھا کیوں کہ میرے بولنے پر سامنے والے کی جِھجک اُڑ گئی، کھری کھری سُننی پڑی، فُلاں ناراض ہو گیا، فُلاں کا چِہرہ اُتر گیا، فُلاں کا دِل دُکھ گیا، اپنا امپریشن (IMPRESSION) بھی خراب پڑا وغیرہ وغیرہ۔ حضرتِ محمد بن نَضر حارِثی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے کتنی پیاری بات بیان کی گئی ہے: ''زیادہ بولنے سے (عزّت و) وَقار جاتا رہتا ہے۔'' (اَلصَّمت لِابْنِ اَبِی الدُّنیا مع موسوعہ ج۷ ص٦۰ قول نمبر ٥۲)



www.dawateislami.net

## ”بول کر“ پچھتانے سے ”نہ بول کر“ پچھتانا اچھا

سچ ہے، ”بول کر“ پچھتانے سے ”نہ بول کر“ پچھتانا اچھا اور ”زیادہ کھا کر“ پچھتانے سے ”کم کھا کر“ پچھتانا اچھّا کہ جو بولتا رہتا ہے وہ مُصیبتوں میں پھنستا رہتا ہے اور جو زِیادہ کھانے کا عادی ہوتا ہے وہ اپنا **مِعْدہ** تباہ کر بیٹھتا، اکثر **مُٹاپے** کا شِکار ہوجاتا اور طرح طرح کی بیماریوں کی زَد میں رہتا ہے، اگر جوانی میں اَمراض سے قدرے بچت ہو بھی گئی تو جوانی ڈھلنے کے بعد بَسا اَوقات ”سراپا مرض“ بَن جاتا ہے۔ زِیادہ کھانے کے نُقصانات اور **مُٹاپے کے علاج** وغیرہ جاننے کیلئے **فیضانِ سنّت** جِلد اوّل کے باب ”**بھوک کے فضائل**“ کا مُطالَعہ فرمایئے۔

## زیادہ بولنے والے کو نَدامت اُٹھانی پڑتی ہے

**بُری** صُحبت بَرباد کرتی، بُری جگہ جانے والا بدنام ہوتا اور باتُونی آدمی کو آخرکار شَرمِندگی اُٹھانی پڑتی ہے۔ چُنانچِہ حضرتِ سیِّدُنا لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے بارے میں کہا گیا ہے، اُنہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا: اے بیٹے! (۱) جو شخص بُرے آدمی کا دوست اور ساتھی بنتا ہے اُسے سلامتی نہیں مِلتی اور (۲) جو بُری جگہ پر جاتا ہے وہ بَدنام ہوتا ہے اور (۳) جو اپنی زَبان کی حِفاظَت نہیں کرتا وہ نادِم (یعنی شَرمِندہ) ہوتا ہے۔ (تنبیہ الغافلین ص۱۱۵)

## جو تول کر بولتا ہے فُضول باتوں سے بچ جاتا ہے

**عقلمند** کی شان یِہی ہے کہ سوچ سمجھ کر بات کرے، اپنا وَقْت فُضول ضائع نہ کرے، اپنے مُعامَلات پر پُوری توجُّہ رکھے، اِس طرح اُسے فُضول باتوں کا موقع ہی کہاں ملے گا! حضرتِ سیِّدُنا اَبوذَر غِفاری رضی اللہ عنہ سے رِوایَت ہے کہ میں نے سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سے سُوال کیا کہ اِبراہیمی صَحِیفوں (یعنی حضرتِ اِبراہیم عَلَیْہِ السَّلام پر نازِل ہونے والی آسمانی کتابوں) میں کیا مَضامین تھے؟ فرمایا: وہ سب عِبْرت ونَصیحت پر مُشتمل تھے (ان میں یہ بھی تھا)، عقلمند پرلازِم ہے کہ اپنے زمانے کے حالات سے واقِف ہو اور اپنی زَبان کی حِفاظَت کرے۔ باتیں کرنے کے بجائے کام کرے اور اس کا کلام فُضول باتوں پر مُشتمل



www.dawateislami.net

نہ ہو۔ (اللہ والوں کی باتیں ج۱ص۳۱۹، حلیۃ الاولیاء ج۱ص۲۲۲)

## کینسر کی مریضہ صِحّت یاب ہوگئیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول کی بھی کیا خوب بَرَکتیں ہیں، ان بَرَکتوں کا اَندازہ لگانے کیلئے ایک ''مَدَنی بہار'' سُنئے اور جھومئے: اولڈ کانپور (الھند) کے ایک اسلامی بھائی کی خوش بختی کہ انہیں **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے وابَستگی نَصیب ہوئی۔ان کی نانی جان کی طَبیعت بَہُت ناساز تھی، بُہتیرا علاج کروایا مگر شِفا نہ مل سکی۔ڈاکٹروں نے کہا: ''اِنہیں سرطان (یعنی CANCER) ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ خبر بھی سُنا دی کہ یہ چند دِنوں کی مِہمان ہیں۔'' اس خبرِ وَحشت اَثَر سے یہ گھبرا گئے، انہوں نے **اللہ رَبُّ العِزّت** کے بھروسے نانی جان کی صِحّت یابی کی دعا مانگنے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے **ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع** میں شرکت کی اور رورو کر دُعا کی: ''یا **اللہ** پاک! یہاں جو بھی تیرا محبوب (یعنی پیارا) بندہ ہے اس کے صَدقے میری پیاری نانی جان کو صِحّت کی نعمت عَطا فرما۔'' اگلے روز جب نانی جان کی خِدمت میں حاضِر ہوئے تو ان کی خوشی کی اِنتہا نہ رہی کیونکہ اِجتماع میں عاشِقانِ رسول کے درمیان مانگی جانے والی دُعا کی بَرَکت یوں ظاہِر ہوئی کہ ان کی نانی جان اب نہ صِرف بیٹھ رہی تھیں بلکہ تندُرُست ہو کر چل پھر رہی تھیں۔

ترا شکر مولا دیا مَدنی ماحول | نہ چھوٹے کبھی بھی خدا مَدنی ماحول
سَلامَت رہے یاخدا مَدنی ماحول | بچے بَد نظر سے سدا مَدنی ماحول (وسائلِ بخشش ص۶۴۷)

## کوئی بیماری لاعِلاج نہیں

سُبْحٰنَ اللّٰہ! **اللہ** پاک ہر شے پر قُدرت رکھتا ہے، وہ چاہے تو کینسر بھی ٹھیک ہو جائے۔ یقیناً **بڑھاپے** اور **موت** کے سِوا ہر بیماری کا عِلاج ہے۔ہاں یہ بات الگ ہے کہ کئی اَمراض کا عِلاج **اَطِبّا** (یعنی ڈاکٹرز) اب تک دَریافت نہیں کر پائے۔لِہٰذا یہ کہنے کے بجائے کہ ''فُلاں مَرَض کا عِلاج نہیں ہے'' مناسِب یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ ہمارے پاس اس بیماری کا عِلاج نہیں یا



www.dawateislami.net

ڈاکٹرز ابھی تک اس مَرَض کا عِلاج دَریافت نہیں کرسکے۔ بَہر حال **ربِّ کریم** چاہے تو دوا **شِفا** کا ذَرِیعہ (ذَ۔رِیْ۔عَہ) بنے ورنہ عین ممکن ہے کہ وہی دوا **موت** کا سَبَب بن جائے! اور یہ بھی اکثر دیکھا جاتا ہے کہ **ماہِر ڈاکٹر** کی طرف سے مِلنے والی دُرُست دوا کے باوجود کسی کسی مریض کو مَنْفی اثر (REACTION) ہوجاتا ہے۔

## کینسر کا رُوحانی عِلاج

اوّل آخر گیارہ بار دُرُودِ ابراہیم اور درمیان میں ''سُورَۃُ مَرْیَم'' پڑھ کر پانی پر دَم کیجئے، ضَرورتاً دوسرا پانی ملاتے رہیے، مریض وہی پانی سارا دن پیئے، یہ عَمَل چالیس دن تک بِلا ناغہ کرتے رہیے، اِنْ شَآءَ اللہ شِفا حاصِل ہوگی۔ (دوسرا بھی پڑھ کر دَم کرکے مریض کو پِلا سکتا ہے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بیوقوف جب تک خاموش رہتا ہے پہچانا نہیں جاتا

**خاموش** رہنے سے بَعض اَوقات لوگوں پر دَھاک بیٹھی رہتی ہے، لوگ عزّت کی نِگاہ سے دیکھتے ہیں اور جو ہَروَقْت بولتا رہتا ہے اُس کا رُعب خَتْم ہوجاتا ہے اور اُس کی بات کا ''وَزْن'' بھی نہیں رہتا۔ چُنانچِہ ابراہیم نَخَعی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''جو شَخْص غور کرے تو وہ تمام اَہلِ مَجلِس سے اَشرَف (یعنی شریف ترین) اور زِیادہ رُعب دار اُس شَخْص کو پائے گا جو اکثر خاموش رہتا ہو، کیونکہ خاموشی عالِم کے لیے زِیْنَت ہے اور جاہِل کے لیے پَردہ۔'' (تنبیہُ المغترین ص ۱۹۰)

## آدھی رات تک اگر سورج نہ ڈوبے تو؟ (واقعہ)

**اے عاشِقانِ رسول!** واقِعی زَبان بند رکھنے سے بَھرم قائم رہتا ہے، انسان جیسے ہی بولنا شُروع کرتا ہے، اُس کا ''بھاؤ'' (یعنی سَمجھداری کا) پتا چَل جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرتِ امام ابویُوسُف رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے ساتھ ایک شَخْص بیٹھتا تھا مگر کبھی کچھ بولتا نہیں تھا۔ ایک بار حضرتِ امام ابویُوسُف رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے اُس سے فرمایا: آپ کبھی کوئی سُوال کیوں نہیں کرتے؟ ہمیشہ چُپ ہی رہتے ہیں؟ یہ سُن کر اُس نے سُوال کردیا: اچّھا یہ بتائیے کہ روزہ کب اِفْطار کرنا چاہئے؟ فرمایا:



www.dawateislami.net

جب سُورَج غُرُوب ہوجائے۔ وہ بولا: اگر آدھی رات تک سورج غُرُوب ہی نہ ہوتو؟ یہ سُوال سُن کر حضرتِ امام ابو یُوسُف رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ہنس پڑے اور فرمایا: آپ کا خاموش رہنا ہی بہتر تھا، میں نے آپ کی زَبان کُھلوا کر غَلَطی کی۔ (تاریخ بغداد ج ۱٤ ص ۲٥۱)

## کاش! میں گُونگا ہوتا

اے عاشِقانِ رسول! دیکھا جائے تو نابینا فائدے میں رہتا ہے کہ غیر عورتیں، فِلمیں ڈِرامے، کسی ''ہاف پینٹ'' والے شَخْص کے کُھلے گُھٹنے اور رانیں دیکھنے، اَمْرَد پر ''مخصوص لَذَّت'' والی نَظَر ڈالنے وغیرہ وغیرہ گُناہوں سے بچا رَہتا ہے، اِسی طرح گُونگا بھی زَبان کی بے شُمار آفتوں سے مَحفوظ رَہتا ہے۔ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ، عاشِقِ اکبر، حضرتِ صِدِّیق اکبر رضی اللہ عنہ (بطورِ عاجزی) فرماتے ہیں: ''کاش! میں گُونگا ہوتا مگر ذِکْرُ اللہ کی حد تک گویائی (یعنی بولنے کی صَلاحِیَّت) حاصِل رہتی۔''

(مِرْقاۃُ المَفاتِیح ج ۱۰ ص ۸۷)

## کاش! یہ گُونگی ہوتی

''اِحْیاءُ الْعُلُوم'' میں ہے: صَحابِیِ رسول، حضرتِ ابودَرداء رضی اللہ عنہ نے ایک زَبان دراز (یعنی زیادہ باتیں کرنے والی) عورت دیکھی تو فرمایا: اگر یہ گُونگی ہوتی تو اس کے حَق میں بہتر تھا۔ (اِحیاءُ العُلوم ج۳ ص ۱٤۲)

## گھر اَمن کا گہوارہ کیسے بنے!

اللہ پاک کے پیارے پیارے سب سے آخری نبی مکّی مَدَنی، محمدِ عَرَبی صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کے پیارے صَحابی حضرتِ ابودَرداء رضی اللہ عنہ کے مُبارَک اِرشاد سے خُصُوصاً ہماری وہ اسلامی بہنیں دَرْس حاصِل کریں جو فُضُول باتوں، غیر ضَروری سُوالوں، بدگُمانیوں اور غِیبتوں وغیرہ سے فُرصَت نہیں پاتیں، اسلامی بہنیں اگر صحیح مَعنوں میں خاموش رہنا سیکھ جائیں تو ان کی گھریلو پریشانیاں، رِشتے داروں سے ناچاقیاں (یعنی اَن بَن)، اور ساس بہو کی لڑائیاں وغیرہ بَہُت سارے مسائل حَل ہوجائیں اور سارے کا سارا خاندان اَمْن کا گہوارہ بَن (یعنی پُرسُکون ہو) جائے کیونکہ زِیادہ تر گھریلو جھگڑے زَبان کے غَلَط اِستِعمال ہی



www.dawateislami.net

کے سَبَب ہوتے ہیں۔

## سوشل میڈیا کی ایک قابلِ غور پوسٹ

**سوشل** میڈیا کی ایک توجُّہ طَلَب پوسٹ مَعمولی فَرق کے ساتھ پیش کی جاتی ہے، کسی لڑکی نے پوسٹ کی: اگر شادی کے بعد ماں باپ کو ساتھ رکھنے کا حَق بیٹیوں کو مِل جاتا تو مُلک میں ایک بھی ''اولڈ ہاؤس'' نہ ہوتا۔ اِس پر کسی لڑکے نے بھی خوب جواب دیا کہ اگر وُہی بیٹیاں شادی کے بعد ساس سُسر کو ہی ماں باپ مان لیں تو مُلک تو کیا پُوری دُنیا میں ایک بھی اولڈ ہاؤس باقی نہ رہے۔

اس پوسٹ میں صِرف اُن عورتوں کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے جو اپنی ساس نَندوں وغیرہ کے سامنے خوب زَبان چلاتیں اور گھر کا اَمن تہ و بالا کرتی ہیں، ورنہ مُعاشَرے میں سُسرال کے اَندر ظُلم سہنے والی خواتین کی بھی ایک تَعداد ملے گی۔

## ساس بہو کا جھگڑا نمٹانے کا نُسخہ

**ساس** اگر ڈانٹ ڈپَٹ کرتی ہو تو ''بہو'' کو چاہیے کہ صِرف و صِرف صَبْر کرے، جواباً ایک لَفظ بھی نہ کہے اور اپنے **شوہر** کو شِکایَت بھی نہ کرے، مُنہ بھی نہ چڑھائے، اور اپنے بچّوں کو جھاڑ کر یا بَرتن وغیرہ پچھاڑ کر ان پر بھی غُصّہ نہ نِکالے اور میکے میں بھی کُچھ نہ بتائے، اِنْ شَآءَ اللہُ الکریم آہستہ آہِستہ گھریلو مسائل حَل ہو جائیں گے۔ اِسی طرح اگر کوئی بہو اپنی ''ساس'' سے جھگڑا کرتی ہو تو ساس کو چاہئے کہ بِالکل جوابی کاروائی نہ کرے، صِرف خاموشی اِختیار کرے، گھر کے کسی فرد حتّٰی کہ اپنے **بیٹے** کو بھی شِکایَت نہ کرے۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الکریم اس کہاوت: ''ایک چُپ سو سُکھ'' کے مُطابِق سُکھ چین پائے گی۔ جی ہاں! اگر صحیح معنوں میں سگِ مدینہ عُفِیَ عَنْہُ کے اس ''نُسخے'' پر عَمَل کیا گیا تو اِنْ شَآءَ اللہُ الکریم **جلد ہی ساس بہو کی لڑائی خَتْم ہو جائے گی اور گھر اَمن کا گہوارہ** (یعنی راحتوں بھرا) **بَن جائے گا۔**


www.dawateislami.net

## خاموشی کی بَرَکت سے دیدارِ مصطفےٰ

ایک اسلامی بہن نے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃُ المدینہ کی طرف سے جاری کردہ خاموشی کی اَہَمِّیَّت پر مبنی سنّتوں بھرے بیان کی آڈیو کیسٹ سُن کر خاموش رہنا شُروع کر دیا، تین ہی دن میں ان کو اندازہ ہو گیا کہ پہلے وہ کس قَدر فالتو باتیں کیا کرتی تھیں! اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم خاموشی کی بَرَکت سے انہیں **اچھے اچھے خواب نظر آنے لگے،** فُضُول باتوں سے بچنے کی کوشش کے تیسرے دن انہوں نے مکتبۃُ المدینہ کی جاری کردہ سنّتوں بھرے بیان کی ایک مزید آڈیو کیسٹ بنام ''اِطاعَت کسے کہتے ہیں'' سُنی۔ رات جب سوئیں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم کیسٹ میں بیان کردہ ایک واقِعہ انہیں خواب میں دکھائی دینے لگا! ''جنگ کا نَقشہ تھا، **سرکارِ مدینہ** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم دُشمن کی جاسوسی کے لیے اپنے پیارے صَحابی حضرتِ حُذَیفہ رضی اللہ عنہ کو روانہ کرتے ہیں، وہ کُفّار کے خیموں کے پاس پہنچتے ہیں تو انہیں کُفّار کے سردار حضرت ابوسُفیان (جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے) کھڑے ہوئے نَظَر آتے ہیں، موقع غنیمت جانتے ہوئے حضرت حُذَیفہ رضی اللہ عنہ کمان پر تیر چڑھا لیتے ہیں کہ انہیں سرکارِ دو عالَم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا یہ حکم یاد آتا ہے کہ ''کُفّار کو خبر نہ ہو'' چنانچِہ اپنے پیارے آقا، مصطفےٰ جانِ رَحمت صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی **اِطاعت** (یعنی فرماں برداری) کرتے ہوئے تیر چلانے سے باز رہتے ہیں، پھر حاضر ہو کر تاجدارِ رسالت صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی خدمتِ بابَرَکت میں کارکردگی پیش کرتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم **اس خواب میں ان اسلامی بہن کو سرکارِ مدینہ** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم **اور دو صَحابۂ کرام** رضی اللہ عنہما **کی صاف صاف زِیارت نصیب ہوئی،** باقی سب مناظر دُھندلے (BLUR) نظر آرہے تھے۔'' اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! صِرف تین دن کی فُضُول گوئی سے بچنے کی کوشش سے ان پر آقائے دو عالم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا بہت بڑا کرم ہو گیا، ان کا کہنا تھا: **بس میری تمنّا ہے کہ کبھی بھی میری زَبان سے کوئی فالتو لفظ نہ نکلے۔**

اللہ! کروں میں نہ کبھی فالتو باتیں
بس ذِکر میں گزریں مرے دن اور مری راتیں



www.dawateislami.net

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## زبان کی آفتیں بہُت زِیادہ ہیں

صَحابیِ رسول حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ ابنِ مَسْعُود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ زَبان کو ہر چیز سے زیادہ قابُو میں رکھنے کی ضَرورت ہے۔ (معجم کبیر ج۹ص۱۴۹) (کیونکہ زَبان کی آفتیں بہُت زِیادہ ہیں) اِنسان کے سَر گُناہوں کا بوجھ لدوانے میں زَبان سب اَعْضا (یعنی PARTS) سے بڑھ کر ہے۔ گُناہوں سے بچانا سب اَعْضا کو ضَروری ہے لیکن (دیگر اَعْضا کے مُقابلے میں) زَبان کی دیکھ بھال اور اِس پر قابُو پانا سب سے بڑھ کر اَہَم وضَروری ہے۔

## عُمَر بن عبدُالعزیز پھوٹ پھوٹ کر روئے

حضرتِ ابو عبدُاللّٰہ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے سُنا کہ ایک عالِم صاحِب حضرتِ عُمَر بن عبدُالْعزیز رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے سامنے کہنے لگے: ''خاموش عالِم'' بھی بولنے والے عالِم ہی کی طرح ہوتا ہے۔ فرمایا: میرا ذِہن یہ ہے کہ بولنے والا عالِم قِیامت کے دِن چُپ رہنے والے عالِم سے اَفْضَل ہوگا اس لئے کہ بولنے والے عالِم کا نَفْع لوگوں کو پہنچتا ہے جبکہ چُپ رہنے والے عالِم کو صِرف ذاتی فائِدہ مِلتا ہے۔ وہ عالِم صاحِب بولے: ''یا امیرَ الْمُؤمِنین! کیا آپ بولنے کے فِتنوں سے ناواقِف ہیں؟'' حضرتِ عُمَر بن عبدُالْعزیز رَحْمَۃُ اللہِ علیہ یہ سُن کر پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ (اَلصَّمت ج۷ ص۳۴۵ قول نمبر ۶۴۸) **اللہُ ربُّ العِزّت کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔** اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## حِکایت کی وَضاحت

**اے عاشِقانِ رسول!** ہمارے بُزُرگوں کی اِحتیاطیں اور جَذْبۂ خوفِ خُدا مَرحبا! اَلْبَتّہ اِس بات میں کوئی شک نہیں کہ مُحتاط عُلَمائے دِین کا وَعْظ ونَصیحت فرمانا، شَرْعی اَحکام بتانا، مُبلِّغین کا سنّتوں بھرا بیان کرنا، نیکی کی دعوت دینا، خاموشی کے مُقابلے میں



www.dawateislami.net

افضل ترین عَمَل ہے۔ مگر اُن عالم صاحِب کا حضرتِ عُمَر بن عبدُالعزیز رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کی بارگاہ میں عِبْرت کے لئے یہ عَرض کرنا کہ ''کیا آپ بولنے کے فِتْنوں سے ناواقِف ہیں؟'' اپنی جگہ دُرُست تھا اور امیرُ الْمُؤمِنین رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کا خوفِ خُدا سے زاروقِطار رونا بھی اُن عالمِ دِین کے ان اَلفاظ کی تہ تک پَہُنچنے کی وجہ سے تھا۔ واقِعی اچھا بولنا اگرچِہ مخلوق کیلئے نَفْع بَخش ہے لیکن خود بولنے والے کے لئے اِس میں کئی خَطْرات موجود ہیں مَثَلاً اگر اچّھا مُبَلِّغ ہے تو اپنی خوش بیانی اور گُفتگو کی رَوانی پر دوسروں کی طرف سے مِلنے والی دادو تَحْسین کے سَبَب یا صِرف اپنی صلاحِیّت پر گَھمَنڈ (یعنی تکبُّر) کے باعِث یا اپنے آپ کو ''کچھ'' سمجھنے اور دوسروں کو حَقیر (یعنی گھٹیا) جاننے یا صِرف نَفسانیّت کی وجہ سے دوسروں پر دَھاک بِٹھانے اور اپنی واہ وا کروانے کی خاطِر مشکِل یا خوبصورت اَلفاظ ومحاورے وغیرہ بولتے رہنے وغیرہ وغیرہ فِتْنوں میں پڑ سکتا ہے۔ اگر عَرَبی بول چال پر عُبور ہُوا تو بات و بیانات میں اپنی عَرَبی دانی کا سِکّہ جمانے کی خاطِر خوب عَرَبی مَقُولوں وغیرہ کے اِستِعمال کے فِتنے میں مُبتَلا ہوسکتا ہے، اِسی طرح جس کی آواز اچّھی ہو وہ بھی خَطْروں میں گِھرا رہتا ہے، چونکہ لوگ اکثر ایسوں کی تَعریف کرتے ہیں جس پر ''پھول'' کر اُس کے مَغرور ہو جانے، اچّھی آواز کو اللہ پاک کی عطا سمجھنے کے بجائے اپنا کمال سَمجھ بیٹھنے وغیرہ غَلَطیوں کا خَدْشہ (یعنی ڈر) رہتا ہے۔ تو اُن عالمِ دِین کا ''بولنے'' کے مُتعلِّق خَبردار کرنا دُرُست ہے اور واقِعی جو مُبَلِّغ بیان کی جانے والی بُری صِفات رکھتا ہو اُس کا بولنا اُس کے اپنے حَق میں بَہُت بڑا فِتنہ اور بَربادیٔ آخِرت کا سامان ہے اگرچِہ مخلوق کو اُس سے نَفْع پَہُنچتا ہو۔

## متأثِّر کرنے کے لئے بات چیت کے مختلف انداز اختیار کرنا

**لوگوں** کو اپنے سے متأثِّر (مُ۔تَ۔اَ۔ثْ۔ثِر) کرنے کے لیے بنا سَجا کر باتیں کرنا اور یوں انہیں اپنا مُعْتَقِد (یعنی عَقِیدَت مَنْد) بنانا بَہُت زِیادہ بُرا کام ہے، اب جو حدیثِ پاک بیان کی جارہی ہے اس سے وہ لوگ دَرْس حاصِل کریں جو اگرچِہ بظاہِر نیک بھی ہوتے ہیں لیکن ہَر وَقْت ''مَیں مَیں''



www.dawateislami.net

کرتے رہتے ہیں اور لوگوں کو اپنی ذات کا گرْوِیدہ کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

**حضرتِ ابوہُریرہ** رضی اللہ عنہ سے رِوایَت ہے، سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''جس نے بات کہنے کے مُختلِف اَنداز اس لیے سیکھے کہ اِس کے ذَرِیعے لوگوں کے دِلوں کو قید کرے (یعنی لوگوں کو اپنا عقیدَت مَند بنائے)، **اللہ** پاک قِیامَت کے دن اُس کے نہ فَرض قبول فرمائے گا نہ نَفْل۔'' (ابوداؤد ج ٤ ص ٣٩١ حديث ٥٠٠٦)

**مُفتی احمد یار خان** رحمۃُ اللہِ علیہ اس حدیثِ مُبارَکہ کی وضاحت میں فرماتے ہیں: ایک مَضمون کو مُختلف عِبارَتوں سے بیان کرنا، اچّھی عِبارَت بولنا، جھوٹی بات سَچّی کرکے دکھانا یعنی جو عالِم لچھے دار گفتگو زَنّاٹے کی تقریریں کرنا اِس لیے سیکھے کہ لوگ اس کے جال میں پھَنس جائیں، لوگ اس کے مُعْتَقِد (یعنی عقیدت مَند) ہو جاویں۔ (مرآت ج٦ ص٤٣٩)

## باتیں بھی زیادہ خطائیں بھی زیادہ

**باتونی** شخص کو جھوٹ، غِیبت، چُغلی، لوگوں کو گالی دینا وغیرہ وغیرہ گُناہوں میں مُبتلا ہو جانے کا خَطرہ رہتا ہے۔ اِسی طرح مالدار شخص کو دولت زِیادہ ہونے کی وَجہ سے ظُلم وتکبُّر وغیرہ گُناہوں میں پڑنے کا خَطرہ رہتا ہے۔ حضرتِ سیِّدُنا حَسَن بَصری رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ (١) جو زِیادہ بولتا ہوگا اُس کی غَلَطیاں بھی زِیادہ ہوں گی (٢) جِس کا مال زِیادہ ہوگا اُس کے گُناہ بھی زِیادہ ہوں گے اور (٣) جس کے اَخلاق بُرے ہوں گے وہ مبتلائے عَذاب ہوگا۔ (تنبيه الغافلين ص١١٧)

## جیسا سَفَر، ویسا زادِ سَفَر ہونا چاہیے

**مشہور صَحابی** حضرتِ ابوذَر غِفاری رضی اللہ عنہ ایک بار کعبۃُ اللہ شریف کے پاس کھڑے ہو کر فرمانے لگے: جو مجھے جانتا ہے وہ تو جانتا ہی ہے اور جو نہیں جانتا وہ جان لے کہ میں جُنْدُب بِن جُنادہ ابوذَر غِفاری ہوں، ایک ہَمدرد و مِہربان مسلمان بھائی کے پاس آؤ! لوگ آس پاس جَمْع ہو گئے۔ تو فرمانے لگے: لوگو! تم میں سے کوئی شخص جب دُنیا کے کسی شہر کے سَفَر کا اِرادہ کرتا ہے تو زادِ راہ (یعنی سامانِ سَفَر) کے بغیر سَفَر نہیں کرتا تو وہ شخص کیسا ہے جو آخرت کا سَفَر بِلا زادِ راہ کرنا چاہتا


www.dawateislami.net

ہے؟ لوگوں نے پوچھا: اے ابوذر! ہمارا زادِ سفر کیا ہونا چاہیے؟ فرمایا: ''رات کے اندھیرے میں دو رَکعت نماز قَبْر کی وَحشت (یعنی گھبراہٹ) سے بچنے کے لیے، اور سخت گرمی کے روزے قِیامت کے دن کے لیے اور مَساکین پر صَدَقہ کرنا تاکہ تم کو سخت دِن کے عَذاب سے نَجات ملے اور دُوسرے بڑے بڑے اُمور کے لیے حَج کرنا۔ دُنیا کو دو حِصّوں میں تقسیم کرلو، ایک حِصّہ طَلَبِ دُنیا کے لیے اور ایک حِصّہ طلبِ آخرت کے لیے۔ اِس کے عِلاوہ تیسرا حِصّہ بنانا مُضِر (یعنی نقصان دہ) ہے، مفید نہیں۔ اِسی طرح اپنی بات چیت بھی دوطرح کی بنالو، ایک وہ جو تمہاری دُنیا میں کام دے، دوسری وہ جو آخرت میں کام آئے اور تیسری مُضِر (یعنی نقصان دہ) ہے، مُفید نہیں۔'' پھر فرمانے لگے: ''آہ! مجھے اُس دِن کے غَم نے ہلاک کردیا ہے جس کی میرے پاس کوئی تَلافی (یعنی عِلاج) نہیں۔'' عَرض کیا گیا: وہ کیا ہے؟ فرمایا: ''میری اُمّیدیں میری عُمْر سے بھی تجاوُز کر (یعنی آگے بڑھ) گئیں اور مَیں اپنے عَمَل سے غافِل ہوگیا ہوں۔'' (تنبیہ الغافلین ص۱۱۸)

**پیارے پیارے اِسلامی بھائیو!** حضرتِ ابوذرغِفاری رضی اللہ عنہ نہایت ہی پَرہیزگار ہونے کے باوجود اپنے بارے میں اِنکساراً فرما رہے ہیں کہ ''میں اپنے عَمَل سے غافل ہوگیا ہوں۔'' تو پھر ہمارا کیا بنے گا؟ کہ ہم تو کوئی نیکی کر بھی نہیں پاتے اور اگر ٹوٹی پھوٹی عِبادت کر بھی ڈالی تو شَیطان دِل میں یہ بات ڈال دیتا ہے کہ تو بَہُت نیک ہے تو شَریف آدمی ہے اور شَیطان کی باتوں میں آکر ہم بھی اِس خوش فہمی میں مُبتَلا ہوجاتے ہیں کہ ہاں واقِعی ہم نیک آدمی ہیں۔ اِس واقِعے سے خُصُوصاً ہمیں اِنکسار و عاجِزی کا دَرْس حاصِل کرنا چاہیے کہ خواہ ہم کتنے ہی نیک کام کریں، خود کو گُنہگار ہی تصوّر کرنا چاہیے۔

## گھر میں سُنّتوں بھرا ماحول بنانے میں خاموشی کا کردار

**اے عاشقانِ رسول!** بے ضَرورت بات، ہنسی مَذاق اور تُو تَڑاق کی عادات نِکال دینے سے گھر میں بھی آپ کا وَقار بُلند ہوگا اور جب گھر کے افراد آپ کے سنجیدہ پن سے مُتأَثِّر



www.dawateislami.net

(مُ۔تَ۔اَث۔ثِر) ہوں گے تو اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم اُن کے دل پر آپ کی ''نیکی کی دعوت'' جلد اثر کرے گی اور گھر میں سنّتوں بھرا **ماحول** بنانے میں آسانی ہوجائے گی۔ چُنانچِہ **''دعوتِ اسلامی''** کے سنّتوں بھرے اجتماع میں خاموشی کی اَہَمِیَّت پر کیا ہوا ایک **سنّتوں بھرا بیان** سن کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم ایک باتونی اسلامی بھائی نے **خاموشی** کی عادت ڈالنی شُروع کردی، سُبْحٰنَ اللہ! اس کا انہیں فائدہ بھی پہنچنے لگا، ''اَبُوالْفُضُول'' ہونے کی وجہ سے گھر کے افراد ان سے بدظن تھے مگر جب سے **چُپ رہنا** شُروع کیا ہے، گھر میں ان کی ''پوزیشن'' بن گئی ہے اور خُصُوصاً ان کی امّی جان جو کہ ان سے بیزار رہا کرتی تھیں اب خوش ہوگئی ہیں، چونکہ پہلے وہ بَہُت ''بکّی'' (بَ۔کْ۔کی۔یعنی بک بک کے عادی) تھے لہٰذا ان کی اچّھی باتیں بھی بے اَثَر ہوجاتی تھیں مگر اب وہ امّی جان کو جب بھی کوئی سنّت وغیرہ بتاتے ہیں تو وہ نہ صِرف دِلچسپی سے سُنتی ہیں بلکہ عَمَل کرنے کی کوشش بھی کرتی ہیں۔

بڑھتا ہے خَموشی سے وقار اے مِرے پیارے
گھر والے بھی ہو جائیں گے خوش آپ سے سارے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## غیر ضروری سوالات کی آفات

حضرتِ امام محمد بن محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: بے فائِدہ گُفتگو میں سے تمہارا دوسرے سے غیر ضَروری چیز کے بارے میں سُوال کرنا بھی ہے اور اس طرح کا سُوال کرکے تم اپنا بھی وَقْت ضائع کروگے اور دوسرے کو بھی جواب دینے کے ذریعے وَقْت ضائع کرنے پر مجبور کردوگے اور یہ بھی اس وَقْت ہے جب سُوال کرنے میں کوئی آفت نہ ہو ورنہ اکثر سوالات میں عُمُوماً آفات ہوتی ہیں۔ مِثال کے طور پر تم کسی سے اس کی عبادت کے بارے میں سُوال کرتے ہوئے پوچھو کہ کیا تم روزہ دار ہو؟ اگر اس نے ہاں میں جواب دیا تو وہ اپنی عِبادت کا اِظہار کرنے والا ہوا اور یوں وہ رِیا کاری میں پڑ سکتا ہے۔ اگر وہ رِیا کاری میں نہ بھی



www.dawateislami.net

پڑے تب بھی اس کی عِبادت پوشیدہ (یعنی چُھپی ہوئی) عبادت کے رَجسٹَر سے خارِج ہو جائے گی اور پوشیدہ عبادت، عَلانیہ (یعنی کُھلّم کُھلّا) عِبادت سے کئی دَرجے فضیلت رکھتی ہے اور اگر وہ کہتا ہے کہ نہیں تو وہ جھوٹ بولنے والا ہوگا اور اگر وہ خاموش رہے تو وہ تمہیں حقیر سمجھنے والا ہوا اور اس سبب سے تم اَذیّت اُٹھاؤ گے اور اگر وہ جواب دینے میں ٹال مٹول سے کام لے تو اسے مَشَقَّت اٹھانی پڑے گی تو تم ایک سُوال کے سبب اسے ریا کاری یا جھوٹ بولنے یا حقیر جاننے یا جواب کو ٹالنے کی زد میں لے آئے۔

ایسے ہی تمہارا اس کی دیگر عِبادات کے بارے میں سُوال کرنا ہے اور اسی طرح گُناہ اور ہر اس چیز کے بارے میں سُوال کرنا ہے جسے وہ لوگوں سے چھپاتا اور اسے بتانے سے شرماتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی دوسرے سے گُفتگو کر رہا ہو اور بعد از گُفتگو تم اس سے پوچھو کہ تم کیا کہہ رہے تھے اور کس بارے میں بات کر رہے تھے؟ اور ایسے ہی راستے میں تم کسی شخص کو دیکھ کر اس سے دَریافت کرو کہ تم کہاں سے آ رہے ہو؟ تو بعض اوقات کوئی ایسی رکاوٹ حائل ہوتی ہے جو اس کو بتانے سے روکتی ہے اور اگر بیان کر دیتا ہے تو اسے اَذیّت (یعنی پریشانی) ہوتی ہے اور شرم آتی ہے اور اگر وہ سچ نہیں بولتا تو جھوٹ میں جا پڑتا ہے جس کا سبب تم بنتے ہو۔ ایسے ہی تم کوئی ایسا مسئلہ پوچھو جس کی تمہیں حاجت نہ ہو اور جس سے سُوال کیا گیا ہوتا ہے بعض اوقات اس کا نَفْس لَاۤ اَدْرِی (یعنی میں نہیں جانتا) کہنے پر راضی نہیں ہوتا اور یوں وہ معلومات نہ ہونے کے باوُجُود جواب دے دیتا ہے۔ (غیر ضَروری سوالات کی مثالیں آگے آ رہی ہیں) (احیاء العلوم ج۳ ص۱۴۰)

## سیِّدُنا لُقمان حکیم رحمۃُ اللہِ علیہ کی حکمت

حضرتِ سیِّدُنا لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ سے عَرض کی گئی: آپ کی حِکْمت کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: ''جس چیز کی مجھے ضَرورت نہیں ہوتی اُس کے بارے میں سُوال نہیں کرتا اور جو چیز مجھے فائدہ نہیں دیتی اس میں نہیں پڑتا۔''

(احیاء العلوم (اردو) ج۳ ص ۳۴۵)


www.dawateislami.net

## خاموشی دانائی ہے (واقِعہ)

بے فائدہ گُفتگو سے میری مُراد اس قسم کے سُوالات نہیں کیونکہ ان سے تو گُناہ یا ضَرر (یعنی نقصان) پہنچتا ہے۔ **بے فائدہ گفتگو** کی مثال وہ رِوایت ہے جو حضرت سیِّدُنا لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے مُتعَلّق منقول (یعنی بیان کی گئی) ہے۔ چُنانچِہ **اللہ** پاک کے پیارے نبی حضرت داؤد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی خدمت میں ایک بار حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ حاضر ہوئے، اس وَقْت آپ عَلَیْہِ السَّلام زِرَہ (یعنی فولاد کا جالی دار کرتا جو لڑائی میں پہنتے تھے) بنا رہے تھے اور چونکہ آپ نے اس سے پہلے زِرَہ نہیں دیکھی تھی اس لئے اسے دیکھ کر تعجُّب کرنے لگے اور اس بارے میں سُوال کرنا چاہا تو ''حِکْمت'' کے سبب سوال کرنے سے باز رہے۔ جب حضرت داؤد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام زِرَہ بنانے سے فارِغ ہوئے تو کھڑے ہوئے اور اسے پہن کر ارشاد فرمایا: ''جنگ کیلئے زِرَہ کیا ہی اچھی چیز ہے۔'' یہ سُن کر حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے کہا: ''**خاموشی حِکْمت** ہے مگر اس کو اختیار کرنے والے کم ہیں۔'' یعنی سُوال کے بغیر ہی اس کے مُتعَلّق عِلْم ہو گیا اور سوال کی ضَرورت نہ رہی۔

(احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۴۷، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۴۱)

## بے فائدہ گفتگو کسے کہتے ہیں؟

حضرتِ امام محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: بَیان کیا گیا ہے کہ حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ایک سال تک حضرت داؤد عَلَیْہِ السَّلام کی بارگاہ میں اس ارادے سے حاضر ہوتے رہے کہ انہیں زرہ کے بارے میں بغیر سُوال کئے معلوم ہو جائے۔ یہ اور اس طرح کے سوالات میں جب نقصان اور عیب کُھلنا نہ ہو نیز ریاکاری اور جھوٹ میں مبتلا ہونا نہ پایا جائے تو یہ بے فائدہ گُفتگو ہے اور اسے چھوڑ دینا اسلام کی خوبی سے ہے۔ یہ **بے فائدہ گفتگو** کی تعریف تھی۔

(احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۴۷)



www.dawateislami.net

## حضرتِ لُقمان حکیم کے بارے میں معلومات

حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کی شان بَہُت بُلَند و بالا ہے، قراٰنِ کریم پارہ 21 میں آپ کے نام پر ایک پوری سُورت ”سُوْرَۃُ لُقْمٰن“ کے نام سے موجود ہے۔ **اللہ** پاک سُوْرَۃُ لُقْمٰن آیت 12 میں حِکْمتِ لُقمان بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے:

وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِؕ-وَ مَنْ یَّشْكُرْ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖۚ-وَ مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ(۱۲)

آسان ترجمۂ قرآن کنزالعرفان: اور بیشک ہم نے لُقمان کو حکمت عطا فرمائی کہ **اللہ** کا شکر ادا کر اور جو شکر ادا کرے تو وہ اپنی ذات کیلئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے تو بیشک **اللہ** بے پرواہ ہے، حمد کے لائق ہے۔

## لُقمان حکیم کون تھے؟

صِراطُ الْجِنان جلد 7 صَفْحَہ 483 پر ہے: حضرت وَہْب رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے کہ حضرت لُقمان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ حضرت ایُّوب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے بھانجے تھے جبکہ (قراٰنِ کریم کے) مُفَسِّر مقاتِل (رَحْمَۃُ اللہِ علیہ) نے کہا کہ حضرت ایُّوب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی خالہ کے بیٹے تھے۔ آپ نے حضرت داوٗد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کا زمانہ پایا اور اُن سے عِلْم حاصِل کیا۔ حضرت داوٗد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے اعلانِ نُبُوَّت سے پہلے فتویٰ دیا کرتے تھے اور جب آپ (یعنی حضرت داوٗد) عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام نُبُوَّت کے مَنْصَب پر فائز ہوئے (یعنی اعلانِ نُبُوَّت کیا) تو حضرت لُقمان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فتویٰ دینا بند کر دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے نبی ہونے میں اختِلاف ہے، اکثر عُلَما اسی طرف ہیں کہ آپ حکیم (یعنی صاحبِ حِکْمت و دانائی) تھے نبی نہ تھے۔ (تفسیر بغوی ج۳ ص۴۲۳، تفسیر مدارک ص۹۱۷)

## حضرتِ لُقمان جنّت کے سرداروں میں سے ہیں

حضرتِ عبدُاللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، تاجدارِ رسالت صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ”سُوڈانیوں کی صُحبت اختِیار کرو کیونکہ ان میں سے تین



www.dawateislami.net

حضرات اہلِ جنّت کے سَرداروں میں سے ہیں: (1) حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ، (2) حضرت نَجاشی رضی اللہ عنہ، (3) مُؤَذِّنِ (رسول) حضرت بِلال رضی اللہ عنہ۔" (معجم کبیر ج ۱۱ ص ۱۵۸ حدیث ۱۱۴۸۲)

## حِکمت کی 4 تعریفات

**حِکْمت** کی کئی تعریفات (DEFINITIONS) ہیں جن میں سے "صِراطُ الْجِنان" جلد 7 صَفْحَہ 484 پر یہ چار بیان کی گئی ہیں: (1) حِکْمت عَقْل اور فَہم (یعنی سمجھ) کو کہتے ہیں (2) حِکْمت وہ عِلْم ہے جس کے مُطابِق عمل کیا جائے (3) حِکْمت مَعرِفت (یعنی پہچان) اور کاموں میں پُختگی (یعنی مضبوطی) کو کہتے ہیں (4) حِکْمت ایسی چیز ہے کہ **اللہ** پاک اسے جس کے دل میں رکھتا ہے یہ اس کے دل کو روشن کر دیتی ہے۔ (تفسیر خازن ج ۳ ص ۴۷۰)

## حضرت لُقمان طِبّ (یعنی علاج) کے بھی حکیم تھے

**حضرت** علّامہ اسماعیل حقّی رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ "رُوحُ الْبَیان" میں لکھتے ہیں: حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ طِبّ (MEDICAL) اور حقیقی عِلْم و حِکْمت کے حکیم تھے۔ (تفسیر روح البیان ج ۷ ص ۷۳)

## واش روم میں دیر تک بیٹھنے کے نُقصانات

**حضرتِ** عِکْرِمہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ بیان کرتے ہیں: ان کا آقا اِستِنجا خانے (یعنی ٹائلٹ۔TOILET) میں گیا تو دیر لگا دی، حضرت لُقمان رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ نے آواز دی: یہاں دیر تک بیٹھنے سے جگر کو نُقصان پہنچتا ہے اور بواسیر کا مرض پیدا ہوتا ہے اور گرمی سر کو چڑھ جاتی ہے، تھوڑی دیر کے لیے اِستنجا خانے میں بیٹھو اور بہت جَلْد فارِغ ہو کر آ جاؤ۔ حضرت لُقمان کے اس نُسخے کو لکھ کر دروازے پر لٹکا دیا گیا۔ (تفسیر دُرّمنثور ج ٦ ص ۵۱۰)

## زبان و دل بگڑ جائیں تو۔۔۔

**حضرتِ** لُقْمان حکیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ کے آقا نے کہا: بکری ذَبْح کر کے اس کے سب سے بہترین دو حصّے لے آیئے، آپ زبان و دل نِکال کر لے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد آقا نے



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطَفٰے صلَّی اللہ علیہ والہ وسلَّم : جومجھ پرایک دن میں 50بار دُرُودِپاک پڑھے قیامت کے دن میں اس سے مصافحہ کروں (یعنی ہاتھ ملاؤں) گا۔ (ابن بشکوال)

ان سے دوبارہ کہا: بکری ذَبْح کر کے اس کے سب سے بدترین حصّے لے آیئے، آپ نے پھر زبان و دل لا کر حاضِر کر دیئے، آقا کے پوچھنے پر حضرتِ لُقمان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے کہا: اگر زَبان و دل صحیح ہوں تو سب سے بہتر ہیں اور اگر یہ بگڑ جائیں تو ان سے بڑھ کر بُری چیز کوئی نہیں۔ (تفسیر طبری ج ۱۰ ص۲۰۹)

## فُضول سوالات کی مِثالیں

❁ بغیر ضَرورت پوچھنا: یہ کتنے میں لیا؟ وہ کتنے میں مِلا؟ فُلاں جگہ پلاٹ کا کیا بھاؤ چل رہا ہے؟ ❁ کسی کے مَکان میں جانا ہوا یا کسی نے نیا مَکان لیا تو سوال کرنا کہ کتنے کا لیا؟ کتنے کمرے ہیں؟ کِرایہ کتنا ہے؟ مَکان مالک (LANDLORD) کیسا ہے؟ (مکان مالِک کے مُتَعلِّق سُوال بسا اوقات مَعاذَاللہ غیبت وتہمت کا دروازہ کھولنے کا سبب بن سکتا ہے مثلاً کبھی کچھ اس طرح گُناہوں بھرا جواب بھی مل سکتا ہے: ہمارا مکان مالک بہُت سَخت مزاج / بے رَحْم / ٹیڑھا / کھوچڑا / خر دماغ / وائڑا / کنجوس ہے) وغیرہ وغیرہ ❁ مُلاقاتی سے پوچھنا: آپ کے کتنے بچّے ہیں؟ بڑے بیٹے (یا بیٹی) کی عُمْر کتنی ہے؟ اس کی منگنی (یا شادی) کر لی یا نہیں؟ ❁ اِسی طرح جب کوئی نئی دکان، کار یا اسکوٹر وغیرہ خریدے تو بِلا وجہ خریدنے والے سے اس کا بھاؤ، پائیداری (یعنی مضبوطی)، نقد، ادھار، قِسطوں وغیرہ سے مُتَعلِّق سُوالات کرنا ❁ بے چارہ مریض جس سے بولا تک نہ جاتا ہو اُس سے عِیادت کرنے والے کا بِلا ضَرورت طرح طرح کے سوالات اور دواؤں وغیرہ کی تفصیلات معلوم کرنا اور اگر **آپریشن** ہوا ہو تو زَخْم کے ٹانکوں (STITCHES) کی تعداد تک پوچھ لینا، حتّٰی کہ ''شَرم کی جگہ'' کا مسئلہ ہو تب بھی بعض اُس کی پوچھ گچھ کرتے ہوئے نہیں شرماتے۔ اِس طرح کی فُضُولیات میں عورَتیں بھی مَردوں سے کسی طرح پیچھے نہیں رہتیں ❁ گرمی یا سَردی کے موسِم میں اِس کی کمی زیادَتی کے موقع پر بِلاضَرورت اِس طرح کی باتیں کرنا مَثَلاً گرمی کے موسِم میں بعض اَبُوالْفُضُول کا ''اُف! اُف'' کرتے ہوئے اِس طرح کہنا: ایک تو آج کل سَخت گرمی ہے اور اُوپر سے بجلی بھی بار بار چلی جاتی ہے ❁ اسی طرح سردیوں میں اداکاری کے ساتھ دانت بجاتے ہوئے کہنا: آج تو بہُت کڑاکے کی سردی ہے ❁ اگر بارِش کا موسِم ہے تو



www.dawateislami.net

بِلاضَرورت اس پر بھی تبصرہ (تَبْ۔صِ۔رَہ) کرنا: مَثَلاً آج کل تو بارِشیں بَہُت ہو رہی ہیں، ہر طرف پانی کھڑا ہو گیا ہے، اِنتِظامیہ کیچڑ صاف کروانے کا کوئی خَیال نہیں کرتی وغیرہ وغیرہ ❁ اِسی طرح مُلکی اور سیاسی حالات پر بِلانِیّت اِصلاح بے جا تبصرے، مختلف سیاسی پارٹیوں پر بِلاوجہ تنقیدیں ❁ کسی شہر یا مُلک کا سَفَر کیا ہے تو وہاں کے پہاڑوں اور سبزہ زاروں کی غیر ضَروری مَنظر کَشی، مَکانوں اور سڑکوں کی تفصیلات کا بِلاضَرورت بیان وغیرہ وغیرہ یہ سب فُضُول گوئی نہیں تو اور کیا ہے؟ البتّہ یہ یاد رہے کہ فُضُول باتوں کی جو مثالیں دی گئی ہیں ان کے مُطابِق اگر ہم کسی کو باتیں کرتا ہوا پائیں تو اپنے آپ کو بدگُمانی سے بچائیں کیونکہ بعض اوقات جو باتیں ہمیں فُضُول لگ رہی ہوتی ہیں وہ کہنے والا کسی دُرُست مقصد کے تحت کہہ رہا ہوتا ہے جس کے سبب فُضُول نہیں رہتیں۔ مُباح چیزیں (یعنی جن میں نہ ثواب ہو نہ گناہ) اچّھی نیّت کے ساتھ کرنے سے کارِ ثواب بن جاتی ہیں۔

## فُضُول گو کا جھوٹے مبالغے سے بچنا دشوار ہوتا ہے

یہ ذِہن میں رہے کہ فُضُول بولنا گُناہ نہیں مگر فُضُول بات اسی صورت میں فُضُول ہوتی ہے جبکہ کم زیادہ کئے بغیر 100 فیصد صحیح کہی جائے۔ تَشوِیش (یعنی پریشانی) کی بات یہ ہے کہ اِس طرح کی گُفتگو کو ناپ تول کر دُرُست بیان کرنا کہ ''فُضُول'' کی حد سے آگے نہ بڑھے یہ بَہُت مشکل کام ہوتا ہے، بارہا جھوٹا مُبالَغہ (یعنی اصل کے خِلاف حد سے زیادہ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا) ہو جاتا ہے، کبھی فُضُول بولنے والا غیبتوں، تُہمتوں اور ناحق دل آزاریوں وغیرہ کے دَلدَل میں بھی جا پڑتا ہے۔ لہٰذا عافیت چُپ رہنے ہی میں ہے کہ **ایک چُپ سو سُکھ**۔

## علاقے میں دینی ماحول بنانے میں خاموشی کا کردار

**ایک** اسلامی بھائی ''**دعوتِ اسلامی**'' کے سنّتوں بھرے اجتماع میں خاموشی کے مُتعلِّق سنّتوں بھرا بیان سُننے سے پہلے دینی ماحول سے وابَستہ ہونے کے باوُجود **بہت فُضُول گو** تھے، زیادہ دُرُود شریف


www.dawateislami.net

پڑھنے کی بھی کوئی خاص ترکیب نہ تھی۔ جب انہوں نے **چُپ رہنے** کی کوشِش شُروع کی، **روزانہ ایک ہزار دُرود شریف پڑھنا** نصیب ہونے لگا، اِس سے پہلے ان کا انمول وَقت اِدھر اُدھر کی فُضُول بَحثوں میں برباد ہو جاتا تھا۔ انہوں نے خاموشی کی کوشِش شُروع کرنے کے بعد بارہ دن میں پڑھے ہوئے 12 ہزار دُرود شریف کا ثواب مجھ (سگِ مدینہ کو) تُحفۃً پیش (یعنی ایصالِ ثواب) کیا۔ ان کے باتُونی مزاج کے باعِث ہونے والی الٹی سیدھی باتوں کی نُحُوست سے ان کے ذَیلی حلقے میں **دعوتِ اسلامی** کے دِینی کام کو بھی نُقصان پہنچ جاتا تھا۔ پچھلے دنوں ان کے حلقے میں آپس کا اِختِلاف نمٹانے کے لیے **مَدَنی مشورہ** ہوا، حیرت بالائے حیرت کہ ان کی **خاموشی** کے سبب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیم سارا جھگڑا بآسانی خَتْم ہو گیا۔ ان کے ''نگران'' نے خوشی کا اِظہار کرتے ہوئے ان سے بے تکلُّفی میں کچھ اس طرح فرمایا: ''مجھے بہُت ڈر لگ رہا تھا کہ شاید آپ بحث شُروع کریں گے اور بات کا بتنگڑ بن جائے گا لیکن آپ کے **خاموشی** اپنانے کی نعمت نے ہمیں راحت بخشی۔'' دراصل بات یہ ہے کہ اِس سے قبل ان کی فُضُول بَحث اور بَک بَک کی عادتِ بد کے سبب ''مَدَنی مشورے'' وغیرہ کا ماحول خَراب ہو جایا کرتا تھا۔

## دینی کاموں کیلئے مَدَنی ہتھیار

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے؟ فُضُول باتوں سے بچنا دِینی کاموں کیلئے بھی کس قَدَر مُفید ہے، **لِہٰذا جو سُنّتوں کا مُبَلِّغ ہے اُسے تو خُصُوصاً ہر حال میں سنجیدہ اور کم گو ہونا چاہیے۔** جو بَڑ بَڑیا، باتونی، دوسروں کی بات کاٹنے والا، بار بار بیچ میں بول پڑنے والا، بات بات پر بَحث وتکرار کرنے اور ''بال کی کھال'' اُتارنے والا ہو اُس کی وَجہ سے دِین کے کام کو نُقصان پہنچنے کا اندیشہ رہتا ہے، کیوں کہ **خاموشی** جو کہ شیطان کو مار بھگانے کا ''بہترین'' ہتھیار ہے اِس سے یہ باتونی شخص محروم ہے۔ حضرتِ ابوذَر غِفاری رضی اللہ عنہ کو وصیّت کرتے ہوئے مصطفٰے جانِ رَحمت صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: ''خاموشی کی کثرت کو لازِم کرلو کہ اس سے شیطان دَفْع ہوگا اور تمہیں دِین کے کاموں میں مدد ملے گی۔'' (شُعَبُ الْاِیمان ج٤ ص ٢٤٢ حدیث ٤٩٤٢)



www.dawateislami.net

اللہ اِس سے پہلے ایماں پہ موت دیدے

نقصاں مِرے سبب سے ہو سنّتِ نبی کا (وسائلِ بخشش ص ۱۷۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بے وُقُوف بے سوچے بولتا ہے

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! عقلمند پہلے بات کو تولتا ہے پھر مُنہ سے بولتا ہے اور بیوُقُوف جو کچھ زَبان پر آئے بولتا چلا جاتا ہے، چاہے اِس کی وجہ سے ذلیل ہی کیوں نہ ہونا پڑے۔ چنانچِہ حضرتِ حَسَن بصری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: لوگوں میں مشہور تھا کہ عقلمند کی زَبان اُس کے دل کے پیچھے ہوتی ہے وہ بات کرنے سے پہلے اپنے دِل سے رُجوع کرتا ہے یعنی غور کرتا ہے کہ کہوں یا نہ کہوں؟ اگر بات فائدے والی ہوتی ہے تو کہتا ہے ورنہ چُپ رہتا ہے۔ جبکہ بیوُقُوف کی زَبان اُس کے دل کے آگے ہوتی ہے کہ اِدھر یعنی دل کی طرف رُجوع کرنے کی نوبت ہی نہیں آتی بس جو کچھ زَبان پر آئے کہہ دیتا ہے۔ (تَنبِیہُ الْغافِلین ص ۱۱۵ سے خلاصہ)

## زَبان سنبھالو سب کام سنبھل جائیں گے

جو زَبان کو سنبھالنے میں کامیاب ہو جاتا ہے، اُس کے سارے کام سنبھل جاتے ہیں۔ حضرت یُونُس بن عُبَید رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کی زَبان ٹھیک رہتی ہے اُس کے سب کام ٹھیک رہتے ہیں۔"

(احیاء العلوم (اردو) ج ۳ ص ۳۳۹، احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۳۷)

## پہلے تولو، بعد میں بولو

جس طرح خریداری کے وَقْت بے پروائی کے سبب دھوکا کھا جانے والا پچھتاتا ہے، اسی طرح زَبان کو بِلاضَرورت چلانے والا بھی پچھتاتا ہے، ایک بُزُرگ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "اپنی بات کو مال کی طرح محفوظ رکھو اور جب (اس مال یعنی بات کو) خَرْچ کرنا چاہو تو خوب سوچ سمجھ کر خَرْچ کرو۔"


www.dawateislami.net

## بولنے سے پہلے تولنے کا طریقہ

**اے عاشِقانِ رسول!** یاد رکھئے! **اللہ** پاک کے پیارے پیارے آخِری نبی، مکّی مَدَنی، محمدِ عَرَبی صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم نے اپنی مُبارک زَبان سے کبھی بھی کوئی **فالتو لفظ** ادا نہ فرمایا اور نہ کبھی قہقہہ لگایا۔ کاش! **خاموشی** کی سنّت بھی عام ہوجائے اور ہماری قہقہہ لگانے یعنی زور زور سے ہنسنے کی عادت بھی نکل جائے۔ اے کاش! ہم ''بولنے'' سے پہلے ''تولنے'' والے بَن جائیں۔ **تولنے** کا طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ اس سے پہلے کہ الفاظ زَبان سے ادا ہوں اپنے دل سے سُوال کرلیا جائے کہ اِس بولنے کا مَقْصد کیا ہے؟ کیا میں یہ کسی کو نیکی کی دعوت دے رہا ہوں؟ کیا یہ بات جو میں بولنا چاہتا ہوں اس میں میرا یا کسی دوسرے کا بَھلا اور فائِدہ ہے؟ کیا اس بات کرنے میں مجھے ثواب ملے گا؟ میری بات کہیں ایسے مُبالَغے (یعنی بڑھانے چڑھانے) سے پُر تو نہیں جو مجھے جھوٹ میں مُبتَلا کردے۔ جھوٹے مُبالَغے کی مثال دیتے ہوئے حضرتِ علّامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ''اگر ایک مرتبہ آیا اور یہ کہہ دیا کہ ہزار مرتبہ آیا تو **جھوٹا** ہے۔'' (بہارِ شریعت ج۳ص۵۱۹) یہ بھی سوچ کہ میں کہیں کسی کی خوشامد اور **جھوٹی تعریف** تو نہیں کررہا؟ کسی کی **غیبت** تو نہیں ہورہی؟ میری اس بات سے کسی کا دل تو نہیں دُکھ جائے گا؟ بول کر نَدامت (یعنی شَرمندگی) کے سبب رُجوع کرنے یا SORRY کہنے کی نوبت تو نہیں آئے گی؟ تھوک کر چاٹنے یعنی جوش میں کہی ہوئی بات واپَس لینے کی ضَرورت تو نہیں پڑے گی؟ کہیں اپنا یا کسی دوسرے کا **راز** فاش (یعنی ظاہر) تو نہیں کربیٹھوں گا؟ بولنے سے پہلے بات کو تولنے میں اگر یہ بات بھی سامنے آئی کہ اس بات میں نہ نَفْع ہے نہ نُقصان اور نہ ثواب ہے نہ گُناہ، تب بھی یہ بات بول دینے میں ایک طرح کا نُقصان ہے کیونکہ زَبان کو اس طرح کی فُضول اور بے فائِدہ گُفتگو کیلئے زَحمت دینے کے بجائے اگر ثواب کی نیّت سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم) کہہ لیا جائے یا دُرود شریف پڑھ لیا جائے تو یقیناً اِس میں فائدہ ہی فائدہ ہے اور یہ اپنے انمول وَقْت کا جنّت میں لے جانے والا بہترین استِعمال ہے، ایسے عظیمُ الشّان فائدے کا ضائع ہونا لازِماً نُقصان ہی ہے۔



www.dawateislami.net

ذِکر و دُرُود ہر گھڑی وِردِ زَباں رہے

میری فُضُول گوئی کی عادت نِکال دو (وسائلِ بخشش ص ۳۰۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## چُپ رہنے کا طریقہ

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** فُضُول گوئی گُناہ نہ سہی مگر اِس میں مَحرومیاں اور نُقصانات موجود ہیں لہٰذا اِس سے بچنا ہی مُناسب ہے۔ کاش! کاش! اے کاش! **خاموشی** کی عادت ڈالنے کی سعادت مل جاتی۔ ہاتھوں ہاتھ خاموشی کی نِعمت کا حاصل ہو جانا ضَروری نہیں، اس کے لئے خوب کوشِش کرنی ہوگی۔ جو چُپ رہنے کی عادت بنانا چاہے اُس کو اِس بات کو سنجیدہ لینا ہوگا اور مایوسی کو اپنی ڈِکشنری سے نکال کر خوب کوشش کرنی ہوگی۔ حضرتِ **مُوَرِّق عِجلِی** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک ایسا مُعاملہ جسے میں 20 سال تک حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا لیکن پا نہ سکا مگر پھر بھی اُس کی طلب (یعنی مانگ) نہیں چھوڑی۔ پوچھا گیا: وہ اہم چیز کیا ہے؟ فرمایا: **خاموشی**۔ (اَلزُّھد لِلامام احمد ص ۳۱۰ قول نمبر ۱۷۶۲) ''خاموشی'' کی عادت بنانے کے خواہش مند کو چاہئے کہ زَبان چلانے کے بجائے ممکن ہو تو روزانہ ضَرورت کی تھوڑی بہت باتیں لکھ کر یا اشارے سے بھی کر لیا کرے، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم اِس طرح **خاموشی** کی عادت بننا شُروع ہو جائے گی۔

## فُضُول اشارے کا بھی حساب ہے

**یاد رہے** کہ فُضُول گوئی، فُضُول نگاہی یعنی بے فائدہ اِدھر اُدھر نظر ڈالنا، فُضُول مَناظِر (SCENES) دیکھنا، نارمل ہوں یا ڈیف سب کا فُضُول اشارے کرنا، فُضُول آوازیں نکالنا وغیرہ وغیرہ سب کا بروزِ قِیامت حِساب ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ''دعوتِ اسلامی'' کی طرف سے نیک بنانے والے رسالے: ''**نیک اعمال**'' میں 53 نمبر ''نیک عمل'' ہے: کیا آج آپ نے زَبان کو فُضُول اِستِعمال (یعنی وہ گفتگو جس سے دِینی یا دُنیاوی فائدہ نہ ہو) سے بچانے کی عادت



www.dawateislami.net

بنانے کے لئے کچھ نہ کچھ اِشارے سے گفتگو کی؟ (زہے نصیب! روزانہ کم از کم چار بار لکھ کر اور کم از کم تین بار اِشارے سے گفتگو کی ہو) **خاموشی** کی عادت بنانے کی کوشش کے دَوران ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ فُضول باتوں سے بچنے کی کوشش میں چند روز کامیابی ملے مگر پھر زیادہ باتیں کرنے کی عادت پہلے ہی کی طرح ہو جائے، اگر ایسا ہو بھی جائے تو ہمّت مت ہاریئے، بار بار کوشش کیجئے، جذبہ سچّا ہوا تو اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم کبھی نہ کبھی کامیابی ضَرور حاصل ہوگی۔ جیسا کہ عَرَبی مَقُولَہ (یعنی کہاوت) ہے: اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِ تْمَامُ مِنَ اللہ یعنی کوشش میری طرف سے ہوگی اور کام **اللہ** پاک مکمَّل کرے گا۔ ایک اور عَرَبی مَقُولَہ ہے: مَنْ جَدَّ وَجَدَ یعنی جس نے کوشش کی اُس نے پالیا۔ **خاموشی** کی عادت بنانے کی مَشْق (PRACTICE) کرنے کے دوران اپنا چِہرہ مُسکراتا رکھنا مناسب ہے تا کہ کسی کو یہ نہ لگے کہ آپ اُس سے ناراض ہیں جبھی مُنہ ''پُھلایا'' ہوا ہے۔ **خاموشی** کی کوشش کے دنوں میں غُصّہ بڑھ سکتا ہے لہٰذا اگر کوئی آپ کا اشارہ نہ سمجھ پائے تو ہرگز اُس پر غصّے کا اظہار نہ کیجئے کہ کہیں ناحق دل آزاری وغیرہ کا گناہ نہ کر بیٹھیں۔ اشارے وغیرہ سے گفتگو صِرف انہیں کے ساتھ مناسب رہتی ہے جن کے ساتھ آپ کی ذِہنی ہم آہنگی (یعنی سوچ ملتی) ہو، ورنہ انجان آدمی ہوسکتا ہے کہ اشارے وغیرہ کی گُفتگو سمجھ نہ آنے کے سبب آپ سے ناراض ہو جائے، لہٰذا اُس کے ساتھ ضَرورتاً زبان سے بات چیت کر لیجئے۔ بعض صورَتوں میں زَبان سے بولنا واجِب بھی ہو جاتا ہے مَثَلاً ملاقاتی کے سلام کا جواب زبان سے دینا وغیرہ۔ یہ بھی یاد رہے کہ سلام بھی اِشارے سے نہیں زَبان سے کرنا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی مواقع ایسے ہیں جن میں زبان ہی سے بولنا ہوگا۔ اسی طرح والِدَین اور گھر کے دیگر اَفراد کو بھی تشویش ہوتی ہو تو ضَرورتاً زبان سے گفتگو کیجئے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## پہلے "تولو" بعد میں "بولو" کا فائدہ

**انسان** اگر بولنے سے قبل ''تولنے'' یعنی غور کرنے کی عادت ڈالے تو ہوسکتا ہے اُسے اپنی کئی **فُضول باتیں** خود ہی محسوس ہونی شُروع ہو جائیں! صِرف ''فُضول باتیں'' ہوں تو



www.dawateislami.net

اگرچہ گناہ نہیں مگر کئی طرح کے نقصانات ان میں موجود ہیں مَثَلاً ان باتوں میں زَبان چلانے کی زَحْمت ہوتی اور قیمتی وَقْت برباد ہوتا ہے، اگر اُتنی دیر ذِکْرُ اللہ، دُرُود شریف کا وِرْد یا دِینی مُطالَعہ کر لیا جائے، یا کوئی سُنَّت بیان کر دی جائے تو ثَواب کا اَنبار (اَم۔بار یعنی ڈھیر) لگ جائے اور فُضُول باتوں کا ایک بَہُت بڑا نُقصان یہ ہے کہ بروزِ قِیامت ان کا حِساب دینا ہوگا۔

## دہشت گردیوں کے فُضُول تذکِرے

مَعاذَ اللہ کہیں دہشت گردی کی وارِدات ہوگئی تو بس لوگوں کو **فُضُول بلکہ بعض صورتوں میں گناہوں بھری بحث** کیلئے ایک موضوع ہی ہاتھ آ گیا! ہر جگہ اُسی کا تذکِرہ، بے سرو پا قِیاس آرائیاں، بے تکے تبصرے، اٹکل سے کسی بھی پارٹی یا لیڈر وغیرہ پر **تُہمت** لگا دینا وغیرہ۔ بسا اوقات یہ گُفتگو لوگوں میں خوف و ہِراس پھیلنے کا باعِث، اَفواہیں گرم ہونے کا سبب اور ہنگامے برپا ہونے کی ''وجہ'' بھی بن سکتی ہیں، دھماکوں اور دَہْشت گردیوں کی وارِداتیں سننے سنانے میں نَفس کو خوب دلچسپی ہوتی ہے، بَسا اَوقات لَب پر دُعائیہ الفاظ ہوتے ہیں مگر قلب کی گہرائیوں میں **سنسنی خیز خبریں** سننے سنانے کے ذَرِیعے حَظ (یعنی مزے) اُٹھانے اور لُطف اندوز ہونے کا جذبہ چُھپا ہوتا ہے، کاش! نَفس کی اس شرارت کو پہچانتے ہوئے ہم دَہْشَت گردیوں اور دھماکوں کے تذکروں میں دلچسپی لینے سے باز آ جائیں۔ ہاں مظلومانہ شہادت پانے والوں کیلئے دُعائے مغفِرت، زخمیوں اور مُتأَثِّرہ مسلمانوں کی ہمدردیوں، خدمتوں اور اَمْن وسلامتی کی دعاؤں سے گریز نہ کیا جائے کہ یہ ثَواب کے کام ہیں۔ بس جب بھی اِس طرح کی گُفتگو کرنے سننے کی صورت پیدا ہو تو اپنے دل پر غور کر لینا چاہئے کہ نِیَّت کیا ہے؟ اگر اچھی نیّت پائیں تو عُمدہ اور بَہُت عمدہ ہے مگر اکثر اس قِسم کی گفتگو کا حاصِل لُطف اندوزی ہی پایا جاتا ہے۔

## باتُونی شخص کا دِل سَخت ہو جاتا ہے

**حضرتِ عیسٰی** عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام سے مَنقول ہے کہ **اللہ** پاک کے ذِکْر کے عِلاوہ کوئی بھی بات کثرت سے نہ کرو ورنہ تمہارے دِل سَخت ہو جائیں گے اور سَخت دِل **اللہ** پاک سے دُور ہوتا ہے لیکن تمہیں اِس کا عِلْم نہیں۔ (تنبیہ الغافلین ص۱۱۸)

## حضرتِ امام مالک باتُونی شخص کو سمجھایا کرتے

**افسوس!** آج کل اگر کوئی ''بک بک'' کرتا ہے تو بعض لوگ اُس کی ہاں میں ہاں مِلاتے اور ہنس ہنس کر اُس کی حوصلہ اَفزائی کر رہے ہوتے ہیں۔ یاد رکھئے! ہمارے بُزُرگانِ دِین رَحْمۃُ اللہِ علیہِم دل و زَبان دونوں میں کَھرے (یعنی سچّے) ہوتے تھے۔ چنانچِہ کروڑوں مالِکیوں کے عظیم پیشوا حضرتِ اِمام مالِک رَحْمۃُ اللہِ علیہ جب کسی شخص کو زیادہ باتیں کرتا دیکھتے تو اُس سے فرماتے: ''اپنی کچھ باتیں اپنے پاس بھی روک لیا کرو (یعنی باتیں کم کیا کرو)۔''

(تنبیۃُ المغترین ص ۱۹۰)

## غُنڈا شریف بن گیا

**اے اللہ پاک کی رضا کے طلبگارو!** جو واقعی سُدھرنا چاہتا ہے اُسے **دعوتِ اسلامی** کے دینی ماحول میں آجانا چاہئے۔ ایک بڑی پیاری ''مَدَنی بہار'' پیش کی جاتی ہے، سنئے اور جھومئے: **دعوتِ اسلامی** سے وابَستہ ہونے سے پہلے کراچی کے ایک نوجوان کا اُٹھنا بیٹھنا جرائم پیشہ اَفراد کے ساتھ تھا، بُری صُحبت نے رنگ دکھایا اور یہ ''غنڈا گینگ'' میں شامل ہوگئے۔ لوگوں کو مارنا پیٹنا، گالیاں بَکنا اور جان بوجھ کر جھگڑے مول لینا ان کا معمول بن گیا، یہ اپنے پاس اسلحہ بھی رکھنے لگے۔ کالے کرتوتوں کی وجہ سے انہیں کوئی مُنہ نہ لگاتا تھا۔ گھر والے، عزیز و اَقارِب، اہلِ علاقہ سبھی ان سے بیزار تھے۔ اس غفلت کی نیند سے بیداری کچھ یوں نصیب ہوئی کہ ان کے علاقے میں عاشقانِ رسول کی دِینی تحریک، **''دعوتِ اسلامی''** سے وابَستہ ایک بزرگ اسلامی بھائی رہتے تھے، عالمی مَدَنی مرکز **فیضانِ مدینہ** سے ان کی مَحبّت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ لیاقت آباد (عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی سے قریب ایک علاقے) سے پیدل نَمازِ فَجر پڑھنے فیضانِ مدینہ آتے۔ جب اس بُزُرگ اسلامی بھائی نے ان پر اِنفِرادی کوشش کرتے ہوئے گناہوں سے دور رہنے اور نَماز پڑھنے کی تلقین کی تو اس کا ان پر ایسا اثر ہوا کہ انہوں نے **نَماز** شُروع کردی۔ ایک دن مسجِد میں ان کی **دعوتِ اسلامی** کے ایک ذِمّے دار اسلامی بھائی سے ملاقات ہوگئی



www.dawateislami.net

جن کی انفرادی کوشش کے نتیجے میں یہ **دعوتِ اسلامی** کے **ہفتہ وار سُنَّتوں بھرے اجتماع** میں تشریف لائے۔ یہاں سُنّتوں کی بہاریں تھیں، دَورانِ اجتماع ہونے والے بیان نے انہیں جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ اجتماع میں جب سب نے مل کر ذِکرُ اللہ کیا تو ان کو قلبی سکون ملا۔ اجتماع کی بَرَکت سے نیکی کا ایسا جذبہ دِل میں جاگا کہ یہ **دعوتِ اسلامی** کے ہوکر رہ گئے۔ غنڈا گردی اور دیگر گناہوں سے توبہ کرلی۔ دَرسِ **فیضانِ سنّت** بھی دینے لگے۔ ان کی زندگی میں آنے والی تبدیلی لوگوں کے لیے حیرت کا باعِث تھی۔ کچھ لوگ باتیں بناتے اور چند دن کے شوق کا طعنہ دے کر ان کا دِل توڑتے مگر یہ خاموشی سے سن لیتے اور دل میں عہد کرتے کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے میں دِینی ماحول نہیں چھوڑوں گا۔ گناہوں سے کِنارہ کشی اِختیار کرکے **نیک اَعمال کرنے کی بَرَکت** سے ان کے **رِزْق میں بَرَکت** ہونے لگی، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ انہیں علاقائی مُشاوَرت کے نگران کی حیثیَّت سے دِینی کاموں کی دھومیں مچانے کی سعادت بھی ملی۔

سنور جائے گی آخرت اِنْ شَآءَ اللہ — تم اپنائے رکھو سدا مَدنی ماحول

بہت سخت پچھتاؤ گے یاد رکھو — نہ عطّار تم چھوڑنا مدنی ماحول (وسائلِ بخشش ص ٦٤٦)

# ”بسمِ اللہ“ کے سات حُرُوف کی نسبت سے گُناہوں کے 7 علاج

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں آنے کی بَرَکت سے توبہ کرکے بے شُمار بے نمازی نمازی اور گناہوں کے عادی شریعت وسُنَّت کے پابند بنے۔ ہر ایک کو یہ بابرکت دِینی ماحول ضَرور اپنانا چاہئے۔ اللہ ربُّ العِزّت کی رَحمت سے کئی ذِکرواَذکار بھی ایسے ہیں جو گناہوں سے بچنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ یہاں سات اَوْراد پیش کئے جاتے ہیں:



www.dawateislami.net

﴿1﴾ **یَاعَفُوُّ:** کثرت کے ساتھ پڑھتے رہنے سے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہوجاتی ہے۔

﴿2﴾ **یَامُحْصِیُ:** سوتے وَقت سینے پر ہاتھ رکھ کر 7 بار پڑھ لیا کریں اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم عبادت میں دل لگے گا۔

﴿3﴾ **یَابَاعِثُ:** عبادت میں دل لگنے کے لئے سینے پر ہاتھ رکھ کر سوتے وَقت 100 بار پڑھئے، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم گُناہوں سے نفرت ہوجائے گی۔

﴿4﴾ **یَاقَهَّارُ:** چلتے پھرتے وِرْد کرتے رہنے سے دنیا کی مَحَبَّت دور ہوتی ہے اور اللہ پاک اور رسولِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مَحَبَّت پیدا ہوتی ہے۔

﴿5﴾ **اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ:** شیطان سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ 10 بار پڑھئے۔

﴿6﴾ **یَامُحْیِیُ، یَامُمِیْتُ:** بِلاحساب جنّت میں داخلے کے لئے ہر نَماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر 7 بار پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم بُری عادتیں بھی چھوٹیں گی اور عبادت میں بھی دل لگے گا۔

﴿7﴾ **یَابَاطِنُ:** ہر نَماز کے بعد 100 بار پڑھئے اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیم وَسْوَسوں اور گندے خیالات سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

**نوٹ:** ہر عمل کے اَوّل و آخر ایک بار دُرُود شریف ضَرور پڑھیں۔ وِرْد شُروع کرنے سے قبل کسی سُنّی عالِم یا قاری صاحِب کو سُنا کر دُرُست مَخْرَج کے ساتھ پڑھیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

**جس نیکی کا کرنا مشکل ہو اُس کا ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے**

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** فُضُول باتوں کی عادت نِکال دینا واقعی مشکل ترین عَمَل ہے، لیکن یہ بات بھی بڑی حوصلہ اَفْزا ہے کہ جس کے لیے فُضُول باتوں کی عادت نِکال دینا جتنا مشکل ہے اُتنا ہی اُس کو ثواب بھی زیادہ ملتا ہے۔ جیسا کہ سَخْت سردی میں وُضُو کرنے کے بارے میں فرمانِ مُصطَفٰے صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: ”جس



www.dawateislami.net

نے سخت سردی میں وضو کیا اس کے لیے دُگنا (یعنی ڈبل) اَجْر ہے۔'' (جامع صغير ص ٥١٢ حديث ٨٣٩٨) اسی طرح تکلیف کے ساتھ قرآن پڑھنے والے کے بارے میں رسولُ اللہ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص رُک رُک کر قرآن پڑھتا ہے اور وہ اُس پر شاق ہے یعنی اُس کی زبان آسانی سے نہیں چلتی، تکلیف کے ساتھ ادا کرتا ہے، اُس کے لیے دو اجر ہیں۔'' (مسلم ص٣١٢ حديث ١٨٦٢) نیز اپنی خواہش پر دوسرے کو ترجیح (یعنی فوقیت و برتری) دینے والے کے بارے میں پیارے پیارے آقا، مکّی مَدَنی مُصطَفٰے صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص کسی چیز کی خواہش رکھتا ہو، پھر اُس خواہش کو روک کر اپنے اوپر کسی (دوسرے) کو ترجیح دے، تو اللہ پاک اُسے بخش دیتا ہے۔'' (إتحافُ السّادة ج ٩ ص ٧٧٩) لہٰذا اے عاشقانِ رسول! اگرچہ جی تو یہی چاہتا ہے کہ ہم بولتے ہی چلے جائیں، لیکن ہم کم گوئی کی عادت ڈالنے کی کوشش کریں گے تو ضرور ثواب پائیں گے۔ (اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم)

**حضرتِ ابراہیم بن اَدہم** رحمۃُ اللہِ علیہ **فرماتے ہیں: ''جو نیک عمل دُنیا میں جتنا دُشوار ہوگا، قیامت کے دن** میزانِ عمل (یعنی اعمال تولنے کے ترازو) میں اُتنا ہی وزن دار ہوگا۔'' (تذکِرةُ الاولِیا جزء١ص ٩٥ ملخصا)

## فُضُول گوئی سے رُک جائیے

حضرت رَکْب مِصری رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے، حُضُور پُر نُور صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: خوشخبری ہے اس کے لئے جو عَیب نہ ہونے کے باوجود تَواضُع اِختیار کرے، اور مسکینی کے بغیر خود کو ذلیل سمجھے، اور اپنا جمع کیا ہوا مال نیک کاموں میں خَرچ کرے، اور بے سروسامان اور مسکین لوگوں پر رَحم کرے اور عِلْم و حِکمت والے لوگوں سے میل جول رکھے، اور خوش بختی ہے اس کے لئے جس کی کمائی پاکیزہ ہو، باطن اچھا ہو، ظاہر بُزُرگی والا ہو اور جو لوگوں کو اپنے شَر سے محفوظ رکھے، اور سعادت مندی ہے اس کے لئے جو اپنے عِلْم پر عمل کرے، اپنی ضَرورت سے زائد مال کو راہِ خدا میں خرچ کرے اور **فُضُول گوئی سے رک جائے۔** (معجم كبيرج٥ ص ٧١ حديث ٤٦١٦)

## جنّت میں افسوس نہ ہوگا

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** ہمیں اپنے وَقت کی قَدْر پہچاننی ضَروری ہے، فالتو وَقت گزرنا کتنے بڑے نقصان کی بات ہے وہ اس حدیثِ مبارک سے سمجھئے چُنانچہ تاجدارِ مدینہ صلَّی اللہ علیہ



www.dawateislami.net

والہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: ''اہلِ جنّت کو اس گھڑی کے سوا کسی شے پر افسوس نہ ہوگا جس میں وہ اللہ پاک کا ذِکْر نہ کر سکے تھے۔''

(معجم کبیر ج ۲۰ ص ۹۳ حدیث ۱۸۲)

**شَرحِ حدیث:** حضرتِ علّامہ علی قاری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ حدیثِ پاک کے اِس حصّے: ''اہلِ جنّت'' کی وضاحت میں لکھتے ہیں: جنّتیوں کا یہ افسوس قِیامت کے دن جنّت میں داخلے سے پہلے ہوگا کیونکہ جنّت میں نَدامت وافسوس نہ ہوگا۔

(حرز ثمین شرح حصن حصین ص ۲۰۹)

عُمر را ضائع مَکُن دَر گفتگو　　　یادِ اُو کُن یا دِ اُو کُن یادِ اُو

یعنی اپنی عمر فُضُول باتوں میں ضائع مت کرو، یادِ اُو یعنی اُس (اللہ) کی یاد کرتے رہو۔

## قلم کا قط لگانا

حضرتِ سُلَیم رازی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ (وفات: 447 ہجری) کا قلم جب لکھتے لکھتے گھس جاتا تو قلم کی نوک بنانے کیلئے چھیلتے ہوئے (اگرچہ اچھّی نیّت سے دِینی تحریر کیلئے یہ بھی ثواب کا کام ہے مگر ''ایک پنتھ دو کاج'' یعنی ایک کام سے دو فائدے کے مِصداق) ذِکرُ اللہ شُروع کر دیتے تا کہ یہ وَقت صِرف قلم کی نوک تراشنے میں خرچ نہ ہو! (ابنِ عَساکِر ج ۷۲ ص ۲۶۰)

## جنّت میں دَرَخت لگوائیے!

یقیناً **وَقت** بہت ہی قیمتی ہے اس کا اس بات سے اندازہ لگایئے کہ اگر آپ چاہیں تو اس دنیا میں رہتے ہوئے صِرف ایک سیکنڈ میں جنّت کے اندر ایک دَرَخت لگوا سکتے ہیں اور جنّت میں دَرَخت لگوانے کا طریقہ بھی بَہُت ہی آسان ہے چنانچہ ایک حدیثِ پاک کے مُطابِق ان چاروں کلمات میں سے جو بھی کلمہ کہیں جنّت میں ایک دَرَخت لگا دیا جائے گا۔ وہ چار کلمات یہ ہیں:

﴿1﴾ سُبْحٰنَ اللہ ﴿2﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ﴿3﴾ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ ﴿4﴾ اَللہُ اَکْبَر۔ (ابن ماجہ ج ٤ ص ۲۵۲ حدیث ۳۸۰۷)

## دُرُود شریف کی فضیلت!

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! جنّت میں دَرَخت لگوانا کس قَدَر آسان ہے! اگر بیان کردہ چاروں کلمات (یعنی الفاظ) میں سے ایک کلمہ (یعنی الفاظ) کہیں تو ایک



www.dawateislami.net

اور اگر چاروں کہہ لیں گے تو جنّت میں چار دَرَخت لگ جائیں گے۔ اب آپ ہی غور فرمائیے کہ وَقْت کتنا قیمتی ہے کہ زَبان کو معمولی سی حَرَکت دینے سے جنّت میں دَرَخت لگ جاتے ہیں تو اے کاش! فالتو باتوں کی جگہ سُبْحٰنَ اللّٰہ سُبْحٰنَ اللّٰہ کہہ کر ہم جنّت میں بَہُت سے دَرَخت لگوالیا کریں یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ چاہے کھڑے ہوں، چل رہے ہوں، بیٹھے ہوں یا کوئی کام کاج کر رہے ہوں یا لیٹے ہوں تو پاؤں سمیٹ کر ہم دُرُود شریف پڑھتے رہیں کہ یہ بھی بَہُت ہی ثواب کا کام ہے۔ رسولِ پاک صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم فرماتے ہیں: ''جس نے مجھ پر ایک بار دُرُود شریف پڑھا **اللہ** پاک اُس پر دس رَحمتیں نازِل فرماتا ہے، دس گناہ مِٹاتا ہے، دس دَرَجات بُلند فرماتا ہے۔'' (نَسائی ص ۲۲۲ حدیث ۱۲۹۴)

بیٹھتے اُٹھتے، جاگتے سوتے
ہو الٰہی! مرا شِعار دُرُود (ذوقِ نعت ص ۷۴)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## بات کرنے کا دِینی یا دُنیوی فائدہ

اے عاشقانِ رسول! کتنا اچّھا ہو کہ بولنے سے پہلے اِس طرح تولنے کی عادت پڑ جائے کہ یہ بات جو میں کرنا چاہتا ہوں اس میں کوئی دِینی یا دُنیوی فائدہ بھی ہے یا نہیں؟ اگر یہ بات فُضُول لگے تو بولنے کے بجائے کاش! ''اللہ اللہ'' کہنا یا دُرُود شریف پڑھنا نصیب ہو جائے تاکہ ڈھیروں ثواب ہاتھ آئے۔ **یا پھر** سُبْحٰنَ اللّٰہ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ یا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ یا اَللّٰہُ اَکْبَر کہہ کر جنّت میں دَرَخت لگوانے کی سعادت مل جایا کرے۔

## سُبحٰنَ اللّٰہ کہنے کہلوانے کی نیّت

**یاد رہے!** بطورِ تَعَجُّب یا بطورِ داد و تحسین اَللّٰہُ اَکْبَر یا سُبْحٰنَ اللّٰہ! وغیرہ کہنے پر بھی ثواب ملتا ہے تاہم ذِکْرُ اللّٰہ کی نیّت بھی شامل کرلی جائے تو زیادہ ثواب ملے گا۔ بعض اَوقات مُبلِّغین و نَعت خواں حاضرین سے کہتے ہیں: ''بولو!


www.dawateislami.net

سُبْحٰنَ اللّٰہ'' یہ کہلوانا بھی کارِثَواب اور جو کہے وہ بھی ثَواب کا حقدار، تاہم اگر کہلوانے والے ثواب کی نیّت کے ساتھ یوں کہیں تو زیادہ بہتر ہے کہ ''ذِکْرُ اللّٰہ کی نیّت سے کہئے: سُبْحٰنَ اللّٰہ'' اِس پر جو بھی ذِکْرُ اللّٰہ کی نیّت سے سُبْحٰنَ اللّٰہ کہے گا اس کا ثَواب بڑھ جائے گا۔

حضرتِ علّامہ عَینی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ (وفات: 855ہجری) فرماتے ہیں: کسی چیز پر تَعجُّب کے وَقْت اَللّٰہُ اَکْبَر اور سُبْحٰنَ اللّٰہ کہنا مُستحب ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۰ ص۳۳۵) حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ ''مِرْآت'' میں فرماتے ہیں: جو کوئی سُبْحٰنَ اللّٰہ یا اَللّٰہُ اَکْبَر یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ یا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کسی طرح بھی کہے صَدقۂ نفلی کا ثواب پائے گا خواہ ذِکْرُ اللّٰہ کی نیّت سے کہے یا کسی حاجت کے لیے بطورِ وظیفہ یہ الفاظ پڑھے یا عجیب بات سُن کر سُبْحٰنَ اللّٰہ وغیرہ کہے یا خوشخبری پا کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ پڑھے۔ بَہَر حال ثواب ملے گا کیونکہ اللّٰہ کا نام لینا بَہَر حال (یعنی ہر حال میں) عبادت ہے۔ (مرآۃ ج۳ ص۹۸)

اَلغرض ہر طرح کے ذِکرو اَذکار اور اَوْراد و وظائف، تلاوتِ قراٰن کرنے اور دُرُود و سلام پڑھنے اور عباداتِ مَحْضَہ (یعنی خالِص عبادت کے کاموں) پر الگ سے ثواب کی نیّت نہ ہو تب بھی ثواب ملتا ہے اور اگر ثواب کی نیّت کر لیں تو ثواب بڑھ جائے گا۔

ذِکرو دُرُود ہر گھڑی وِردِ زَباں رہے　　میری فُضُول گوئی کی عادت نکال دو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　　صلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر

اگر کچھ پڑھنے کے بجائے خاموش رہنے کو جی چاہے تو اس میں بھی ثواب کمانے کی صورتیں ہیں اور وہ یہ کہ اُلٹے سیدھے خیالات میں پڑنے کے بجائے آدمی یادِ خداوندی یا یادِ مدینہ وشاہِ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم میں گم ہو جائے۔ یا عِلْمِ دِین میں غور و تفکُّر شُروع کر دے یا موت کے جھٹکوں، قبر کی تنہائیوں، اس کی وَحشتوں اور مَحْشر کی ہولناکیوں کی سوچ میں ڈوب جائے تو اس طرح بھی وَقْت ضائع نہیں ہو گا بلکہ ایک ایک سانس اِنْ شَآءَ اللّٰہ عبادت میں شمار ہو گا۔ چنانچہ مکّی مَدَنی آقا صَلَّی اللہ علیہ



www.dawateislami.net

والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: (اُمورِ آخرت کے مُتعلِّق) گھڑی بھر کے لیے **غور وفکر** کرنا **60** سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

(جامعِ صغیر ص ۳۶۵ حدیث ۵۸۹۷)

اُن کی یادوں میں کھو جایئے مصطفٰے مصطفٰے کیجئے

## اَنمول لمحات کی قدر کیجئے

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** زندگی کے دن چند گھنٹوں سے اور گھنٹے منٹوں سے عبارت ہیں، زندگی کا ہر سانس **انمول ہیرا** ہے، کاش! ایک ایک سانس کی قدر نصیب ہو جائے کہ کہیں کوئی سانس بے فائدہ نہ گزر جائے اور بروزِ قیامت زِندَگی کا خزانہ نیکیوں سے خالی پا کر اَشکِ ندامت (یعنی شَرمِندَگی کے آنسو) نہ بہانے پڑ جائیں! صد کروڑ کاش! ایک ایک سیکنڈ کا حساب کرنے کی عادت پڑ جائے کہ کس طرح گزر رہی ہے، زَہے مُقدّر! زندگی کی ہر ہر ساعت (یعنی گھڑی) فائدے ہی کے کاموں میں صَرف (یعنی خرچ) ہو۔ بَروزِ قیامت وَقت کو فُضُول باتوں، خوش گپیوں میں گزرا ہوا پا کر کہیں کفِ اَفسوس مَلتے نہ رہ جائیں!

## نَدامت کا بہت بڑا سبب

**صَحابیِ** رسول حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللّٰہ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں اپنی زِندَگی کے گزرے ہوئے اُس دن کے مُقابلے میں کسی چیز پر نادِم (یعنی شرمندہ) نہیں ہوتا جو دن میرا نیک اعمال بڑھنے سے خالی ہو۔''

## وقت تلوار کی طرح ہے

**حضرتِ** امام شافِعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وَقت تلوار کی طرح ہے تم اس کو (نیک اعمال کے ذَرِیْعے) کاٹو ورنہ (فُضُولیات میں مشغول کر کے) یہ تم کو کاٹ دے گا۔ (لواقح الانوار القدسیۃ ص ۸۳)

## سکرات میں تلاوت

**حضرتِ** جنید بَغدادی رحمۃ اللہ علیہ وَقتِ نَزْع قرآنِ پاک پڑھ رہے تھے، ان سے پوچھا گیا: اس وَقت میں بھی تلاوت؟ اِرشاد فرمایا: میرا نامۂ اَعمال



www.dawateislami.net

لپیٹا جارہا ہے تو جلدی جلدی اس میں نیکیاں بڑھا رہا ہوں۔ (صید الخاطر ص ۲۲۷) **اللہ ربُّ العِزّت کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو۔** اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

## جب فیضانِ سنّت گھر میں داخِل ہوئی

اَللّٰہُ اَکْبَر! دُنیا سے جاتے وقت بھی قراٰنِ کریم کی تِلاوت کا جذبہ! اللہ کریم ہمیں بھی تِلاوتِ قراٰنِ کریم کا شوق عطا فرمائے۔ اٰمین۔ تِلاوت کا جذبہ پانے اور گُناہوں کی عادتوں سے پیچھا چُھڑانے کیلئے دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول سے ہر دم وابَستہ رہئے اور مکتبۃُ الْمدینہ کی اسلامی کتابوں کا مُطالَعہ کیجئے آپ کی ترغیب کیلئے عرض ہے کہ ساہیوال (پنجاب) کے ایک اسلامی بھائی **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول میں آنے سے پہلے دنیا کی رنگینیوں اور گناہوں کی وادیوں میں بھٹک رہے تھے، نمازیں قضا کرنا، جھوٹ، غیبت، چُغلی اور دیگر کبیرہ (یعنی بڑے بڑے) گناہوں کا سلسلہ جاری تھا، ان کی زندگی میں اِصلاح کا سامان کچھ یوں ہوا کہ ایک دن دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول سے وابَستہ ان کے خالہ زاد بھائی ان کے گھر آئے، ان کا سادہ مگر دِینی لباس دیکھ کر سب گھر والے ان سے مُتَأَثِّر ہوئے، انہوں نے گھر والوں کو دعوتِ اسلامی کی مَدَنی بہاریں سنائیں جس سے دعوتِ اسلامی کی مَحبّت گھر والوں کے دل میں بس گئی، مزید یہ کہ انہوں نے ایک کتاب بھی تُحفے میں دی جس کا نام **"فیضانِ سنّت"** تھا، جب ان اسلامی بھائی اور ان کے گھر کے دیگر اَفراد نے اس کتاب کا مُطالَعہ کیا تو ان کے گھر میں مُثْبَت تبدیلیاں آنے لگیں اور ایک وقت آیا کہ یہ گھرانا **دعوتِ اسلامی** کے دِینی ماحول سے وابَستہ ہوگیا، کچھ دنوں بعد جب ان اسلامی بھائی نے **دعوتِ اسلامی** کے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے مَدَنی قافلے میں سفر کیا تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْکَرِیْم اس کی بَرَکت سے انہوں نے اپنے چہرے پر سُنَّت کے مُطابِق ایک مُٹّھی داڑھی اور سر پر عمامے شریف کا تاج سجالیا، مزید کرم یہ ہوا کہ نہ صِرْف خود ان اسلامی بھائی نے جامعۃُ الْمدینہ میں دَرْسِ نظامی میں داخِلہ لیا بلکہ ان کے ساتھ ان کی دو بہنوں نے بھی جامعۃُ الْمدینہ (گرلز) میں دَرْسِ نظامی کے لئے داخِلہ لے لیا۔


www.dawateislami.net

**اے عاشِقانِ سُنَّتِ مصطَفٰے!** تُحفہ دینا اور قبول کرنا سنَّت ہے، فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم ہے: **تَهَادَوْا تَحَابُّوْا** یعنی ''ایک دوسرے کو تحفہ (گفٹ۔GIFT) دو محبّت بڑھے گی۔'' (مؤطا ج۲ ص٤٠٧ حديث ١٧٣١) اس حدیثِ پاک سے معلوم ہوا گفٹ (GIFT) دینے سے مَحبّت بڑھتی ہے اور اگر وہ تحفہ کسی دِینی کتاب کا ہو تو مَحبّت کے ساتھ ساتھ عِلْمِ دِین میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ لہٰذا ہو سکے تو **دعوتِ اسلامی** کے مکتبۃُ الْمدینہ سے اسلامی کتابیں خرید فرما کر اپنے عزیزوں اور دوستوں کو تُحفۃً پیش کیجئے، اپنے مرحُومین کے ایصالِ ثواب کے لئے، شادی غمی کی محفلوں اور دیگر تقریبات میں تقسیم کیجئے، نہ صِرف تقسیم کیجئے بلکہ خود بھی ان کتابوں کے مُطالعے کو اپنا معمول بنالیجئے، اِنْ شَآءَاللہُ الْکریم عِلْمِ دِین کا ڈھیروں ڈھیر خزانہ حاصل ہوگا۔

عمل کا ہو جذبہ عطا یاالٰہی گُناہوں سے مجھ کو بچا یاالٰہی

سعادت ملے درسِ ''فیضانِ سُنّت'' کی روزانہ دو مرتبہ یاالٰہی (وسائلِ بخشش ص۱۰۲،۱۰۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

یاربَّ الْمصطفٰی! ہمیں فُضُول باتوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔

اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

# "سیِّدی اعلیٰ حضرت کی پچیسویں شریف" کے 25 حروف کی نسبت سے فضول باتوں سے بچنے کے 25 واقِعات

## (1) ایسی بات نہ کرو کہ بعد میں معذِرت کرنی پڑے

**میزبانِ** رسول حضرتِ سیِّدُنا ابواَیُّوب اَنصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نبیِ کریم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی خدمتِ اَقدس میں حاضِر ہوا اور عَرض کی: مجھے کوئی مُختصر نصیحت فرمائیے۔ سَرورِ عالم صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: "جب تم اپنی نَماز کے لئے کھڑے ہو تو رُخصت ہونے والے کی سی نَماز پڑھو، کوئی ایسی بات نہ کرو جس کے بارے میں بعد میں معذِرت کرنی پڑے اور لوگوں کے ہاتھوں میں موجود چیزوں سے مکمَّل طور پر مایوس ہو جاؤ۔" (مسندامام احمد بن حنبل ج۹ ص ۱۳۰ حدیث ۲۳۵۵۷)

### حدیثِ پاک کے دو حصّوں کی شرح

**حدیثِ** پاک کے اس حصّے: "کوئی ایسی بات نہ کرو، جس کے بارے میں بعد میں معذِرت کرنی پڑے" کی وضاحت میں حضرت مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: بَہُت ہی جامع نصیحت ہے یعنی اکثر **خاموش** رہو اگر بات کرنی پڑے تو اچّھی بات کرو کسی کا دل دُکھانے والی بات نہ کرو کہ پھر اس سے مُعافی مانگنی پڑے، خاموش رہنا صدہا (یعنی سینکڑوں) گُناہوں سے بچالیتا ہے یا یہ مطلب ہے کہ گناہ کی بات نہ بولو جس سے توبہ کرنی پڑے۔ اس حصّۂ حدیث: "لوگوں کے ہاتھوں میں موجود چیزوں سے مکمَّل طور پر مایوس ہو جاؤ" کے مُتعلِّق مفتی صاحب فرماتے ہیں: یعنی کسی کے مال کی امید اور لالچ نہ رکھو، تمہارا دل غنی (یعنی مطمئن) رہے گا، تمہیں کسی کی خوشامد نہ کرنا پڑے گی۔ (مرآت ج۷ ص ۵۴)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

# (2) ابّو جان! آپ بولتے کیوں نہیں؟

**صحابی** ابنِ صحابی حضرت سیِّدُنا عبدُاللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے رِوایت ہے کہ حضرتِ سیِّدُنا آدم عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام جب زمین پر بھیجے گئے تو آپ کی خوب اَولاد ہوئی۔ ایک دن آپ کے بیٹے، پوتے اور پڑپوتے سب آپ کے پاس جَمْع ہو کر باتیں کرنے لگے جبکہ آپ عَلَیہِ السَّلام **خاموش** رہے اور کوئی گُفتگو نہ فرمائی۔ اولاد عرض گزار ہوئی: ابّو جان! کیا بات ہے ہم گُفتگو کر رہے ہیں اور آپ **خاموش** ہیں؟ حضرت سیِّدُنا آدم عَلَیہِ السَّلام نے ارشاد فرمایا: اے میرے بیٹو! جب **اللہ** پاک نے مجھے اپنے قُرب (یعنی جنّت) سے زمین پر اُتارا تو مجھ سے یہ عَہد لیا تھا کہ ''اے آدم! گُفتگو کم کرنا یہاں تک کہ میرے قُرب (یعنی جنَّت) میں لوٹ آؤ۔'' (ایک چپ سو سکھ (اردو) ص ۵، حسن السمت فی الصمت ص ۱۱)

**اے عاشقانِ رسول!** معلوم ہوا کہ **اللہ** پاک کو بندے کا خاموش رہنا پسند ہے لہٰذا بِلاوجہ بولے چلے جانے والوں کیلئے اِس واقعے میں کافی عبرت ہے۔ **اللہ** پاک ہمیں ہمارے والدِ محترم ابُوالْبَشَر حضرت سیِّدُنا آدم عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی ''خاموشی'' سے حصّہ عِنایت فرمائے۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

# (3) خوفِ خدا پانے کا طریقہ

**حضرتِ** مالِک بن دینار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ بیان کرتے ہیں: حضرت سیِّدُنا داؤد عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام نے ارشاد فرمایا: اے پرہیز گارو! آؤ میں تمہیں خوفِ خُدا کی تعلیم دوں، تم میں جو بھی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ زندہ رہے اور نیک اعمال دیکھے تو اسے چاہئے کہ **اپنی آنکھ اور زَبان کی حفاظت کرے**، نہ تو بُرائی کی طرف نظر کرے اور نہ زَبان سے کوئی غَلَط بات نکالے،



www.dawateislami.net

کیونکہ اللہ پاک کی نگاہِ کرم صِدِّیقین (یعنی سچّوں) پر ہے اور وہ ان کی بات جلد سُنتا ہے۔

(اللہ والوں کی باتیں ج۲ص۵٤٧، حلیة الاولیاء ج۲ص٤٠٨ حدیث ٢٧٥٠)

**پیارے اسلامی بھائیو!** اِس واقعے سے یہ دَرْس ملتا ہے کہ خوفِ خدا ملنے اور نیک بندہ بننے کیلئے آنکھ اور زَبان کو گناہوں بلکہ فُضُولیات سے بھی بچانا ہوگا! نیز جھوٹ وغیرہ سے خود کو بچا کر ہمیشہ کیلئے سَچّائی کو اپنانا ہوگا۔ اللہ پاک کے پیارے اور سچّے نبی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: بے شک صِدْق (سچ) نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنّت کی طرف لے جاتی ہے اور بے شک آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ پاک کے ہاں صِدّیق (یعنی بہت بڑا سچّا) لکھ دیا جاتا ہے اور بے شک کِذْب (یعنی جھوٹ) گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنَّم کی طرف لے جاتا ہے اور بے شک آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ پاک کے ہاں کَذّاب (یعنی بہت بڑا جھوٹا) لکھ دیا جاتا ہے۔ (بخاری ج٤ص١٢٥ حدیث ٦٠٩٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (4) کوہِ صفا پر کھڑے ہو کر زبان کو نصیحت کی

صَحابیِ رسول حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ کوہِ صفا پر کھڑے ہو کر تَلْبِیَہ (یعنی لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ) پڑھ رہے تھے اور فرما رہے تھے: اے زَبان! اچّھی بات کہا کر فائدہ ہوگا، اور بُری بات سے خاموشی اِختِیار کر سلامت رہے گی، (میری ان دونوں باتوں پر عمل کر) اس سے پہلے کہ تجھے نَدامت (یعنی شَرمِندگی) اٹھانی پڑے۔ (احیاء العلوم ج٣ص١٣٥)

## (5) تجھ پر افسوس ہے

صَحابی ابنِ صَحابی حضرت سیِّدُنا عبدُاللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ”اے زَبان! تجھ پر اَفسوس ہے!


www.dawateislami.net

اچھّی بات کہہ کہ اسی میں بھلائی ہے اور بُری بات سے بچ کہ اسی میں سَلامَتی ہے۔'' دیکھنے سُننے والے نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا: ''مجھے خبر ملی ہے کہ قِیامت کے دن آدمی اپنی زَبان کی وجہ سے سب سے زیادہ خَسارہ (یعنی نُقصان) اُٹھائے گا۔''

(اللہ والوں کی باتیں ج ا ص ٥٧٤)

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** یہ حقیقت ہے کہ زَبان سے اچھّی باتیں کرنے سے رِضائے الٰہی حاصِل ہوتی ہے اور جس سے **اللہ** کریم راضی ہو جائے اُس کو جنّت ملے گی اور بُری بات کہنے سے **اللہ** پاک ناراض ہوتا ہے اور جس سے **اللہ** پاک ناراض ہو جائے اُس کے لئے جہنّم کا عذاب ہے۔

جہنّم سے ہم کو بچا یاالٰہی
تو جنّت میں ہم کو بسا یاالٰہی

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (6) مجھے خاموش رہنا بولنے سے زیادہ پیارا ہے

**حضرتِ** ابراہیم بن بَشّار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم لوگ اِکٹھے ہوئے تو ہم میں سے ہر ایک نے کچھ نہ کچھ گُفتگو کی مگر حضرت ابراہیم بن اَدْہم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ **خاموش** رہے، آپ نے کوئی بات نہ کی۔ جب لوگ چلے گئے تو میں نے ان سے اپنی تَشویش کا اِظہار کیا تو آپ نے فرمایا: گُفتگو بے وُقوف کی بے وقوفی اور عَقْل مند کی عَقْل مندی کو ظاہر کرتی ہے۔ میں نے کہا: (آپ تو عقل مند ہیں) پھر آپ نے گُفتگو کیوں نہ کی؟ فرمایا: مجھے خاموش رہ کر غم زَدَہ ہونا بول کر شَرمندہ ہونے سے زیادہ پیارا ہے۔

(ایک چپ سو سکھ ص ١٨، حسن السمت فی الصمت ص ٣١)

**سُبْحٰنَ اللہ!** ہمارے بزرگانِ دین کی سوچ بھی کتنی پیاری ہوتی تھی! واقعی بولنے سے انسان کی سمجھداری کا



www.dawateislami.net

تعارف ہوجاتا ہے، اور بعض اَوقات لوگوں پر ظاہر ہوجاتا ہے کہ اِس یعنی بول پڑنے والے کو اتنی سمجھ ہی نہیں کہ کہاں، کب اور کیا بولنا چاہئے۔ ''چُپ رہ کر غم زَدہ ہونا'' سے مُراد یہ ہوسکتا ہے کہ چُپ رہنے پر بعد میں اِس طرح کا غم ہوسکتا ہے کہ گُفتگو کے دَوران فلاں موقع پر میں یہ جملہ بول دیتا تو خوب ہوتا اور فُلاں فُلاں بات کر ڈالتا تو مزا ہی آجاتا وغیرہ۔

بَہرحال بول کر پچھتانے سے نہ بول کر پچھتانا اور کھا کر پچھتانے سے نہ کھا کر پچھتانا اچّھا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (7) پانی اور ہوا پر چلنے والے 3 بزرگ

تابِعی بُزُرگ حضرتِ وَہب بن مُنَبِّہ رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: بنی اسرائیل میں دو بُزُرگ عبادت کے ایسے مرتبے پر فائز تھے کہ پانی پر چلتے تھے۔ ایک مرتبہ وہ سَمُندر پر چل رہے تھے کہ انہوں نے ایک بُزُرگ کو دیکھا کہ وہ ہوا میں چل رہے ہیں، پانی پر چلنے والوں نے ہوا پر چلنے والے بُزُرگ سے پوچھا: اے اللہ پاک کے بندے! آپ اس مقام تک کیسے پہنچے؟ انہوں نے فرمایا: ''تھوڑی دنیا'' پر راضی رہتے ہوئے میں نے اپنے نَفْس کو خواہِشات اور زَبان کو **فُضُول باتوں** سے روکا اور اُن کاموں میں مشغول ہوا جن کا ربِّ کریم نے مجھے حکم دیا ہے اور میں نے **خاموشی** کو اپنائے رکھا، اگر میں اللہ پاک پر کسی بات کی قسم کھالوں تو (مجھے رَحمت پر اُمید ہے کہ) وہ میری قسم پوری فرمادے گا اور اگر اُس سے (کچھ) مانگوں گا تو وہ مجھے عطا کردے گا۔ (ایک چپ سو سکھ ص۲۲، حسن السمت فی الصمت ص ۳٤)

### جنت میں درخت ۔ وباؤں سے حفاظت ۔ مدینہ

**اَللّٰہُ اَکْبَر!** ہوا پر چلنے والے بزرگ نے خاموش رہ کر بھی عبادت پر نَفْع اٹھایا کہ جو وَقْت فالتو باتوں میں خَرْچ ہوسکتا تھا اُس کو بچا کر اُس میں اللہُ ربُّ العِزّت کی عبادت کی سعادت



www.dawateislami.net

حاصل کی ۔کاش! ہم بھی غور کرلیا کریں کہ جو بات کرنے لگے ہیں اُس سے دین یا دنیا کا کوئی فائدہ بھی ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں نہ رضائے الٰہی پانے کی نیّت سے سُبحٰنَ اللّٰہ، سُبحٰنَ اللّٰہ پڑھنا شُروع کر دیں کہ ہر بار سُبحٰنَ اللّٰہ کہنے پر اللہ پاک کی رَحمت سے جنّت میں ایک دَرَخت لگا دیا جائے گا۔اور کثرت سے سُبحٰنَ اللّٰہ کہنے کے تو دنیا میں بھی فوائد ہیں چنانچِہ کروڑوں شافِعیوں کے پیشوا حضرت امام شافِعی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے وباؤں سے بچنے کے لیے تَسبیح سے زیادہ فائدے مند کوئی چیز نہیں دیکھی ۔'' (حلیۃ الاولیاء ج ۹ ص ۱۴۵ قول نمبر ۱۳۴۴۰)

**نوٹ:** تَسبیح سے مُراد اللہ پاک کی پاکی بیان کرنا ہے مثلاً سُبحٰنَ اللّٰہ کہنا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## (8) مُنہ میں جیسے کوئی چیز ڈال دی گئی ہو

حضرت ابراہیم بن بَشّار رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں حضرت سیدنا ابراہیم بن اَدہم رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی صُحبتِ بابرکت میں 6 سال سے زیادہ عرصہ رہا۔آپ اکثر **خاموش** رہتے اور ہم سے کبھی بھی کوئی بات نہ پوچھتے بلکہ ہم ہی ان سے کلام (یعنی بات چیت) کرتے ۔ ہمیں ایسا محسوس ہوتا جیسے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے مُنہ مبارک میں کوئی چیز ڈال کر بولنے سے روک دیا گیا ہو۔ (عیون الحکایات (اردو) ج ۱ ص ۲۰۴،عیون الحکایات ص ۱۲۹)

### کاش! لوہے کا دروازہ حائل ہو

سُبحٰنَ اللّٰہ! ہمارے بُزُرگانِ دین کی پیاری پیاری سوچ صد کروڑ مرحبا! بے شک وہ حضرات خوبیوں کے جامع تھے مگر ہم عَیبوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ زَبان کی حفاظت کیلئے لوگوں سے غیر ضَروری میل جول سے بچنا بھی بے حد مفید ہوتا ہے۔صَحابیِ رسول حضرتِ سیِّدُنا سَعد بن اَبی وَقّاص رضی اللہ عنہ ارشاد فرمایا کرتے: اللہ کی قَسم! میں یہ پسند



www.dawateislami.net

کرتا ہوں کہ میرے اور لوگوں کے درمیان لوہے کا ایک دروازہ ہو، نہ مجھ سے کوئی بات کرے اور نہ میں کسی سے بات کروں یہاں تک کہ میں اللہ پاک سے جاملوں۔ (کتاب العزلۃ لابن ابی الدنیا مع موسوعہ ج٦ ص ٥١١ قول نمبر٥٧)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (9) زبان پر حکومت

کسی بُزُرگ سے پوچھا گیا کہ حضرت سیِّدُنا اَحْنَف رَحمۃُ اللہِ علیہ آپ لوگوں کے سردار کیسے بنے حالانکہ نہ تو وہ عُمْر میں آپ سب سے بڑے ہیں اور نہ مال و دولت میں؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا: انہیں یہ سرداری اپنی **زبان پر حکومت** کرنے کی وجہ سے نصیب ہوئی ہے۔ (المستطرف ج ١ ص١٤٧)

اللہ پاک کامیابی دینے والا ہے

**اے عاشقانِ رسول!** واقِعی جو زَبان پر کنٹرول کر لے وہ اپنی ''الفاظ نما رعایا'' کا بادشاہ ہے مگر یہ بادشاہت پانے کیلئے نَفْس و شیطان کے لشکروں کو شکست دینی ہوگی اور یہ اگرچہ ایک مشکل کام ہے، مگر سچّی دُھن اور پکّی لگن ہو تو اللہ رَبُّ العِزّت کی رَحْمت اور مصطفٰے جانِ رَحْمت صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم کی عِنایت سے کامیابی ناممکن نہیں، کوشش جاری رکھنی چاہئے۔ ایک بَہُت ہی پیارا عَرَبی مُحاوَرہ ہے: اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللہِ۔ یعنی ''میری طرف سے صِرْف کوشش ہے اور کام پورا ہونا یعنی کامیابی ملنا اللہ پاک کی طرف سے ہے۔''

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (10) چار عُلَما، چار اِرشادات

حضرت سیِّدُنا عبدُاللہ بن مُبارَک رَحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ایک بادشاہ کے ہاں چار عُلَمائے کرام جمع ہوئے تو



www.dawateislami.net

بادشاہ نے اُن سے عَرض کی: آپ حضرات ایک ایک مختصر مگر جامع بات ارشاد فرمائیے: اُن میں سے **ایک** عالم صاحب نے فرمایا: عالم کے عِلْم کی فضیلت **خاموشی** ہے۔ **دوسرے** نے فرمایا: آدمی کے لئے سب سے بڑھ کر نَفْع مند بات یہ ہے کہ وہ اپنی حیثیَّت اور عَقْل کی انتہا (یعنی گہرائی) کو جان لے اور اس کے مطابِق گفتگو کرے۔ **تیسرے** نے فرمایا: سب سے بڑھ کر مُحتاط شخص وہ ہے جو نہ تو موجودہ نعمت پر مطمئن ہو، نہ اُس پر بھروسا کرے اور نہ اس کے لئے کوئی تکلیف اُٹھائے۔ **چوتھے** نے فرمایا: تقدیر پر راضی رہنے اور قَناعت اِختیار کرنے سے بڑھ کر کوئی شے بدَن کے لئے آرام دہ نہیں۔ (ایک چپ سوسکھ (اردو) ص ۱۶)

مَاشَآءَاللہ! چاروں اِرشادات مختصر مگر جامع اور اپنے اندر عبرت کے انمول مَدَنی پھول لئے ہوئے ہیں۔ عَرَبی مقُولہ ہے: **خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَ دَلَّ** ۔ یعنی اچھی بات وہ جو مختصر اور دلیل کے ساتھ کی جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

# (11) چار بادشاہ چار باتیں

**حضرت** ابوبکر بن عَیّاش رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: چار ملکوں فارس، روم، ہند اور چین کے بادشاہ ایک جگہ جَمْع ہوئے اور چاروں بادشاہوں نے چار ایسی باتیں کیں گویا ایک ہی کمان سے چار تیر پھینکے گئے ہوں، **ایک** نے کہا: میں کہی ہوئی بات کے مُقابَلے میں نہ کہی ہوئی بات سے رُکنے پر زیادہ قادِر ہوں۔ **دوسرے** نے کہا: جو بات میں نے مُنہ سے نکال دی وہ مجھ پر حاوی اور جو بات مُنہ سے نہ نکالی اس پر میں حاوی ہوں۔ **تیسرے** نے کہا: مجھے نہ کی ہوئی بات پر کبھی شرمِندگی نہیں ہوئی البتّہ کی ہوئی بات پر ضَرور شرمندہ ہوا ہوں۔ **چوتھے** نے کہا: مجھے بولنے والے پر تَعَجُّب ہے کہ اگر وہی بات اس کی طرف لوٹ جائے تو اسے نُقصان دے اور اگر نہ لوٹے تو فائدہ بھی نہ دے۔ (ایک چپ سوسکھ (اردو) ص ۱۸، حسن السمت فی الصمت ص ۳۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد


www.dawateislami.net

# (12) چالیس برس تک نہیں ہنسے

**تابعی** بُزُرگ حضرت حَسَن بصری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ **چالیس (40) برس تک نہیں ہنسے**۔ جب آپ کو بیٹھے ہوئے دیکھا جاتا تو یوں معلوم ہوتا گویا ایک قیدی ہے جسے گردن اڑانے کے لئے لایا گیا ہو، اور جب گُفتگو فرماتے تو انداز ایسا ہوتا گویا آخرت کو آنکھوں سے دیکھ دیکھ کر بتا رہے ہیں، اور جب **خاموش** رہتے تو ایسا محسوس ہوتا گویا ان کی آنکھوں میں آگ بھڑک رہی ہے۔ جب ان سے اس قدر غمگین وخوف زدہ رہنے کا سبب پوچھا گیا تو فرمایا: مجھے اس بات کا خوف ہے کہ اگر **اللہ** پاک نے میرے بعض ناپسندیدہ اعمال کو دیکھ کر مجھ پر غضب فرمایا اور یہ فرما دیا کہ جاؤ! میں تمہیں نہیں بخشتا۔ تو میرا کیا بنے گا!۔ (احیاء العلوم (اردو) ج٤ ص ٥٥٥ تا٥٥٦، احیاء العلوم ج٤ ص ٢٣١)

## خوفِ خدا کی فضیلت

**اَللّٰہُ اَکْبَر!** مولائے کائنات، حضرت مولیٰ علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ کے خلیفہ اور بُلَند پایہ تابعی بُزُرگ و ولیُّ اللہ حضرت حَسَن بصری رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کا خوفِ خُدا میں سہمے سہمے رہنے کے اِس واقِعے میں ہم گناہ گاروں کیلئے عبرت کے بے شُمار مَدَنی پھول موجود ہیں۔ **اللہ** پاک سے ڈرنے کے کافی فضائل ہیں۔ **اللہ** پاک پارہ 29 **سُوْرَۃُ الْمُلْک** آیت 12 میں ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۲﴾

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ العِرفان: بے شک جو لوگ بغیر دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

## حدیثِ مُبارکہ، خوفِ خدا رزق اور عمر میں اضافے کا سبب

**مسلمانوں** کے چوتھے خلیفہ، حضرتِ سیِّدُنا علی رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے کہ سرکارِ دو عالم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: جو اپنی عُمر میں



www.dawateislami.net

زیادتی اور رِزْق میں کُشادگی اور بُری موت سے حفاظت چاہتا ہے وہ **اللہ** پاک سے ڈرے اور صِلَۂ رِحمی کرے۔

(مسند احمد بن حنبل ج۱ ص ۳۰۲ حدیث ۱۲۱۲)

## خوفِ خدا سے کیا مراد ہے؟

**پیارے پیارے اسلامی بھائیو!** خوفِ خدا سے مُراد یہ ہے کہ **اللہ** پاک کی خُفیہ تدبیر (یعنی چُھپا فیصلہ)، اس کی بے نیازی، اُس کی ناراضی، اس کی پکڑ، اس کی طرف سے دیئے جانے والے عذابوں، اس کے غَضَب اور اس کے نتیجے میں ایمان کی بربادی وغیرہ سے خوف زدہ رہنے کا نام **خوفِ خدا** ہے۔ اے کاش! ہمیں حقیقی معنوں میں خوفِ خدا نصیب ہو جائے۔

زمانے کا ڈر میرے دل سے مٹا کر — تو کر خوف اپنا عطا یا الٰہی
ترے خوف سے تیرے ڈر سے ہمیشہ — میں تھر تھر رہوں کانپتا یا الٰہی

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب — صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (13) چُپ رہنے اور بولنے والے!

**حضرت ابو حاتم** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: دو شخصوں نے عِلْم حاصل کیا۔ ایک نے خاموشی اِختیار کی اور دوسرے نے بولنا، تو بولنے والے نے چُپ رہنے والے کی طرف لکھا: تو نے اپنے عِلْم سے کیا کمایا؟ جب کہ روزی کمانے کے لیے زَبان سے بہتر کوئی آلہ (یعنی ہتھیار) نہیں۔ چُپ رہنے والے نے بولنے والے کی طرف لکھا: ''تو نے اپنے عِلْم سے کون سا کمال حاصل کیا؟ جب کہ میں سمجھتا ہوں کہ زَبان قید میں رکھنے کی زیادہ حق دار ہے۔'' (حسن السمت ص ٤٤ سے خلاصہ)

**بے شک** شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے اچھا اچھا بولنے میں کوئی حَرَج نہیں، بُری باتوں سے بچنا لازِم ہے اور



www.dawateislami.net

فُضول و بے فائدہ گُفتگو سے بھی بچنا چاہئے۔روزی کمانے میں بھی جھوٹ بولنا گناہ ہے اور فُضول گُفتگو بھی کوئی اچّھی چیز نہیں۔

## (14) نقصان چھپانے کے لئے خاموش رہنے کی تاکید

**ایک** تاجِر کو ہزار دینار کا نُقصان ہوا۔اس نے اپنے بیٹے سے کہا کہ دیکھنا یہ نُقصان والی بات کسی سے بھی نہ کرنا، لڑکا بولا: ابّو جان! یہ آپ کا حکم ہے اس لئے میں کسی کو نہیں بتاؤں گا، لیکن میری یہ خواہش ہے کہ آپ اس (خاموش رہنے) کا فائدہ بتا دیجئے کہ اس نُقصان کو چھپانے میں کیا مَصْلَحت ہے؟ باپ بولا: **خاموشی** اس لیے ضَروری ہے کہ ہمیں دو مصیبتیں (ایک ساتھ) نہ اٹھانا پڑیں یعنی ایک تو سرمائے (یعنی رقم) کا نُقصان اور دوسرا (مُخالِف) پڑوسیوں کا ہمارے نُقصان پر خوش ہو کر مذاق اُڑانا۔ (گلستان سعدی ص ۱۱۵)

## دوسرے مسلمان کے نقصان پر خوشی ظاہر کرنا

**اے عاشقانِ رسول!** اِس واقِعے سے ہمیں سیکھنے کو ملا کہ کبھی اپنا نقصان ہوجائے تو بِلا ضَرورت دوسروں پر اِظہار کے بجائے خاموشی اختِیار کرنے ہی میں عافیَت ہے، کیوں کہ ہوسکتا ہے ہمارے بتانے کی وجہ سے کسی ایسے شخص کو پتا چل جائے جو نادانی کے سبب ہمارے نُقصان میں خوش ہونے کی آفت میں پڑے۔ یاد رہے! کسی مسلمان کی بیماری یا مصیبت پر یا اس کا نُقصان ہوجانے پر خوشی ظاہر کرنا یہ **شَماتَت** کہلاتا ہے اور شَماتَت کی شریعت میں مُمانَعَت ہے۔حضرت سیِّدُنا واثِلَہ رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے کہ رسولُ اللہ صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اپنے بھائی کی **شَماتَت** نہ کر یعنی اُس کی مُصیبت پر اظہارِ مَسرّت نہ کر کہ **اللہ** پاک اُس پر رَحم کرے گا اور تجھے اس میں مبتلا کردے گا۔'' (ترمذی ج ٤ ص ٢٢٧ حدیث ٢٥١٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

# (15) خاموشی عقل مندوں کا شیوہ ہے!

**ایک** عقلمند نوجوان جو کئی خوبیوں کا مالک تھا، جب کبھی وہ دانشمندوں (یعنی اہلِ عِلْم) کی محفلوں میں بیٹھتا تو بات کرنے سے اپنی زَبان کو روکے رکھتا۔ ایک مرتبہ اُس کے باپ نے اُس سے کہا: اے بیٹے! جو کچھ تجھے آتا ہے تُو بھی کہہ دیا کر۔ تو جوان بولا: مجھے اس بات کا ڈر رہتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ لوگ مجھ سے ایسی بات پوچھ لیں جس کا مجھے عِلْم نہ ہو اور یوں مجھے شَرمندہ ہونا پڑے۔ (گلستان سعدی ص ۱۱۶)

## غلط مسئلہ بتانا!

**اے عاشقانِ رسول!** اِس واقعے سے سیکھنے کو ملا کہ جب اہلِ عِلْم حضرات کی صُحبت حاصل ہو تو زَبان بند رکھنی چاہیے کہ اس طرح اِنْ شَآءَاللہُ الْکَرِیْم ان کی باتیں اچّھی طرح سن اور سمجھ سکیں گے، بولتے رہنے کی صورت میں ایک تو ہوسکتا ہے کہ سیکھنے سمجھنے سے مَحرومی ہو اور دوسرے یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سامنے سے کوئی سوال ہو جائے اور جواب نہ بن پڑے۔ یہ بات ذِہن نشین کرلیجئے کہ جب کسی بات کا دُرُست جواب معلوم نہ ہو تو جان بوجھ کر غَلَط سَلَط جواب نہیں دینا چاہیے۔ خُصُوصاً شَرعی مسائل کا جواب اُس وَقْت تک نہ دیا جائے جب تک 100 فیصدی یقینی معلومات نہ ہو۔ اپنی اَٹکل سے شَرعی مسئلہ بتانا اپنی آخرت کو داؤ پر لگانا ہے۔ قراٰنِ کریم پارہ 11 سُوْرَۃُ یُوْنُس آیت 68 میں ارشادِ الٰہی ہے:

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

آسان ترجَمۂ قراٰن کنز العرفان: کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں عِلْم نہیں۔

## جواب دینے سے ڈرنے والوں کی تین مثالیں

جو لوگ بغیر عِلْم کے دینی سوالات کے اپنی اَٹکل سے جوابات دے رہے ہوتے ہیں وہ اس آیتِ مُبارَکہ سے دَرس (LESSON) لیں۔ وہ عُلَمائے کِرام جو



www.dawateislami.net





دینی اَحکامات جاننے اور دوسروں کے سوالات کے جوابات دینے کی صَلاحیّت رکھنے کے باوُجُود جوابات دینے میں **اللہ** پاک سے ڈرتے تھے ان کی تین مثالیں: ﴿۱﴾ صحابیِ رسول حضرت سیِّدُنا عبدُاللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو لوگوں کے ہرسوال کا جواب دیتا ہے وہ مجنوں (یعنی پاگل) ہے۔اور لَا اَدْرِی (یعنی میں نہیں جانتا) عالم کی ڈھال ہے کیونکہ اگر اس نے غَلَط مسئلہ بتادیا تو ہلاکت میں مبتلا ہوگا ﴿۲﴾ حضرت سیِّدُنا ابوحَفْص نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ”عالم وہی ہے کہ جب اس سے سوال کیا جائے تو وہ خوف زدہ ہو کہ بروزِ قیامت اس سے پوچھا جائے گا کہ تم نے کہاں سے جواب دیا؟“ ﴿۳﴾ حضرت ابراہیم تَیمی رحمۃ اللہ علیہ سے جب کوئی مسئلہ معلوم کیا جاتا تو رونے لگتے اور فرماتے: ”تمہیں میرے علاوہ کوئی اور نہیں ملا کہ تمہیں میری ضَرورت پڑ گئی۔“ (احیاء العلوم (اردو) ج ۱ ص ۲۴۱، احیاء العلوم ج ۱ ص ۱۰۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## ﴿16﴾ عقلمندی دوسرے کی بات نہ کاٹنے میں ہے

حضرتِ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے ایک دانشور (یعنی اہلِ علم) کے بارے میں یہ سنا کہ وہ کہا کرتے تھے کہ کوئی شخص بھی اپنی جہالت کا اِقرار نہیں کرتا سوائے اُس شخص کے کہ جب کوئی دوسرا بات کررہا ہوتا ہے تو اُس کی بات خَتْم ہونے سے پہلے ہی بیچ میں اپنی بات شُرُوع کر دیتا ہے۔سمجھدار آدمی اُس وقت تک اپنی بات شُرُوع نہیں کرتا جب تک دوسرے کی بات خَتْم نہ ہو جائے۔ (گلستان سعدی، ص ۱۱۸)

**خوامخواہ بیچ میں بولنے والا ناسمجھ ہوتا ہے** مدینہ

**اے عاشقانِ رسول!** اِس واقعے میں یہ بتایا گیا ہے کہ جو خوامخواہ دوسرے کی بات کاٹ کر اپنی بات شُرُوع کر دیتا ہے وہ خود کو ناسمجھ تسلیم کر رہا ہے۔ ورنہ جو سمجھدار ہے وہ دوسرے کی بات پوری ہو جانے تک بیچ میں نہیں بولتا۔ یہ بھی یاد رہے



www.dawateislami.net





کہ دوسروں کی بات کاٹ کر اپنی بات شُروع کر دینا اسلامی آدابِ گُفتگو کے خلاف ہے۔ مکتبۃُ الْمدینہ کے 36 صَفْحات کے رسالے: ''اِحترامِ مُسلم'' صَفْحہ 30 پر ہے: (اللہ پاک کے پیارے نبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کسی کی بات کو نہ کاٹتے البتّہ اگر کوئی حد سے تجاوُز کرنے (یعنی بڑھنے) لگتا تو اُس کو مَنْع فرماتے یا وَہاں سے اُٹھ جاتے۔ (شمائل ترمذی ص ۱۹۹۔۲۰۰ سے خلاصہ)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (17) راز داری کے لئے خاموشی ضروری ہے

حضرتِ سلطان محمود غزنوی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے خاص غلاموں میں سے چند غلاموں نے بادشاہ کے ایک خادمِ خاص سے پوچھا کہ آج بادشاہ نے فُلاں مُعاملے میں تجھ سے کیا کہا؟ بادشاہ جو کچھ تجھ سے کہتے ہیں وہ ہم جیسوں سے کہنا دُرُست نہیں سمجھتے۔ اس پر اُس خادمِ خاص نے کہا: ''بادشاہ سَلامَت مجھ سے اس لیے کہتے ہیں کہ ان کو مجھ پر بھروسا ہے کہ میں وہ بات کسی اور کو نہیں بتاؤں گا۔ (گلستان سعدی ص ۱۱۸ بتغیر قلیل)

### مدینہ: واٹس ایپ کے پیغامات دوسروں کو بھیجنا

اے عاشقانِ رسول! بات بھی اَمانت ہوتی ہے، بعض اوقات کوئی شخص کسی کو بات بتاتے ہوئے اِدھر اُدھر دیکھ لیتا ہے کہ کوئی سُن تو نہیں رہا یا جس سے بات کر رہا ہے اُسے دوسرے کو بتانے سے مَنْع کر دیتا ہے ان صورتوں میں وہ بات کسی کو بتانی نہیں ہوتی۔ بسا اوقات وہ کسی سے ایسی بات کرتا ہے کہ وہ دوسرے کو بتانے جیسی نہیں ہوتی تو اب بھی دوسرے کو نہ بتائی جائے۔ بعض لوگ اپنے دوستوں وغیرہ کے واٹس ایپ کے ذَرِیعے ملے ہوئے پیغامات بِلا تکلُّف دوسروں کو فارورڈ کر رہے ہوتے ہیں اُن کو بھی مُحتاط رہنا چاہئے۔



www.dawateislami.net

## کسی کی بات دوسروں کو نہ بتانے کے متعلق دو فرامینِ مصطفٰے صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

**کسی کی بات دوسرے کو نہ بتانے کے مُتعلِّق دو فرامینِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سنئے: (1) ”جب کوئی آدمی بات کر کے اِدھر اُدھر دیکھے تو وہ بات **اَمانت** ہے۔“ (تِرمذی ج۳ ص۳۸٦ حدیث ١٩٦٦)

**شَرحِ حدیث:** ”مِرْآت“ میں ہے: یعنی اگر کوئی شخص تم سے اکیلے میں کوئی بات کہے اور بات کے دَوران یا بات کے درمیان میں اِدھر اُدھر دیکھے کہ کوئی سن نہ لے تو وہ اگرچِہ مُنہ سے نہ کہے کہ یہ کسی سے نہ کہنا مگر اس کی یہ حَرَکت بتاتی ہے کہ وہ راز کی بات ہے لہٰذا اسے اَمانت سمجھو، اُس کا راز ظاہر نہ کرو، کسی سے یہ بات نہ کہو۔ سُبْحٰنَ اللہ کیسی پاکیزہ تعلیم ہے! (مرآت ج٦ ص٦٢٩) (2) مُنافِق کی تین نشانیاں ہیں: جب بات کرے جھوٹ کہے، جب وعدہ کرے خلاف کرے اور جب اس کے پاس اَمانت رکھی جائے خیانت کرے۔ (بخاری ج١ ص٢٤ حدیث ٣٣) یعنی جب کوئی اسے کسی بات کا رازدار بناتا ہے تو دوسرے لوگوں کو بتا دیتا ہے یا اَمانت لوٹانے سے انکار کر دیتا ہے یا اَمانت کی حفاظت نہیں کرتا اسے اپنے استِعمال میں لاتا ہے وغیرہ۔ (مکاشفۃ القلوب (اردو) ص ٩٥، مکاشفۃ القلوب ص٤٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (18) سلامتی چاہئے تو چُپ رہنا ضروری ہے

حضرتِ سیِّدُنا یُونُس بن عُبَید رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: میں ایک ایسے شخص کو جانتا ہوں جو 20 سال سے یہ تمنّا کر رہا ہے کہ اس کی زندگی کا کوئی ایک دن (تابِعی بُزُرگ) حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن عَون رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے دنوں کی طرح سَلامَتی سے گزرے لیکن وہ ایسا کر نہیں پاتا وہ چاہتا ہے کہ خاموش نہ رہے بلکہ باتیں بھی کرے اور زَبان کی آفت سے اس طرح محفوظ رہے جس طرح حضرتِ عبدُاللہ بن عَون رَحْمَۃُ اللہِ علیہ محفوظ رہتے ہیں۔ (اللہ والوں کی باتیں ج۳ ص۵۷، حلیۃ الاولیاء ج۳ ص٤٣ معمولی فرق کے ساتھ)



www.dawateislami.net

## بہت بڑا دھوکا! مدینہ

اِس واقِعے سے معلوم ہوا کہ نیک بننے کیلئے صِرف نیکیاں کرنے کی تمنّا کرتے رہنا کافی نہیں، نیکیاں کرنی بھی ہوں گی۔ ''اِحیاءُ العُلُوم'' میں ہے: حضرتِ سیِّدُنا یحییٰ بن مُعاذ رازی رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک بڑے دھوکوں میں سے یہ بھی ہے کہ آدمی مغفِرت کی اُمید رکھتے ہوئے بغیر کسی نَدامت (یعنی شرمندگی) کے گناہوں میں مشغول رہے اور عبادت کے بغیر اللہ پاک کے قُرب (یعنی قریب ہونے) کی اُمید رکھے اور جہنَّم کا بیج بو کر جنَّت کی کھیتی کا منتظر رہے اور گناہ پر گناہ کئے جانے کے باوجود نیک بندوں کے گھر (یعنی جنّت) کا اُمیدوار رہے اور نیک اعمال کے بغیر ثواب کا انتِظار کرے اور زیادتی کے باوجود اللہ پاک سے (مغفِرت کی) تمنّا رکھے۔ پھر آپ نے یہ اَشعار پڑھے: تَرْجُو النَّجَاةَ وَلَمْ تَسْلُكْ مَسَالِكَهَا    اِنَّ السَّفِيْنَةَ لَا تَجْرِىْ عَلَى الْيُبَسِ

ترجمہ: تم نجات کی اُمید تو رکھتے ہو مگر اس کے راستوں پر نہیں چلتے، یقیناً کشتی خشکی پر نہیں چلا کرتی۔ (احیاء العلوم ج٤ ص٤١٧ تا ٤١٨)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب    صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## (19) حکمت کیسے آتی ہے؟

حضرتِ سُفیان بن عُیَیْنَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابو خالد رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ کو فرماتے سنا کہ **حِکمت** تین چیزوں سے آتی ہے: (1) **خاموش** رہنے (2) غور سے سُننے اور (3) سن کر یاد رکھنے سے۔ اور تین خصلتوں کی وجہ سے **حِکمت کا پھل** ملتا ہے: (1) ہمیشہ کے گھر (یعنی جنّت) کی طرف رُجوع کرنے (یعنی جنّت میں لے جانے والے اعمال کرنے) (2) دھوکے کے گھر (یعنی دنیا کی مَحبّت) سے دور ہونے اور (3) موت سے پہلے موت کی تیّاری کرنے سے۔ (اللہ والوں کی باتیں ج٧ ص٣٣٦، حلیة الاولیاء ج٧ ص٣٣٠)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب    صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

# (20) جواب کیوں نہیں دیتے؟

کروڑوں شافعیوں کے عظیم پیشوا حضرت امام شافعی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے ایک بار کچھ پوچھا گیا تو **خاموش** رہے۔ کسی نے عرض کی: حُضُور! **اللہ** کریم آپ پر رَحْم فرمائے! آپ جواب کیوں نہیں دیتے؟ فرمایا: ''پہلے میں یہ جان لوں کہ میرے جواب دینے میں فضیلت ہے یا **خاموش** رہنے میں۔'' (احیاء العلوم (اردو) ج ١ ص ١٠٢، احیاء العلوم ج ص ٤٤)

## یہ ہے بولنے سے پہلے تولنا

سُبْحٰنَ اللہ! یہ ہے بولنے سے پہلے تولنا! کاش! ہم بھی بات کرنے سے قَبل غور کر لیا کریں کہ جو بات کرنے جا رہے ہیں اس میں ثَواب بھی ملے گا یا نہیں؟ حضرت امام محمد بن محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: صَحابہ و تابعین رِضْوَانُ اللہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پانچ چیزوں میں مشغول رہتے تھے: ''(١) تلاوتِ قرآنِ کریم (٢) مَساجِد آباد کرنا (٣) ذِکْرُ اللہ (٤) نیکی کی دعوت دینا اور (٥) بُرائی سے مَنْع کرنا۔'' اور اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے یہ **فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم سُن رکھا تھا کہ ''انسان کا ہر کلام (یعنی بولنا) اس کے لئے وبال ہے مُفید نہیں، سوائے نیکی کی دعوت دینے یا برائی سے مَنْع کرنے یا ذِکْرُ اللہ کے۔'' [ترمذی ج ٤ ص ١٨٥ حدیث ٢٤٢٠] (احیاء العلوم ج١ ص١٠٠ بتصرف)

**اللہ** پاک قرآن مجید پارہ 5 سُوْرَۃُ النِّسَآء آیت 114 میں ارشاد فرماتا ہے:

لَا خَیْرَ فِیْ كَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَیْنَ النَّاسِؕ

آسان ترجَمۂ قرآن کنزُ العِرفان: ان کے اکثر خُفیہ مشوروں میں کوئی بھلائی نہیں ہوتی مگر ان لوگوں (کے مشوروں) میں جو صدقے کا یا نیکی کا یا لوگوں میں باہم صُلح کرانے کا مشورہ کریں۔



www.dawateislami.net

# (21) عقل مند گونگا، ناسمجھ باتونی سے بہتر ہے

حضرتِ کعبُ الْاَحبار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے اپنے بیٹے سے فرمایا: بیٹا! ''عَقْل مند گونگا'' بن جانا مگر ''جاہل باتُونی'' نہ بننا، تمہاری رال سینے پر ٹپک رہی ہو (یعنی بولنے کو بَہُت ہی جی چاہ رہا ہو) اور تم اپنی زَبان کو فُضُول باتوں سے بچائے ہوئے ہو تو یہ تمہارے لئے اس بات سے عُمدہ و بہتر ہے کہ لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر تم فُضُول و بے فائدہ باتیں کرو۔ ہر عمل کی دلیل ہوتی ہے، عَقْل کی دلیل غور و فکر ہے اور غور و فکر کی دلیل **خاموشی**۔ ہر چیز کی سواری ہوتی ہے، عَقْل کی سواری تواضُع (یعنی عاجزی) ہے، تمہاری جہالت کیلئے یہی کافی ہے کہ تم عَقْل کی سواری کو اختِیار نہ کرو اور تمہاری عَقْل مندی کیلئے یہی کافی ہے کہ لوگ تمہارے شَر (یعنی بُرائی) سے محفوظ رہیں۔

(اللہ والوں کی باتیں ج۶ ص۱۳، حلیۃ الاولیاء ج ٦ ص ٦)

## لوگوں کو اپنے شر سے بچاؤ

سُبْحٰنَ اللہ! اِس واقِعے میں نہایت انمول **مَدَنی پھول** بیان ہوئے ہیں اور آخری مَدَنی پھول ''تمہاری عقل مندی کیلئے یہی کافی ہے کہ لوگ تمہارے شَر سے محفوظ رہیں'' بھی خوب ہے۔ اِس سلسلے میں کچھ مَدَنی پھول پیش کئے جاتے ہیں: **اللہ** پاک کے پیارے پیارے نبی، مکّی مَدَنی محمدِ عربی صَلَّی اللہُ علیہ والہٖ وسلَّم نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا: ''لوگوں کو شَر (یعنی بُرائی) سے بچائے رکھو کیونکہ یہ صَدقہ ہے جو تم اپنی جان کیلئے دو گے۔'' (بخاری ج۲ ص ۱۵۰ حدیث ۲۵۱۸ مختصراً)

**شَرحِ حدیث:** مرآت میں ہے: یعنی کوشش کرو کہ تم سے کسی کو نُقصان نہ پہنچے۔ (مرآت ج۵ ص۱۸۱)

**شیخ عبدُالحق مُحدِّث دِہلوی** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ اس حدیثِ پاک کی وضاحت میں فرماتے ہیں: بُرائی کا ترک کرنا ایسی چیز ہے جس کے ذَرِیعے تم اپنے اوپر صَدقہ کرتے ہو یعنی ''کسی کے ساتھ بُرائی نہ کرنا'' بھی نیک کام ہے، جب کہ بُرائی پر



www.dawateislami.net

قدرت بھی ہو۔لوگوں پر صَدقہ کرنا دراصل اپنی ذات ہی پر صَدقہ کرنا ہے اس لئے فرمایا کہ تم اپنی ذات پر صَدقہ کرتے ہو۔ (اشعۃ اللمعات ج۳ص۲۰۳)

## شَر سے بچانے کی فضیلت

**فرمانِ مصطفٰے** صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم: تمہارا بھلا شخص وہ ہے جس سے خیر (یعنی بھلائی) کی اُمّید کی جائے اور اس کے شَر (یعنی بُرائی) سے اَمْن ہو، اور تمہارا بُرا شخص وہ ہے جس سے خیر (یعنی بھلائی) کی اُمّید نہ کی جائے اور اس کے شَر (یعنی بُرائی) سے اَمْن نہ ہو۔

(ترمذی ج ٤ ص ١١٦ حدیث ٢٢٧٠ سے مختصراً)

**شَرحِ حدیث:** حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ حدیثِ پاک کے اس حصّے: ''جس سے خیر (یعنی بھلائی) کی اُمّید کی جائے اور اس کے شَر (یعنی برائی) سے اَمْن ہو'' کی وضاحت میں فرماتے ہیں: یعنی قدرتی طور پر لوگوں کے دلوں میں اس کی طرف سے اِطمینان ہو کہ یہ شخص کسی کو تکلیف نہیں دیتا، ہوسکتا ہے تو خیر (یعنی بھلائی) ہی کرتا ہے۔ اِس حصّۂ حدیث: ''جس سے خیر کی اُمّید نہ کی جائے اور اس کے شَر سے اَمْن نہ ہو'' کے مُتعلِّق مفتی صاحب فرماتے ہیں: یعنی قدرتی طور پر لوگ اس سے ڈرتے ہوں کہ یہ شخص خطرناک ہے اس سے بچو، اس سے خیر (یعنی بھلائی) نہ پہنچے گی شَر (یعنی بُرائی) ہی پہنچے گی۔ (مرآت ج٦ص٥٧٩)

## جنّت میں لے جانے والے تین اعمال

حضرت سیِّدُنا ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سرکارِ دو عالَم صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص حلال کھائے، سنّت پر عمل کرے اور لوگ اس کے فِتنوں سے مَحفوظ رہیں وہ جنّت میں داخل ہوگا۔'' ایک شخص نے عرض کی: یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم! آج کل بَہُت سے ایسے لوگ ہیں۔ ارشاد فرمایا: ''میرے بعد والے زمانوں میں بھی ہوں گے۔'' (ترمذی ج ٤ ص ٢٣٣ حدیث ٢٥٢٨)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　صلَّی اللہُ علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

# (22) ہر بے کار بات پر ایک درہم خیرات

**ایک** بُزُرگ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نَفْس سے عَہْد کیا کہ میرے منہ سے جو بھی لایعنی (یعنی بے کار) بات نکلے گی میں اس کے بدلے دو رَکعت (نَفل) ادا کروں گا، لیکن یہ کام مجھ پر آسان رہا، پھر میں نے خود پر ہر بے کار بات کے بدلے ایک (نَفل) روزہ رکھنا لازِم ٹھہرالیا، یہ بھی مجھے آسان معلوم ہوا اور بے کار باتوں سے رکا نہیں یہاں تک کہ میں نے ہر بے کار بات کے بدلے اپنے اوپر ایک دِرْہم خیرات کرنا لازِم کرلیا تو یہ کام نَفْس پر مشکل بن گیا اور آخر کار میں بے کار باتیں کرنے سے رُک ہی گیا۔ (قوت القلوب (اردو) ج۱ ص ۴۶۱، قوت القلوب ج ۱ ص ۲۰۲)

## 20 سال تک مسلسل کوشش

**اِس واقعے میں!** فُضول باتوں کی عادت نکالنے کا بہترین نُسخہ بیان ہوا۔انسان اگر کسی بات کو اپنے اوپر سنجیدہ لے اور سچّے دل سے کوشش کرے تو اللہ پاک کے کرم سے کامیابی مل ہی جاتی ہے۔کہا جاتا ہے: مَا ثَبَتَ نَبَطَ۔ یعنی ”جو جما رہا وہ اُگ ہی جاتا ہے۔“ مطلب یہ کہ بھرپور کوشش کرتے رہنے سے کامیابی مِل جاتی ہے۔اِحیاءُ الْعُلُوم میں ہے: بعض بزرگوں کا کہنا ہے: میں نے 20 سال تک قراٰنِ کریم (پڑھنے میں) ریاضت (یعنی محنت ومشقّت) کی اور 20 سال تک اس سے نَفْع اٹھایا۔ (دیکھئے: احیاء العلوم (اردو) ج۱ ص۹۰۲)

## کوشش کے متعلق آیتِ قراٰنی

**اے عاشقانِ رسول!** کسی اچھے یا دینی کام میں کامیابی ملنے میں تاخیر (یعنی LATE) ہونے پر مایوس ہونے کے بجائے صَبْر و ہمّت کے ساتھ کوشش جاری رکھنی چاہئے۔ کوشش کے متعلق پارہ 21 سُوْرَةُ الْعَنْکَبُوْت آیت 69 میں ارشادِ الٰہی ہے:

وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَاؕ

آسان ترجمۂ قرآن کنزُ العِرفان: اور جنہوں نے ہماری راہ میں کوشش کی ضرور ہم انہیں اپنے راستے دکھادیں گے۔



www.dawateislami.net

## راہِ خدا میں کوشش کرنے والوں کو خوش خبری

”صِراطُ الْجِنان“ میں ہے: اس آیت کے معنٰی بَہُت وسیع ہیں، اس لئے مُفَسِّرین نے مختلف انداز میں اسے تعبیر کیا ہے۔ یہاں چار اَقْوال بیان کئے جاتے ہیں: (1) حضرت عبدُاللّٰہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس (مُبارَک آیت) کے معنٰی یہ ہیں کہ جنہوں نے ہماری اِطاعت (یعنی فرماں برداری) کرنے میں کوشش کی، ہم ضَرور انہیں اپنے ثواب کے راستے دکھا دیں گے (2) حضرت جنید رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: اس کے معنٰی یہ ہیں کہ جو لوگ توبہ کرنے میں کوشش کریں گے، ہم ضَرور انہیں اِخلاص کے راستے دکھا دیں گے (3) حضرت فُضَیل بن عِیاض رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: اس کے معنٰی یہ ہیں کہ جو لوگ عِلْم حاصل کرنے میں کوشش کریں گے، ہم ضَرور انہیں عمل کی راہیں دکھا دیں گے (4) حضرت سَہْل بن عبدُاللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ فرماتے ہیں: اس کے معنٰی یہ ہیں کہ جو سنّت کو قائم کرنے میں کوشش کریں گے، ہم انہیں جنّت کے راستے دکھا دیں گے۔ (تفسیر مدارک ص۸۹۹، تفسیر خازن ج۳ص۴۵۷ ملتقطاً)

یہ آیتِ کریمہ شریعت وطریقت کی جامع ہے یعنی جو توبہ میں کوشش کریں گے انہیں اِخلاص کی، جو طَلَبِ عِلْم میں کوشاں (یعنی کوشش کرنے والے) ہوں گے انہیں عمل کی، جو اِتّباعِ سنّت میں (یعنی راہِ سنّت پر چلنے کی) کوشش کریں گے انہیں جنّت کی راہ دکھا دیں گے۔ حق تعالیٰ تک پہنچنے کے اتنے راستے ہیں جتنے تمام مخلوق کے سانس ہیں۔

(صراط الجنان ج ۷ ص ۴۰۹ تا ۴۱۰)

## کم ذہین طالبِ عِلْم بہت بڑے امام بن گئے (واقعہ)

کروڑوں حنفیوں کے عظیم پیشوا حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ نے اپنے شاگردِ رشید حضرت امام ابو یُوسُف رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ سے فرمایا: ”تم تو بَہُت کم ذہین (LESS INTELLIGENT) تھے مگر تمہاری کوشش اور اِستِقامت (یعنی مضبوطی سے جمے رہنے) نے تمہیں آگے بڑھایا۔“ (راہ علم ص ۵۳) عَرَبی کہاوت ہے:


www.dawateislami.net

مَنْ جَدَّ وَجَدَ یعنی ’’جس نے کوشش کی اُس نے پالیا۔‘‘

## بادشاہ اور چیونٹی (واقِعہ)

کہتے ہیں کہ ایک بادشاہ نے کسی علاقے کو فتح کرنے کیلئے چھ سے زیادہ بار حملے کئے مگر وہ علاقہ فتح کرنے میں ناکام رہا۔ جب اس کا آخِری حملہ بھی ناکام ہوگیا تو وہ تھک ہار کر مایوسی کی حالت میں کمرے میں آرام کرنے کی غرض سے لیٹ گیا۔ لگاتار ناکام ہوجانے والے حملوں کا سوچتے ہوئے اچانک اس کی نظر کمرے کی دیوار پر چڑھتی ایک چیونٹی پر پڑی۔ جو بار بار گرنے کے باوجود دیوار پر چڑھنے کا ارادہ ترک نہیں کر رہی تھی۔ کئی بار تو وہ دیوار (Wall) کے آخری سرے کے بہُت ہی قریب پہنچ جاتی مگر پھر نیچے گر جاتی اور دوبارہ سے دیوار پر چڑھنے کی کوشِش میں لگ جاتی۔ آخر درجن بھر (یعنی 12) سے زائد کوششوں کے بعد وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ اس بادشاہ نے جب چیونٹی کی ایسی لگاتار کوشِش دیکھی تو اس نے سمجھ لیا کہ **کوشِش کامیابی کی کُنجی ہے** اس کے بعد اس بادشاہ نے نئے جوش و جذبے سے پھر حملہ کیا اور اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کی۔

وہ کونسا عُقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا　　ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

**الفاظ و معانی: عُقدہ:** گانٹھ، گرہ۔ **وا:** کھلا ہوا۔ کُشادہ۔

**شِعْر کا مطلب:** وہ کون سی گانٹھ ہے جو کھل نہیں سکتی، آدمی ہمّت کرے تو وہ کون سا کام ہے جو نہیں ہوسکتا!

## بلّی نے کمال کردیا!

**تابِعی** بُزُرگ حضرتِ شَعْبی رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: (سلطنتِ بنواُمَیّہ کا گورنر) زِیاد کے غلام و دربان (گارڈ) ’’عَجْلان‘‘ نے مجھے بتایا کہ زِیاد جب گھر سے نکلتا تو میں اس کے آگے آگے مسجِد تک جاتا اور مسجِد میں داخِل ہونے کے بعد بھی اس کی نِشَسْت گاہ (یعنی بیٹھک) تک آگے آگے ہی چلتا، ایک دن وہ نِشَسْت گاہ (یعنی بیٹھک) میں داخِل ہوا تو ایک بِلّی (CAT) کو دیکھا جو گھر کے ایک کونے



www.dawateislami.net

میں بیٹھی تھی، میں اسے بھگانے کے لئے گیا تو زِیاد نے کہا: اسے چھوڑ دو، دیکھیں کیا کرتی ہے۔ پھر اُس نے ظُہر کی نماز پڑھی اور لوٹ آیا پھر ہم عَصر پڑھ کر نِشَست گاہ لوٹے تو بِلّی کو وہیں موجود پایا، غُروبِ شَمس (یعنی سُورج ڈوبنے) سے تھوڑا پہلے ایک چوہا نکلا تو بِلّی نے جھپٹا مار کر اسے دبوچ لیا۔ زِیاد نے کہا: جسے کوئی حاجت ہو تو وہ اس بِلّی کی طرح مُستَقِل مزاجی سے (یعنی خوب جم کر) اس میں لگا رہے (یعنی کوشش جاری رکھے) اسے کامیابی مل جائے گی (اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم)۔

(اللہ والوں کی باتیں ج ٤ ص ٣٩٤)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

## (23) تُم اپنی خاموشی پر فخر کرنا

حضرت لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے اپنے صاحبزادے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب لوگ اپنے خوبصورت کلام (یعنی بنی سجی گفتگو) پر فَخر کر رہے ہوں تو تم اُن کے ساتھ مت مل جانا بلکہ تم اُس وَقت اپنی **خاموشی** پر فَخر (یعنی ناز) کرنا۔

(المستطرف ج ١ ص ١٤٧)

### مدنیہ: خاموشی میں کمال ہے!

**اے عاشقانِ رسول!** حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے حِکمت بھرے مَدَنی پھول کے بھی کیا کہنے! واقعی یہ حقیقت ہے کہ چکنی چُپڑی، لچھے دار، خوبصورت الفاظ سے سجی ہوئی باتیں کرنا ہرگز کمال نہیں، کمال تو یہ ہے کہ فُضول بولنے کی شدید خواہِش کے باوجود آدمی صِرف رضائے الٰہی کے لئے **خاموشی** اختِیار کرے۔ **اللہ** کریم ہمیں بھی **خاموشی** والا کمال نصیب فرمائے، اٰمین۔ ثواب سے خالی، خوبصورت گفتگو کسی کام کی نہیں۔ حضرت مالِک بن دینار رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: تم کبھی ایسے شخص سے ملتے ہو جس کی گُفتگو میں (عَرَبی قَواعد کے اعتِبار سے) ایک حرف کی بھی غَلَطی نہیں ہوتی مگر اس کے اعمال غلطیوں سے



www.dawateislami.net

بھرے پڑے ہوتے ہیں۔(مسندابراهيم بن ادهم ص ٣٣ قول نمبر ٢٤) حضرت ابراہیم بن اَدْہم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ہم نے اپنی گُفتگو کوعُمدہ بنایا اوراس میں کوئی غَلَطی نہ کی، لیکن اپنے اعمال میں غَلَطی کی اسے دُرُست نہ کیا۔(المجالسة وجواهر العلم ج١ ص٣٣٢ قول نمبر ٨٥١)

## (24) پرندہ بول کر پھنس گیا!

حضرتِ مَخْلَد رَحْمَۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: بنی اسرائیل میں ایک شَخْص تھا جو اکثر **خاموش** رہا کرتا تھا۔ بادشاہ نے اس کی وجہ پوچھنے کے لئے کسی کو اس کے پاس بھیجا مگر اُس نے کوئی بات نہ کی، پھر بادشاہ نے لوگوں کے ساتھ اُسے شِکار کے لئے بھیجا شاید کوئی شِکار نظر آئے تو وہ بولے۔ لوگوں نے ایک پرندے کو زور سے چلاتے دیکھا تو جلدی سے اُس کی طرف باز چھوڑا جس نے جا کر اُسے پکڑ لیا۔ یہ دیکھ کر اُس شَخْص نے کہا: ہر شے کے لئے **خاموشی اچھی** (کہ اس میں سلامتی) ہے یہاں تک کہ پرندوں کے لئے بھی۔ (ایک چپ سو سکھ (خاموشی کے فضائل) ص٢٢)

## (25) ”بہت اَفسوس ہوا“ کہنا

**حُضُور مفتیِ اعظم ہند،** (شہزادۂ اعلیٰ حضرت مولانا) مصطفٰے رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کا جو بھی جُملہ زَبان سے نکلتا وہ چَجا تُلا (یعنی ٹھیک۔ دُرُست) ہوتا، جب بھی کسی کے بارے میں سُنتے کہ اس کا اِنْتِقال ہوگیا ہے تو فوراً دُعائے مغفِرت کے لیے ہاتھ اُٹھ جاتا۔ اِس طرح کے بَہُت سے خُطُوط بھی حضرت کی خِدمت میں آتے۔ ایک مرتبہ کسی کے تعزیتی خط کا جواب لکھنا تھا، مفتی مجیبُ الْاِسلام صاحب سے فرمایا کہ جواب لکھ دیں، میں دَسْتخَط کر دیتا ہوں۔ چنانچہ مفتی صاحِب نے جواب لکھا کہ ”آپ کا خط مِلا صاحب زادے کے اِنْتِقال کی خبر پڑھ کر **بَہُت اَفسوس** ہوا۔“ حضرت نے جواب سُننے کے بعد فوراً ٹوکا، **بَہُت اَفسوس تو نہیں ہوا، ہاں اَفسوس** ہوا۔ (جہانِ مفتی اعظم ص ٣١٩)



www.dawateislami.net





**اے عاشقانِ رسول!** یہ تھی **ولیُّ اللہ** اور سچّے عاشقِ رسول کی لکھنے بولنے میں اِحتیاط! ہمیں بھی مُحتاط الفاظ بولنے کی عادت بنانی چاہئے، مثلاً کسی کے والِد صاحِب کے اِنتِقال پر اس طرح کے الفاظ کہنا کہ مجھے آپ کے ابّو جان کے اِنتِقال کی خبر سے سَخْت دَھچکا لگا، بَہُت صَدمہ ہوا، میں بَہُت اُداس ہوگیا، مجھے سَخْت اَفسوس ہے، یہ تمام جُملے بھی قابلِ غور ہیں اگر دل کی کیفیّت ایسی نہ ہونے کے باوجود کسی نے اِرادۃً اس طرح کے جُملے کہے تو اس نے جھوٹ بولا اور گناہ گار اور عذابِ نار کا حقدار ہوا۔

## ”بے حد بخار ہے“ کہنا کیسا؟

حُضور مفتیِ اعظم ہند رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کو اپنے والِدِ محترم اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے فَیضان سے لکھنے بولنے میں اِحتِیاط کی تربیَت حاصل ہوئی تھی، حُضُور اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ بھی نہایت مُحتاط الفاظ اِستعمال فرماتے چنانچہ ”**مَلْفُوظاتِ اعلیٰ حضرت**“ صَفحہ 325 پر ہے: بعدِ عَصر کسی صاحِب نے ایک مریض کا ذِکر کرتے ہوئے (اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ علیہ سے) عَرض کیا کہ ”بے حد بُخار ہے۔“ اِس پر ارشاد فرمایا: بے حد بُخار کے تو یہ معنٰی ہیں کہ: اس کی اِنتہا ہی نہیں! کبھی اُترے گا ہی نہیں! کوستے تو آپ خود ہیں۔ (پھر فرمایا:) **سُوْرَۃُ الْمُجَادَلَہ** جو 28ویں پارے کی پہلی سورت ہے بعدِ عَصر تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پلائیے۔

**یاربَّ الْمُصطَفٰی!** ہمیں اپنے قیمتی اوقات کا قَدر دان بنا، فُضُول کاموں اور بے کار باتوں سے بچا اور زندگی بھر نیکیاں کرتے رہنے اور گُناہوں سے بچے رہنے کی توفیق عطا فرما۔ **اٰمِین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن** صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد**

غمِ مدینہ، بقیع، مغفرت اور بے حساب جنّتُ الفردوس میں آقا کے پڑوس کا طالب

رمضان شریف ١٤٤٣ھ
اپریل 2022

میرا ہر عمل بس ترے واسطے ہو
کر اخلاص ایسا عطا یاالٰہی!



www.dawateislami.net

# مآخذ و مراجع

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآنِ پاک | کلامِ الٰہی | ☆☆☆☆☆ |
| | **کتاب** | **مصنف/مؤلف** | **مطبوعہ/سال اشاعت** |
| 2 | ترجمۂ کنزالعرفان | مفتی ابوصالح محمد قاسم قادری مدظلہ العالی | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱٤٤۳ھ |

## کتب تفسیر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | تفسیر طبری | علامہ ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۲۰ھ |
| 4 | تفسیر بغوی | امام ابومحمد حسین بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۱٤ھ |
| 5 | تفسیر درمنثور | امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ | دارالفکر بیروت ۱٤۰۳ھ |
| 6 | تفسیر خازن | علامہ علاء الدین علی بن محمد بغدادی رحمۃ اللہ علیہ | مصر ۱٤۱۷ھ |
| 7 | تفسیر روح البیان | شیخ اسماعیل حقی بروسی رحمۃ اللہ علیہ | داراحیاء التراث العربی بیروت |
| 8 | تفسیر ابوسعود | علامہ ابوسعود محمد بن مصطفٰی عمادی رحمۃ اللہ علیہ | دارالفکر بیروت |
| 9 | تفسیر مدارک | علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی رحمۃ اللہ علیہ | دارالمعرفہ بیروت ۱٤۲۱ھ |
| 10 | تفسیر صاوی | علامہ احمد بن محمد صاوی رحمۃ اللہ علیہ | دارالفکر بیروت ۱٤۲۱ھ |
| 11 | تفسیر خزائن العرفان | علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱٤۲۹ھ |
| 12 | صراط الجنان فی تفسیر القران | مفتی ابوصالح محمد قاسم قادری مدظلہ العالی | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱٤۳۵ تا ۱٤۳۷ |

## کتب حدیث

| | | | |
|---|---|---|---|
| 13 | صحیح بخاری | امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۱۹ھ |
| 14 | صحیح مسلم | امام مسلم بن حجاج قشیری رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتاب العربی بیروت ۱٤۲۷ھ |
| 15 | سنن ترمذی | امام محمد بن عیسٰی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ | دارالفکر بیروت ۱٤۱٤ھ |
| 16 | سنن نسائی | امام احمد بن شعیب نسائی رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۲٦ھ |
| 17 | سنن ابوداود | امام سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ | داراحیاء التراث العربی بیروت ۱٤۲۱ھ |
| 18 | سنن ابن ماجہ | امام محمد بن یزید قزوینی رحمۃ اللہ علیہ | دارالمعرفہ بیروت ۱٤۲۰ھ |
| 19 | موطا امام مالک | امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ | // ۱٤۲۰ھ |
| 20 | مسند امام احمد بن حنبل | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ | دارالفکر بیروت ۱٤۱٤ھ |
| 21 | شعب الایمان | امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۲۱ھ |
| 22 | الفردوس بمأثور الخطاب | امام شیرویہ بن شہردار دیلمی رحمۃ اللہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱٤۰٦ھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 23 | معجم کبیر | امام سلیمان بن احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ | دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۴۲۲ھ |
| 24 | معجم صغیر | // | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۰۳ھ |
| 25 | شرح السنۃ | امام ابو محمد الحسین بن مسعود بغوی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۴ھ |
| 26 | مصنف عبد الرزاق | امام ابوبکر عبد الرزاق بن ہمام صنعانی رحمۃ اللہ علیہ | // ۱۴۲۱ھ |
| 27 | الزہد | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ | دار الغد الجدید مصر ۱۴۲۶ھ |
| 28 | الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان | علامہ امیر علاء الدین علی بن بلبان فارسی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۱۷ھ |
| 29 | جامع صغیر | امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ | // ۱۴۲۵ھ |
| 30 | مشکوۃ | علامہ محمد بن عبد اللہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۴ھ |
| 31 | حلیۃ الاولیاء | علامہ ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ | // ۱۴۱۸ھ |
| 32 | اللہ والوں کی باتیں (ترجمہ حلیۃ الاولیاء) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ۱۴۳۱ تا ۱۴۳۶ھ |
| 33 | کتاب التوبۃ | امام عبد اللہ بن محمد، ابوبکر بن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ | المکتبۃ العصریہ بیروت ۱۴۲۶ھ |
| 34 | حسن الظن باللہ | // | // |
| 35 | الصمت | // | // |
| 36 | عمل الیوم واللیلۃ | امام احمد بن محمد المعروف ابن السُّنِّی رحمۃ اللہ علیہ | دار ابن حزم بیروت ۱۴۲۷ھ |
| 37 | مسند ابراہیم بن ادہم | حافظ محمد بن اسحاق المعروف بابن مندۃ رحمۃ اللہ علیہ | مکتبۃ القران |

## کتب شروحات حدیث

| | | | |
|---|---|---|---|
| 38 | الاستذکار | امام یوسف بن عبد اللہ محمد بن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ | دار احیاء التراث العربی ۱۴۲۱ھ |
| 39 | التمہید | امام یوسف بن عبد اللہ محمد بن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۱۹ھ |
| 40 | فتح الباری | امام حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۵ھ |
| 41 | فیض القدیر | علامہ محمد عبد الرءوف مناوی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۲ھ |
| 42 | التیسیر | // | مکتبہ امام شافعی ریاض ۱۴۰۸ھ |
| 43 | اشعۃ اللمعات | شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ | کوئٹہ ۱۴۳۱ھ |
| 44 | مرقاۃ المفاتیح | علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ | دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ |
| 45 | السراج المنیر | علامہ علی بن احمد بن محمد عزیزی رحمۃ اللہ علیہ | مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ |
| 46 | مراٰۃ المناجیح | مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ | ضیاء القران پبلی کیشنز لاہور |
| 47 | نزہۃ القاری شرح صحیح بخاری | مفتی محمد شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ | فرید بک اسٹال لاہور ۱۴۲۱ھ |



www.dawateislami.net

## کتب فقہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 48 | فتاوٰی رضویہ | اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللّٰہ علیہ | رضا فاؤنڈیشن لاہور ١٤١٢تا١٤٢٣ھ |
| 49 | بہارِ شریعت | مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللّٰہ علیہ | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٧ھ |
| 50 | غیبت کی تباہ کاریاں | (علامہ مولانا) محمد الیاس عطار قادری رضوی (دامت برکاتہم العالیہ) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٠ھ |

## کتب تاریخ وسیرت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 51 | شمائل ترمذی | امام محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللّٰہ علیہ | داراحیاء التراث العربی بیروت ١٤٢١ھ |
| 52 | تاریخ بغداد | حافظ ابوبکر احمد بن علی معروف بہ خطیب بغدادی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ١٤١٧ھ |
| 53 | ابن عساکر | علامہ ابوالقاسم علی بن حسن رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالفکر بیروت ١٤١٦ھ |
| 54 | الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ | حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ١٤١٥ھ |
| 55 | مناقب امام احمد بن حنبل | امام عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللّٰہ علیہ | مکتبۃ الخانجی مصر ١٣٩٩ھ |
| 56 | سیرت ابن عبدالحکم | ابومحمد عبدُاللّٰہ بن عبدالحکم رحمۃ اللّٰہ علیہ | مکتبہ وہبہ |
| 56 | تذکرۃ الاولیاء | شیخ فریدالدین محمد عطار رحمۃ اللّٰہ علیہ | انتشارات گنجینہ تہران |
| 57 | الملفوظ | مفتی اعظم ہند مصطفٰی رضا خان رحمۃ اللّٰہ علیہ | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٦ھ |
| 58 | جہانِ مفتی اعظم | علامہ محمد احمد مصباحی اعظمی، علامہ عبدالمبین نعمانی مصباحی، مولانا مقبول احمد سالک مصباحی | رضا اکیڈمی ممبئی |

## کتب تصوف واخلاق وغیرہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 59 | ادب الدنیا والدین | ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ، بیروت ١٤٠٨ھ |
| 60 | کشف المحجوب | علامہ علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللّٰہ علیہ | لاہور |
| 61 | قوت القلوب | شیخ ابوطالب محمد بن علی مکی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ١٤٢٦ھ |
| 62 | قوت القلوب (اردو) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٤ھ |
| 63 | تنبیہ المغترین | علامہ عبدالوہاب بن احمد شعرانی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالمعرفہ بیروت ١٤٢٥ھ |
| 64 | احیاء العلوم | امام ابوحامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارصادر بیروت ٢٠٠٠ء |
| 65 | احیاء العلوم (اردو) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٣تا١٤٣٦ھ |
| 66 | منہاج العابدین | امام ابوحامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت |
| 67 | منہاج العابدین (اردو) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٨ھ |
| 68 | اتحاف السادۃ المتقین | علامہ سید محمد بن محمد حسینی زبیدی رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالکتب العلمیۃ بیروت |
| 69 | لواقح الانوار القدسیہ | امام عبدالوہاب بن احمد حنفی شعرانی رحمۃ اللّٰہ علیہ | داراحیاء التراث العربی بیروت |



www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| 70 | المجالسة وجواہر العلم | حافظ ابوبکر احمد بن مروان دینوری مالکی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ١٤٢١ھ |
| 71 | حدیقہ ندیہ | علامہ عبد الغنی نابلسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ | پشاور |
| 72 | اصلاحِ اعمال (ترجمہ حدیقہ ندیہ) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ ١٤٣١ھ |
| 73 | تنبیہ الغافلین | فقیہ ابو اللیث نصر بن محمد سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ | پشاور ١٤٢٠ھ |
| 74 | القول البدیع | امام حافظ محمد بن عبد الرحمٰن سخاوی رحمۃ اللہ علیہ | مؤسسۃ الریان ١٤٢٢ھ |
| 75 | مثنوی مولوی معنوی | مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ | انتشارات ایران یاران ١٣٩٠ھ |
| 76 | مکاشفۃ القلوب | منسوب بہ امام ابو حامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت |
| 77 | حسن السمت فی الصمت | امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ١٤٠٧ھ |
| 78 | ایک چپ سو سکھ (ترجمہ حسن السمت) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ ١٤٣١ھ |
| 79 | باطنی بیماریوں کی معلومات | مؤلفین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٥ھ |
| 80 | المنن الکبریٰ | علامہ عبد الوہاب بن احمد بن علی احمد شعرانی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ١٤٢٦ھ |
| 81 | حصن حصین | امام محمد بن محمد ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ | المکتبۃ العصریۃ ١٤٢٦ھ |
| 82 | الحرز الثمین | علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ | ریاض ١٤٣٤ھ |
| 83 | صید الخاطر | امام عبد الرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ | مکتبہ نزار مصطفٰی الباز |
| 84 | سرور القلوب | علامہ مولانا نقی علی خان رحمۃ اللہ علیہ | شبیر برادرز ١٤٠٥ھ |
| 85 | المنبہات | حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ | پشاور |
| 86 | المستطرف | علامہ شہاب الدین محمد بن احمد مَحَلِّی شافعی رحمۃ اللہ علیہ | دار الفکر بیروت ١٤١٩ھ |
| 87 | دین ودنیا کی انوکھی باتیں (ترجمہ مستطرف) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٨ھ |
| 88 | عیون الحکایات | امام عبد الرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ١٤٢٦ھ |
| 89 | عیون الحکایات (اردو) | مترجمین شعبۂ تراجم المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی) | مکتبۃ المدینہ ١٤٢٨ھ |
| 90 | گلستان سعدی | شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ | انتشارات عالمگیر کتاب خانہ ایران |
| 91 | راہ علم | مولانا علی اصغر عطاری مدنی مدظلہ العالی | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣١ھ |

## کتب لغت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 92 | کتاب التعریفات | علامہ سید شریف علی بن محمد جرجانی رحمۃ اللہ علیہ | دار المنار لبنان |

## منظوم کلام

| | | | |
|---|---|---|---|
| 93 | ذوق نعت | علامہ مولانا حسن رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٩ھ |
| 94 | وسائل بخشش | (علامہ مولانا) محمد الیاس عطار قادری رضوی (دامت برکاتھم العالیہ) | مکتبۃ المدینہ کراچی ١٤٣٧ھ |



www.dawateislami.net

# جامعات المدینہ کی کیا بات ہے[1]

(۲۶ ربیع الاول ۱۴۴۳ھ/02-11-2021)

ہم پہ مولیٰ کا فَضْل و کرم ہو گیا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
مرحبا! ہوگئی رَحْمتِ مصطَفٰے، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
ہر طرف عِلْم کا نُور بڑھنے لگا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
کم ہے جتنا کریں شکر رب کا ادا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے[2]
جو یہاں آ کے تعلیم حاصِل کرے، تیرا لُطْف و کرم اُس پہ دائم رہے
اُس کا سینہ خَزِینہ بنے عِلْم کا جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
جامِعات الْمدینہ میں پڑھتے ہیں جو، یاخُدا! حافِظہ ان کا مضبوط ہو
وہ نہ اُکتائیں اُن کا رہے دل لگا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
جامِعات الْمدینہ میں پڑھنے کو جو، آئے خوب اُس کا ایمان مضبوط ہو
عشقِ احمد کی سوغات وہ پائے گا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
جامِعاتُ الْمدینہ کا ہر مُنسلِک، نیکیوں میں ہمیشہ رہے مُنہمِک
یاالٰہی! گُناہوں سے اُس کو بچا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
عالِمِ دیں بنو، دل لگا کر پڑھو، رب کی رَحْمت سے تم اچھے مفتی بنو
خوب خدمت کرو دین کی تم سدا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
تم یہاں آ کے پاؤ گے عشقِ نبی، آل و اصحاب کی چاہ بڑھ جائے گی
آؤ پاؤ گے تم اُلْفتِ اولیا، جامعاتُ المدینہ کی کیا بات ہے
طالبِ عِلْم جو بھی مُبَلِّغ بنے، خواب میں مصطَفٰے کی زیارت کرے
یاخُدا! اُس سے راضی تو رہنا سدا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
ہر مُدَرِّس کو اور طالبِ عِلْم کو، مولا مکّے مدینے کا دیدار ہو
اَز پئے غوث و خواجہ و احمد رضا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے
جامِعاتُ الْمدینہ کی جو خدمتیں، کرتے ہیں، اُن پہ اللہ کی رَحْمتیں
خوب برسیں یہ عطّار کی ہے دعا، جامِعاتُ الْمدینہ کی کیا بات ہے

---

[1]: اَلْحَمْدُ لِلّٰہ جامِعاتُ الْمدینہ کے آغاز کو 25 سال ہونے پر اس کی "سِلْوَر جُوبلی" کے پُرمَسرّت موقع پر یہ کلام لکھا گیا۔

[2]: مَطْلعِ ثانی کسی اور اسلامی بھائی کا موزوں کردہ ہے۔۔سگِ مدینہ عُفِیَ عنہ



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ ۔

# شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار

**فرمانِ امام محمد غزالی** رَحْمَۃُ اللہِ علیہ: انسان کو بہکانے میں زبان شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ (احیاء العلوم ج ۳ ص ۱۲۲) حضرتِ لُقمان حکیم رَحْمَۃُ اللہِ علیہ کے آقا نے کہا: بکری ذبح کر کے اس کے سب سے **بہترین دو حصّے** لے آیئے، آپ زبان و دل نکال کر لے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد آقا نے ان سے دوبارہ کہا: بکری ذبح کر کے اس کے سب سے **بدترین حصّے** لے آیئے، آپ نے پھر زبان و دل لا کر حاضر کر دیئے، آقا کے پوچھنے پر حضرتِ لُقمان رَحْمَۃُ اللہِ علیہ نے کہا: اگر زبان و دل صحیح ہوں تو سب سے بہتر ہیں اور اگر یہ بگڑ جائیں تو ان سے بڑھ کر بُری چیز کوئی نہیں۔

(تفسیرِ طَبَری ج ۱۰ ص ۲۰۹)



2-373-722-969-978
01013372

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92    0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net